★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★
ABC CERTIFIED
DAILY QUWAT LAHORE
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی
جلد نمبر 15 منگل 24 رمضان المبارک 1446ھ، 25 مارچ 2025ء، 11 چیت 2081 ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) شمارہ نمبر 147
Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

# ڈیرہ غازی خان، پولیس چیک پوسٹ پر خوارجی دہشتگردوں کا حملہ ناکام

جھنگی پولیس چیک پوسٹ پر 20 سے 25 دہشتگردوں نے رات کی تاریکی میں حملہ کیا، دہشت گردوں نے راکٹ لانچرز، جدید خودکار اسلحہ کا استعمال کیا، جوابی کارروائی سے دہشت گرد پسپا ہو کر فرار، ترجمان پنجاب پولیس

آر پی او ڈیرہ غازی خان سجاد منج نے آپریشن کی قیادت کی، ڈی پی او ڈیرہ غازی خان سید علی بھی موقع پر موجود تھے، پنجاب پولیس کے دلیر جوانوں نے بہادری سے خوارجی دہشت گردوں کا مقابلہ کیا، وزیر داخلہ محسن نقوی

ڈیرہ غازی خان‘ اسلام آباد (این این آئی) پولیس نے ڈیرہ غازی خان کے سرحدی تھانہ وہوا کی جھنگی چیک پوسٹ پر خوارجی دہشت گردوں کا بڑا حملہ پسپا کر دیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے پولیس کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پنجاب پولیس کے دلیر جوانوں نے بہادری سے خوارجی دہشت گردوں کا مقابلہ کیا۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق خوارجی دہشت گردوں نے تھانہ وہوا کی جھنگی پولیس چیک پوسٹ پر 20 سے 25 (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

لاہور، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف جناح ہسپتال کا دورہ کر رہی ہیں

## مریم نواز کا صبح سویرے لاہور شہر کا اچانک دورہ، صفائی کی صورتحال کا جائزہ، ہربنس پورہ میں کھڑے فیلڈ ہسپتال پہنچ گئیں

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صبح سویرے لاہور شہر کا اچانک غیر علانیہ دورہ کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

## وزیرِ ریلوے حنیف عباسی کا اسلام آباد کیرج فیکٹری کا دورہ

وزیرِ موصوف نے فیکٹری میں تیار کی جانے والی مسافر کوچز کا معائنہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیرِ ریلوے حنیف عباسی نے اسلام آباد کیرج فیکٹری (ICF) کا تفصیلی دورہ کیا، یہ فیکٹری پاکستان ریلوے کے تحت سب سے بڑی صنعتی اکائی ہے جو وزارتِ ریلوے، حکومتِ پاکستان کے زیرِ انتظام چل رہی ہے، فیکٹری سالانہ 120 نئی مسافر کوچز تیار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

## ملک کے پہلے منتخب وزیر اعظم کو بعد از شہادت اعلیٰ ترین سول اعزاز ملنا تاریخی عمل ہے، شازیہ مری

شہید ذوالفقار علی بھٹو نے عوام کو سیاسی شعور دیا، سیاست کو ڈرائنگ روم سے سڑک اور ہر گلی میں پہنچانے کا کریڈٹ بھی پیپلز پارٹی کے بانی قائد کو جاتا ہے، سیکرٹری اطلاعات پیپلز پارٹی

شہید ذوالفقار علی بھٹو کیلئے نشانِ پاکستان کا اعزاز بھٹو ازم کے نظریئے اور جمہوریت کی فتح ہے، شہید ذوالفقار علی بھٹو کو نشانِ پاکستان کا اعزاز ملنا ان کی ملک کیلئے خدمات کا اعتراف ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی سیکرٹری اطلاعات شازیہ مری نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے بانی اور ملک کے پہلے منتخب وزیر اعظم کو بعد از شہادت اعلیٰ ترین سول اعزاز ملنا تاریخی عمل ہے۔ اپنے بیان میں شازیہ مری نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو کیلئے نشانِ پاکستان کا اعزاز بھٹو ازم کے نظریئے اور جمہوریت کی فتح ہے، شہید ذوالفقار علی بھٹو کو نشانِ پاکستان کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

## ڈپٹی اسپیکر پارلیمنٹ سے وفاقی وزرا کے غائب ہونے کی وزیر اعظم سے شکایت کر دی

غلام مصطفیٰ شاہ نے وزیر اعظم شہباز شریف اور وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری کو خط لکھ دیا، وزرا کی غیر حاضری کا تشویش ناک مسئلہ حل کریں: خط کا متن

وزرا اور پارلیمانی سیکرٹریز کا ایوان سے غائب رہنا پارلیمانی روایات کی کھلی خلاف ورزی ہے، وزرا کی غیر حاضری سے اہم نوعیت کے عوامی مسائل پر بات نہ ہو سکی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ نے وزیر اعظم شہباز شریف اور وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری کو خط لکھ کر پارلیمنٹ سے وفاقی وزرا کے غائب ہونے کی شکایت کر دی۔ ڈپٹی اسپیکر نے اپنے خط میں لکھا ہے کہ ایوان سے وقفہ سوالات کے دوران وزرا کی غیر حاضری کا تشویش ناک مسئلہ آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں۔ ڈپٹی اسپیکر نے اپنے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

# ملکی دفاع میں نمایاں کارکردگی، فوجی افسران میں اعزازات کی تقسیم

صدر مملکت نے فوجی افسران کو ہلال امتیاز (ملٹری) سے نوازا، کیپٹن عامر رضا کو بے مثال بہادری پر ستارہ بسالت، ایئر مارشل محمد سرفراز کو ہلال امتیاز (ملٹری)، ایئر مارشل کاظم حماد کو ہلال امتیاز (ملٹری) عطا کیا گیا

ایئر مارشل شکیل غضنفر، میجر جنرل سعید الرحمان، میجر جنرل طاہر مسعود احمد، میجر جنرل ندیم احمد، میجر جنرل سہیل امتیاز، میجر جنرل ذیشان احمد، میجر جنرل سہیل صابر کو بھی ہلال امتیاز (ملٹری) سے نوازا گیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) صدر مملکت نے ملکی دفاع میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران میں فوجی اعزازات تقسیم کر دیئے۔ ذرائع کے مطابق ایوان صدر میں فوجی اعزازات دینے کی تقریب منعقد ہوئی۔ آغاز پر قومی ترانے کی دھن پیش کی گئی۔ صدر مملکت آصف علی زرداری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

CAPTAIN
AMIR RAZA
PAKISTAN NAVY
NPM
اسلام آباد: صدر مملکت آصف علی زرداری کیپٹن سید عامر رضا کو اعلیٰ اعزاز تمغہ بسالت لگا رہے ہیں

## وزیر اعظم کی رمضان ریلیف پیکیج کا تھرڈ پارٹی آڈٹ کرنے کی ہدایت

ڈیجیٹل والٹ کے ماڈل کو دیگر حکومتی اسکیموں میں اپنایا جائے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے رمضان ریلیف پیکج کا تھرڈ پارٹی آڈٹ کرنے کی ہدایت کی ہے کہ رمضان ریلیف پیکج میں پیسے مستحقین تک ڈیجیٹل والٹ کے انتہائی سہل اور شفاف نظام کے ذریعے پہنچائے جا رہے ہیں؛ اس ماڈل کو دیگر حکومتی اسکیموں میں اپنایا جائے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وزیر اعظم کی زیر صدارت پرائم منسٹر رمضان ریلیف پیکج 2025 (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

## حکومت کا متحدہ عرب امارات کو پانچ اہم معدنی منصوبے پیش کرنے پر غور

معدنی وسائل سے استفادہ، سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے اپریل میں معدنی کانفرنس کا انعقاد کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) حکومت نے 8 ٹریلین ڈالر مالیت کے معدنی وسائل سے استفادہ، سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے اپریل میں معدنی کانفرنس کا انعقاد کرنے کا فیصلہ کیا ہے ایس آئی ایف سی کے تعاون سے ریکوڈک منصوبہ 2028 تک فعال، 5.5 بلین ڈالر سرمایہ کاری، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

## گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے اسمبلی سے منظور کردہ متعدد بلوں کی توثیق کر دی

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے پنجاب اسمبلی سے منظور کردہ متعدد بلوں کی توثیق کر دی۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف رمضان ریلیف پیکیج بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## مریم نواز کا سرکاری ہسپتالوں کے واجبات کی فوری ادائیگی کا حکم

سرکاری ہسپتال کے مریضوں کو کال کر کے فیڈ بیک لیا جائیگا، ہسپتالوں میں آپریشن اور ٹیسٹوں کیلئے ویٹنگ لسٹ کی مانیٹرنگ کی ہدایت

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سرکاری ہسپتالوں کے واجبات کی فوری ادائیگی کا حکم دے دیا اور فری میڈیسن کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے فوری اقدامات کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں میو ہسپتال کے انتظامی امور کا جائزہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد: وزیر اعظم کے معاون خصوصی ہارون اختر سے اینگرو کے چیئرمین حسین داؤد ملاقات کر رہے ہیں

## عدالت نے 4 مقدمات میں سلمان اکرم راجہ کی گرفتاری سے روک دیا

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی رہنما سلمان اکرم راجا کے خلاف 26 نومبر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

## لاہور ہائیکورٹ میں نظر بندی قانون معطل ہونے کا مرکزی کیس سماعت کیلئے مقرر

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے نظر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

## سرفراز بگٹی کی فضل الرحمان سے ملاقات، امن و امان کی صورتحال پر تبادلہ خیال

صوبے میں دیرپا امن اور ترقی کیلئے تمام سٹیک ہولڈرز کو مل کر کام کرنا ہوگا‘ وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران بلوچستان میں امن و امان اور مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، اس موقع پر جمعیت علمائے اسلام بلوچستان کی صوبائی قیادت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

## پاکستان سے پہلی حج پرواز کی یکم مئی کو روانگی، آپریشن 30 روز جاری رہے گا

آخری حج پرواز 30 مئی کو روانہ ہوگی، پی آئی اے سے 5 ایئر لائنز حصہ لیں گی

لاہور (این این آئی) پاکستان سے حج آپریشن کا شیڈول جاری کر دیا گیا، پہلی پرواز یکم مئی کو جبکہ آخری 30 مئی کو روانہ ہوگی۔ وزارت مذہبی امور کے ذرائع کے مطابق حج پروازوں کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

## جب عمران خان بلائیں گے تب ملنے جاؤں گا‘ شیر افضل مروت

میرا کسی پارٹی سے کوئی رابطہ نہیں، کوئی ملے تو سلام دعا کر لیتا ہوں، میڈیا سے بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ جب بانی پی ٹی آئی عمران خان بلائیں گے تب ملنے جاؤں گا، فتنہ پھیلانے والے کئی لوگ ہیں جو ملاقات میں رکاوٹ ڈالتے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے کامرس جام کمال خان سے ڈچ سفیر ہینی فوکل ملاقات کر رہی ہیں

## حکومت نے چینی کی قیمتوں میں اضافے کی خبروں کو بے بنیاد قرار دے دیا

مارکیٹ میں چینی کی قیمت 164 روپے فی کلو جبکہ یوٹیلیٹی اسٹورز پر 153 روپے فی کلو میں دستیاب ہے: وفاقی وزیر برائے غذائی تحفظ

اسحاق ڈار کی زیر صدارت کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جو چینی کی قیمتوں کی نگرانی کر رہی ہے، حکومت نے چینی کی قیمتوں پر قابو پانے کے لیے ایکشن لیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے غذائی تحفظ رانا تنویر حسین نے چینی کی قیمتوں میں اضافے کی خبروں کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ مارکیٹ میں چینی کی قیمت 164 روپے فی کلو جبکہ یوٹیلیٹی اسٹورز پر 153 روپے فی کلو میں دستیاب ہے۔ رانا تنویر حسین کا کہنا تھا کہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جو چینی کی قیمتوں کی نگرانی کر رہی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ حکومت نے چینی کی قیمتوں پر قابو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

# عمران خان سے ہفتے میں دو دن ملاقات بحال

میڈیا ٹاک نہ کرنیکا حکم، بانی پی ٹی آئی کی بچوں سے ملاقات کے لیے ٹرائل کورٹ کو درخواست دیں، قائم مقام چیف جسٹس کی ہدایت

جو بھی بانی پی ٹی آئی سے ملے گا وہ میڈیا ٹاک نہیں کرے گا، کوآرڈینیٹر سلمان اکرم راجہ جو نام دیں گے صرف وہی ملاقات کر سکے گا

اسلام آباد (کورٹ رپورٹر) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ہفتے میں دو دن منگل اور جمعرات جیل میں ملاقات بحال کرتے ہوئے میڈیا ٹاک نہ کرنے کا حکم دے دیا۔ جیل ملاقاتوں سے متعلق درخواستوں پر اسلام آباد ہائیکورٹ نے حکم دیا کہ جو بھی بانی پی ٹی آئی سے ملے گا وہ میڈیا ٹاک نہیں کرے گا اور عمران خان کے کوآرڈینیٹر سلمان اکرم راجہ جو نام دیں گے صرف وہی ملاقات کر سکے گا۔ قائم مقام چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

## بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانت میں 5 مئی تک توسیع

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی انسدادِ دہشت گردی کی عدالت نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

## سوشل میڈیا پر اداروں کو بدنام کرنے کا کیس ‘پی ٹی آئی کارکن کی ضمانت بعد از گرفتاری منظور

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے سوشل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

## حافظ آباد ہسپتال میں صفائی کرنیوالی خاتون سے زیادتی، 1 ملزم گرفتار

حافظ آباد (این این آئی) حافظ آباد میں ٹی ایچ کیو اسپتال میں صفائی کرنے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

## حج 2025 سیزن کے لیے صحت سے متعلق تقاضوں کی تجدید

مقصد حجاج کرام کی صحت اور سلامتی یقینی بنانے کیلئے معیاری خدمات فراہم کرنا ہے، رپورٹ

ریاض (این این آئی) سعودی وزارت صحت نے سال 2025 کے حج سیزن کے لیے صحت سے متعلق تقاضوں کی تجدید کی ہے۔ اس کا مقصد حجاج کرام کی صحت اور سلامتی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

لاہور: سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد: وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی اسلام آباد کیرج فیکٹری کا وزٹ کر رہے ہیں

## افغانستان کے معاملے پر آل پارٹیز کانفرنس بلائی جائے گی، بیرسٹر عقیل ملک

بھارت افغانستان کو ناپاک عزائم کیلئے استعمال کر رہا ہے، جس پر گہری تشویش ہے، ن لیگی رہنما

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے افغانستان کی صورتحال پر غور کے لیے آل پارٹیز کانفرنس (اے پی سی) بلانے کا فیصلہ کر لیا، بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ بھارت افغانستان کو اپنے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

## حکومت کا ٹیکس پالیسی آفس کو جلد فعال کرنے کا فیصلہ

ٹیکس پالیسی آفس میں ایک ڈی جی اور 5 ڈائریکٹرز تعینات کرنے کا فیصلہ کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خزانہ نے آئی ایم ایف کے مطالبے پر قائم ٹیکس پالیسی آفس کو جلد فعال کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے اہم تعیناتیوں کیلئے اسامیاں مشتہر کر دیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ٹیکس پالیسی آفس میں ایک ڈی جی اور 5 ڈائریکٹرز تعینات کرنے کا فیصلہ کیا گیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

## اسرائیل کا جنوبی لبنان میں اپنی فوج تعینات رکھنے کا اعلان

بیروت (این این آئی) لبنان اور اسرائیل کے درمیان زمینی سرحد کی حد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

## غزہ پر دوبارہ اسرائیلی حملوں کے آغاز کی بنا پر حوثیوں کے حملے بھی شروع ہو گئے

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل کی فوج نے کہا ہے کہ ملک کے متعدد علاقوں میں فضائی حملے کے سائرن بجنے کے بعد اس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

## حماس کے سرکردہ رہنما صلاح البردویل اہلیہ سمیت اسرائیلی فضائی حملے میں جاں بحق

تل ابیب (این این آئی) ذرائع نے اتوار کی رات اطلاع دی کہ حماس کے سیاسی بیورو کے رکن صلاح البرداویل خان یونس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

## ڈی چوک احتجاج کیس، سلمان اکرم راجہ سمیت پی ٹی آئی رہنماؤں کی عبوری ضمانت میں 5 مئی تک توسیع

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی انسدادِ دہشت گردی کی عدالت نے ڈی چوک احتجاج کیس میں سلمان اکرم راجہ سمیت پی ٹی آئی رہنماؤں کی عبوری ضمانت میں 5 مئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## مہنگائی کیخلاف درخواست‘ پنجاب حکومت نے مہلت مانگ لی

حکومت کے پاس سب کچھ موجود ہے پھر بھی قیمتوں کو کنٹرول نہیں کیا جا رہا‘ جسٹس شاہد کریم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں مہنگائی کیخلاف درخواست پر پنجاب حکومت نے جواب جمع کرانے کیلئے مہلت مانگ لی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے رمضان المبارک کے دوران چینی سمیت دیگر اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف درخوا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

## صرف میں روسی صدر ولادی میر پیوٹن کو روک سکتا ہوں، ٹرمپ

روسی صدر ولادیمیر پیوٹن کو سوائے ان کے اور کوئی نہیں روک سکتا، انٹرویو

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ کی ثالثی میں روس اور یوکرینی وفد کے درمیان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

## بلوچستان میں ریاستی بے تدبیری سے حالات مزید خراب ہو رہے ہیں، لیاقت بلوچ

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی 14 اپریل کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

اسلام آباد: بیت المال کے ایم ڈی شاہین خالد بٹ میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کر رہے ہیں

## کوئٹہ سے اندرونِ ملک کیلئے ٹرین سروس 13 ویں روز بھی معطل

ٹرین سروس کی معطلی کے باعث مسافروں کو مشکلات اور پریشانی کا سامنا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سے اندرونِ ملک کے لیے ٹرین سروس تاحال بحال نہیں ہو سکی، جو 13 روز سے معطل ہے۔ ریلوے حکام کے مطابق کوئٹہ سے پشاور کے لیے جعفر ایکسپریس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

## مریم نواز کی ہدایت پر محکمہ وائلڈ لائف کا آپریشن، 8 کونجیں برآمد

محکمہ وائلڈ لائف پنجاب کی ٹیم کو دیکھتے ہی شکاری اپنا سامان چھوڑ کر فرار ہو گئے‘ ترجمان

دریا خان (این این آئی) وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر محکمہ جنگلی حیات نے کامبنگ آپریشن کر کے 8 کونجیں برآمد کر لیں۔ محکمہ وائلڈ لائف کے اعلامیے میں بتایا گیا ہے کہ وزیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

# IMF نے جائیداد لین دین پر ٹیکس میں کمی کی درخواست مسترد کر دی

اسٹاف لیول معاہدے کے لیے پاکستان کو مزید یقین دہانیاں کروانی ہوں گی، تمباکو اور مشروبات پر ٹیکس میں نرمی سے بھی انکار کر دیا گیا: ذرائع

مارچ 2025 کے اہداف کم کرنے پر بھی اتفاق نہیں ہوا، ایف بی آر کی ود ہولڈنگ ٹیکس میں 2 فیصد کمی کی درخواست بھی منظور نہ ہو سکی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے جائیداد لین دین پر ٹیکس میں کمی کی درخواست مسترد کر دی۔ ذرائع کے مطابق مارچ 2025 کے اہداف کم کرنے پر بھی اتفاق نہیں ہوا جبکہ ٹیکس میں کمی پر کوئی معاہدہ نہیں ہوا۔ ایف بی آر کی ود ہولڈنگ ٹیکس میں 2 فیصد کمی کی درخواست بھی منظور نہ ہو سکی۔ تمباکو اور مشروبات پر ٹیکس میں نرمی سے بھی انکار کر دیا گیا۔ اسٹاف لیول معاہدے کے لیے پاکستان کو مزید یقین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

لاہور: وزیر لائیو سٹاک وزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی مختلف منصوبوں پر پیشرفت کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور: وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین کو ڈی جی بھاٹا سکندر ذیشان قبضہ مافیا کیخلاف آپریشن بارے بریفنگ دے رہے ہیں

روزنامہ
قوت
لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض



# سٹی نیوز

## عالمی ادارہ صحت کا مغربی بحرالکاہل خطے میں 2030 تک تپ دق ختم کرنے کے اقدامات پر زور

منیلا (شنہوا) عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) نے ممالک پر زور دیا ہے کہ وہ 2030 تک تپ دق (ٹی بی) کے خاتمے کے لئے "فوری اور فیصلہ کن اقدامات" کریں۔ ڈبلیو ایچ او کے علاقائی دفتر برائے مغربی بحرالکاہل نے عالمی یوم تپ دق پر پیر کو جاری کردہ ایک بیان میں کہا ہے کہ یہ مغربی بحرالکاہل خطے میں خصوصی طور پر بہت ضروری ہے جہاں ہر 5 میں سے ایک ٹی بی کا کیس ہوتا ہے۔ عالمی یوم تپ دق ہر سال 24 مارچ کو منایا جاتا ہے۔ منیلا میں قائم دفتر کا کہنا ہے کہ 2023 میں تپ دق کے 19 لاکھ نئے مریض سامنے آئے جبکہ 95 ہزار اموات ہوئیں۔ اس بیماری کے خاندانوں اور برادریوں پر اثرات بہت گہرے ہیں۔ مغربی بحرالکاہل کے لئے عالمی ادارہ صحت کے علاقائی ڈائریکٹر سائی ماؤ پیوکالا کا کہنا ہے کہ تپ دق کا ہر غیر تشخیص شدہ کیس زندگی بچانے کا ایک کھویا ہوا موقع ہوتا ہے۔

## گلبرگ پولیس نے شاپنگ پر آئے شہریوں کی ریکی کر کے وارداتیں کرنیوالا 2 رکنی ڈکیت و سنیچر گروپ گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) گلبرگ پولیس نے شاپنگ پر آئے شہریوں کی ریکی کر کے وارداتیں کرنیوالا 2 رکنی ڈکیت و سنیچر گروپ گرفتار کر لیا۔ ایس ایچ او گلبرگ تیمور عباس نے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ڈکیتی و چھینا جھپٹی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان مبشر اور عثمان کو ایف سی پچی آبادی سے گرفتار کر کے ان سے چوری شدہ موٹر سائیکل، 3 موبائل فون، نقدی و 2 پستول برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے

## مستی گیٹ پولیس نے رکشہ میں منشیات کی سپلائی کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) مستی گیٹ پولیس نے رکشہ میں منشیات کی سپلائی کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا ترجمان کے مطابق مستی گیٹ پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاون کے دوران منشیات فروش محبوب کو گرفتار کر کے ہزاروں مالیت کی 1020 گرام ہیروئن برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ ایس پی سٹی کیپٹن ر ٪ قاضی علی رضا کا کہنا ہے کہ ملزم نشہ کرنے والے افراد کو رکشہ کے ذریعے منشیات کی سپلائی کرتا تھا اس کے زیر استعمال رکشہ کو بھی پولیس تحویل میں لیا گیا ہے۔

## لاہور میں خود کو غیر ملکی ظاہر کر کے شہریوں کو لوٹنے میں ملوث نوسرباز گروہ کو گرفتار کر لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور میں خود کو غیر ملکی ظاہر کر کے شہریوں کو لوٹنے میں ملوث نوسرباز گروہ کو گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق گروہ نے بینک سے رقم نکلوانے والے شہری سے کرنسی ایکسچینج دفتر کا پتہ پوچھا اور پاکستانی کرنسی دیکھنے کی فرمائش کی جیسے ہی شہری نے رقم دکھائی، ملزمان رقم چھین کر فرار ہو گئے۔ گروہ میں دو مردوں کے ساتھ ایک خاتون بھی شامل تھی۔ پولیس نے سیف سٹی کیمروں کی مدد سے ملزمان کی تلاش شروع کی۔ سیف سٹی آفیسرز نے کیمروں کے ذریعے ملزمان کو ٹریک کیا جس پر پولیس نے شواہد کی بنیاد پر ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ شہری کسی بھی مشکوک سرگرمی یا حادثے کی صورت میں فوراً 15 پر اطلاع دیں۔

## اجتماعی زیادتی کی شکایت پر پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے زیادتی کرنے والے ملزمان کو 2 گھنٹے کے اندر گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) چوہنگ کے علاقہ میں خاتون سے اجتماعی زیادتی کی شکایت پر پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے زیادتی کرنے والے ملزمان کو 2 گھنٹے کے اندر گرفتار کر لیا ترجمان کا کہنا ہے کہ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران مقدمہ کی تمام کارروائی کی خود نگرانی کر رہے ہیں، 3 ملزمان گرفتار، چوتھے ملزم کی گرفتاری کے لیے چھاپے جاری ہیں۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ ملزمان کے خلاف تھانہ چوہنگ میں دفعہ 375 اے کے تحت مقدمہ نمبر 2029/25 درج ہے، گرفتار ملزمان میں وسیم اکرم، شہزاد اور عدنان شامل ہیں، چوتھے ملزم ارشد کی گرفتاری کے لیے چھاپے جاری ہیں۔ فیصل کامران کا مزید کہنا ہے کہ ملزم وسیم اکرم نے متاثرہ خاتون کو ساہیوال سے بلا کر اپنے رشتہ داروں کے گھر رکھا، ابتدائی تحقیقات کے مطابق ملزمان نے متاثرہ خاتون کو دو دن تک نشانہ بنایا، متاثرہ خاتون کو مکمل قانونی اور طبی مدد فراہم کی جا رہی ہے۔

## بہترین کارکردگی کے حامل پولیس ملازمین کی حوصلہ افزائی کا سلسلہ جاری

### شہریوں کو خدمات کی فراہمی میں نمایاں کردار ادا کرنے والے افسران و اہلکاران کو تعریفی اسناد اور کیش انعامات سے نوازا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کی ہدایت پر بہترین کارکردگی کے حامل پولیس ملازمین کی حوصلہ افزائی کا سلسلہ جاری ہے۔ شہریوں کو خدمات کی فراہمی میں نمایاں کردار ادا کرنے والے افسران و اہلکاران کو تعریفی اسناد اور کیش انعامات سے نوازا گیا۔ ایس ایس پی ڈسپلن ٪ نے انسپکٹر مدثر خان، سب انسپکٹر غلام رسول، اے ایس آئی محمد ذوالفقار، اے ایس آئی محمد فیض، ہیڈ کانسٹیبل شاہد احمد، مرید حسین، کانسٹیبل سید شبیر بشارت سمیت 63 افسران و اہلکاروں میں تعریفی اسناد اور کیش انعامات تقسیم کئے۔ عاصم افتخار کمبوہ نے بہترین کارکردگی کے حامل افسران و اہلکاروں کو شاباش دی اور آئندہ بھی محنت سے کام کرنے کی تلقین کی۔ ایس ایس پی ڈسپلن نے امید ظاہر کی کہ بہتر کارکردگی کے حامل افسران و اہلکاران آئندہ بھی بہترین پرفارمنس کا مظاہرہ کریں گے۔ عاصم افتخار کمبوہ نے بہتر کارکردگی کے حامل پولیس ملازمین سے کہا کہ شہریوں کو ریلیف کی فراہمی کے لئے اپنی بہترین صلاحیتوں کو بروئے لائیں۔ سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ بہتر کارکردگی کے حامل افسران و اہلکاروں کی حوصلہ افزائی کیلئے ہر سطح پر اقدامات جاری رہیں گے۔ سی سی پی او لاہور نے کہا کہ پولیس افسران و اہلکاروں کی حوصلہ افزائی کا مقصد عوام کو خدمات کی فراہمی کے مشن کو تقویت دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نمایاں کارکردگی کے حامل پولیس ملازمین پہلے سے زیادہ محنت اور لگن سے ڈیوٹی انجام دیں۔ بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ محنتی، ایماندار اور فرض شناس اہلکار محکمہ پولیس کا سرمایہ ہیں۔ انعامات حاصل کرنے والے پولیس ملازمین نے مزید بہتر کارکردگی کے عزم کا اظہار کیا۔

ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کے تحصیل شالیمار کے مختلف مقامات کے دورے کر رہے ہیں

# کلین مشن کی تکمیل جاری/ڈی سی لاہور فیلڈ میں متحرک

### ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کے تحصیل شالیمار کے مختلف مقامات کے دورے

### سوہوالی روڈ رام گڑھ، نبی پورہ روڈ میں صفائی و دیگر اقدامات کا تفصیلی جائزہ

### صفائی معیار کو برقرار رکھنے کے لئے صفائی میکانزم پر عملدرآمد کروایا جائے: سید موسیٰ رضا

### صفائی معاملے میں مزید کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی: ڈی سی لاہور

لاہور (خبر نگار) کلین مشن کی تکمیل کے حوالے سے ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے تحصیل شالیمار کے مختلف مقامات کے دورے کیے۔ انہوں نے سوہوالی روڈ رام گڑھ، نبی پورہ روڈ میں صفائی و دیگر اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے بریفنگ میں بتایا کہ صفائی میکانزم اور انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ کے لئے سخت مانیٹرنگ جاری ہے۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ صفائی معیار کو برقرار رکھنے کے لئے صفائی میکانزم پر عملدرآمد کروایا جائے۔ انہوں نے ایل ڈبلیو ایم سی حکام کو ہدایت کی کہ صفائی معاملے میں مزید کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ جن پوائنٹس پر ابھی بھی گندگی کے ڈھیر موجود ہیں وہاں وزٹ کر کے فی الفور ختم کروائیں، ڈی سی لاہور نے کہا کہ مسلسل دوروں سے صفائی میکانزم میں مثبت پیشرفت نظر آئی، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے ایل ڈبلیو ایم سی کو ہدایت کی کہ چند رہ جانے والے پوائنٹس پر صفائی عمل فوری بہتر بنائیں اور برقرار رکھیں۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ شہری بھی صفائی برقرار رکھنے میں ضلعی انتظامیہ لاہور کا ساتھ دیں، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے کلین مشن کو کامیاب بنانے کے لیے دورے جاری ہیں۔

## نمازوں کے اوقات



| | |
|---|---|
| صبح صادق | 5:15 |
| فجر | 6:00 |
| ظہر | 1:30 |
| عصر | 4:30 |
| مغرب | غروب آفتاب |
| عشاء | 7:30 |

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

## ایمرجنسی نمبرز

| | |
|---|---|
| پولیس ایمرجنسی | 15 |
| آئی جی شکایت سیل | 8787 |
| ریلوے انکوائری | 117 |
| پی آئی اے | 114 |

## ہسپتالوں کے نمبرز

| | |
|---|---|
| جناح ہسپتال | 111-809-809 |
| سروسز ہسپتال لاہور | 99203407-25 |
| میو ہسپتال لاہور | 9921110-6 |
| جنرل ہسپتال لاہور | 99284092-8 |
| پی آئی سی لاہور | 111-786-786 |

## ضلعی انتظامیہ لاہور غیر قانونی طور پر قائم پارکنگ اسٹینڈز کے خلاف متحرک

### لاہور: اسسٹنٹ کمشنر ماڈل ٹاؤن عبدالباسط صدیقی کی کارروائی

### لاہور: اسسٹنٹ کمشنر ماڈل ٹاؤن نے 2 پرائیویٹ افراد کو گرفتار کروا دیا

لاہور (خبر نگار) ضلعی انتظامیہ لاہور غیر قانونی طور پر قائم پارکنگ اسٹینڈز کے خلاف متحرک ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر ماڈل ٹاؤن عبدالباسط صدیقی نے کارروائی کے دوران 2 پرائیویٹ افراد کو گرفتار کروا دیا۔ پرائیویٹ افراد پارکنگ اسٹینڈز پر شہریوں سے پارکنگ کی رقم زائد وصول کر رہے تھے۔ موٹر بائیکس کھڑی کرنے والوں سے فی شخص 50 روپے وصول کئے جا رہے تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر ماڈل ٹاؤن نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے دونوں افراد کو گرفتار کروایا اور متعلقہ پولیس اسٹیشن میں استغاثہ جمع کروا دیا گیا۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ غیر قانونی طور پر پارکنگ اسٹینڈ قائم کرنے کی ہرگز کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ پارکنگ اسٹینڈز پر شہریوں کو لوٹنے والوں سے آہنی ہاتھ نمٹا جائے گا۔

## لاہور کے تھانہ کاہنہ کی چوکی انڈسٹریل ایریا میں پولیس اور وکلاء کی جھڑپ

### ممبر پنجاب بار کونسل ضمیر جھیڈو، ماڈل ٹاؤن بار کے نائب صدر اور انچارج چوکی انڈسٹریل ایریا زخمی ہو گئے

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور کے تھانہ کاہنہ کی چوکی انڈسٹریل ایریا میں پولیس اور وکلاء کی جھڑپ ہوئی ہے جس میں ممبر پنجاب بار کونسل ضمیر جھیڈو، ماڈل ٹاؤن بار کے نائب صدر اور انچارج چوکی انڈسٹریل ایریا زخمی ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق پولیس نے ماڈل ٹاؤن بار کے نائب صدر وقاص کاہلوں کو تحویل میں رکھ لیا، وکلائی برادری کی بڑی تعداد تھانہ کاہنہ کی چوکی انڈسٹریل ایریا کے باہر جمع ہو گئی۔ پولیس نے کہا کہ پولیس ناجائز قابضین کے خلاف کارروائی کرنے پر وکیل نے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ چوکی پر حملہ کیا، پی ٹی آئی رہنما ضمیر جھیڈو نے ساتھیوں کے ہمراہ پولیس چوکی پر دھاوا بول دیا ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق مزاحمت کرنے والے 7 ناجائز قابضین کو موقع سے گرفتار کیا گیا، پولیس نے ضمیر جھیڈو، وقاص کاہلوں سمیت مزاحمت کرنے والے 7 افراد کو گرفتار کیا، ان کا کہنا تھا کہ ضمیر جھیڈو اور ساتھیوں نے اسلحہ کا بھی آزادانہ استعمال کیا۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ چوکی انچارج سب انسپکٹر ندیم کو زخمی کرنے پر ضمیر جھیڈو کو گرفتار کیا گیا، چوکی انچارج کو طبی امداد کے لیے لاہور جنرل اسپتال منتقل کیا گیا، ایس ایس پی آپریشنز، ایس پی ماڈل ٹاؤن خود تمام صورت حال مانیٹر کر رہے ہیں۔ ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کا مزید کہنا تھا کہ ملزمان کے ساتھی روڈ بلاک کر کے دباؤ ڈال رہے ہیں، کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ مضروب نائب صدر ماڈل ٹاؤن بار وقاص کاہلوں کا موقف ہے کہ کاہنہ میں واقعہ جھیڈو گاؤں میں ہماری زرعی زمین ہے جس کے ہم وارثتی مالک ہیں۔ لیکن کچھ بااثر افراد ہماری زمین کو ہتھیانا چاہتے ہے جس کے لیے پولیس ان کی معاونت کر رہی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ محکمہ ریونیو کی تحریری درخواست پر پولیس چوکی انڈسٹریل ایریا نے اسٹنٹ کمشنر نشتر ٹاؤن اور تحصیل دار کی سربراہی میں جائز قبضہ واگزار کروایا۔

## چینی وزیر خزانہ کا مزید فعال مالیاتی پالیسی کا اعلان

بیجنگ (شنہوا) چینی وزیر خزانہ لان فوآن نے جاری چائنہ ترقیاتی فورم 2025 میں کہا ہے کہ چین رواں سال زیادہ فعال مالیاتی پالیسی نافذ کرے گا اور اس کی مستقل قوت اور اثرات کو یقینی بنائے گا۔ لان نے اس بات پر زور دیا کہ موجودہ معاشی مشکلات اور مسائل سے نمٹنے کے لئے چین کی اقتصادی اور مالی قوت میں نمایاں اضافہ ہوا ہے اور ملک نے میکرو اقتصادی انتظام اور مالیاتی نظم و نسق میں بہتر تجربہ حاصل کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین کی اقتصادی ترقی پر بھروسہ اس کے ٹھوس بنیادی اصولوں، متعدد فوائد، مضبوط لچک اور وسیع امکانات کی بدولت پیدا ہوا ہے جو اس کی طویل مدتی ترقی کو تقویت دیتے ہیں۔ لان نے مزید کہا کہ یہ بھروسہ ممکنہ خطرات کی سنجیدہ تفہیم اور اس کے مطابق تیاری کرنے کی دور اندیشی سے بھی آتا ہے جس سے ممکنہ جھٹکوں اور مسائل کا جواب دینے کے لئے کافی مالی گنجائش باقی رہتی ہے۔ لان کے مطابق رواں سال کی مالیاتی پالیسی کا بنیادی کام کھپت کو نمایاں طور پر بڑھانا اور مقامی طلب میں اضافے کی کوشش میں سرمایہ کاری کی کارکردگی بڑھانا ہے۔ لان نے کہا کہ چین کے پاس دنیا کی سب سے زیادہ امید افزا انتہائی بڑے حجم کی مارکیٹ ہے جس میں کھپت بڑھانے کی بے پناہ صلاحیت ہے۔ مرکزی حکومت کھپت کے فروغ میں رسد و طلب دونوں اطراف سے اقدامات متعارف کرا رہی ہے۔

## گورنمنٹ جامع ہائی سکول راولپنڈی میں ورلڈ فارسٹ ڈے پر شجرکاری کی تقریب کا انعقاد

### ماحولیاتی تحفظ اور کلائمٹ چینج کے منفی اثرات سے نمٹنے کے لیے وسیع پیمانے پر شجرکاری کی جائے اور پانی کے بے دریغ استعمال پر قابو پا کر واٹر کنزرویشن پر سختی سے عمل درامد کرایا جائے

راولپنڈی (شیروز میاں سے) ریسورس ایفیشنٹ کلینر پروڈکشن پاکستان ار ای سی پی بارانی زرعی یونیورسٹی اور انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی راولپنڈی کے اشتراک سے گورنمنٹ جامع ہائی سکول ڈھوک کشمیریاں راولپنڈی میں ورلڈ فارسٹ ڈے کے موقع پر شجرکاری کی ایک خصوصی تقریب منعقد ہوئی جس میں ار ای سی پی پاکستان کے سی ای او ارشاد رامے ڈپٹی ای پی اے راولپنڈی ماریہ سفیر پرنسپل ہائی سکول چوہدری خالد اور پی سی ار ای ٹی کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر اعظم خان نے شرکت کی۔ ماہر ماحولیات ارشاد رامے نے اس موقع پر جنگلات کی کمی، کلائمیٹ چینج اور بائیو ڈائیورسٹی سے متعلق ماحولیاتی انحطاعت کے اسباب بیان کیے اور اس امر کی ضرورت پر زور دیا کہ ماحولیاتی تحفظ اور کلائمٹ چینج کے منفی اثرات سے نمٹنے کے لیے وسیع پیمانے پر شجرکاری کی جائے اور اور پانی کے بے دریغ استعمال پر قابو پا کر واٹر کنزرویشن پر سختی سے عمل درامد کرایا جائے تاکہ پاکستان میں زیر زمین پانی میں شدید کمی اور ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے میں مدد مل سکے۔ اس موقع پر سکول کے بچوں والنٹیئرز اور فیکلٹی ممبران نے 500 سے زائد مختلف اقسام کے پودے لگائے۔

## ایم بی بی ایس سیکنڈ پروفیشنل امتحانات کے نتائج کا اعلان

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (یو ایچ ایس) نے پیر کے روز ایم بی بی ایس سیکنڈ پروفیشنل سالانہ امتحانات 2024ء کے نتائج کا اعلان کر دیا۔ امتحانات میں 45 میڈیکل کالجوں کے 5425 امیدواروں نے شرکت کی، جن میں سے 4687 امیدوار کامیاب قرار پائے جبکہ 728 ناکام ہوئے۔ کامیابی کا مجموعی تناسب 86.56 فیصد رہا۔ عزیز فاطمہ میڈیکل کالج فیصل آباد کے محمد حسان امتیاز نے 900 میں سے 826 نمبر لے کر پہلی، شیخ خلیفہ بن زید النہیان میڈیکل کالج لاہور کے اسد علی 817 نمبروں کے ساتھ دوسری جبکہ عزیز فاطمہ میڈیکل کالج فیصل آباد کی آمنہ مفتی نے 804 نمبر لے کر تیسری پوزیشن حاصل کی۔ ترجمان یو ایچ ایس کے مطابق تمام نتائج یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر دیکھے جا سکتے ہیں۔

## صوبہ بھر میں پنجاب پولیس کا دھاتی ڈور و پتنگ بازی کیخلاف کریک ڈاؤن

### پنجاب پولیس نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ 04 لاکھ 31 ہزار 275 پتنگیں، 14 ہزار 885 ڈور کی چرخیاں برآمد کر لیں

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر صوبہ بھر میں پنجاب پولیس کا دھاتی ڈور و پتنگ بازی کے خاتمے کے لیے زیرو ٹالرینس پالیسی کے تحت کریک جاری ہے جس کے تسلسل میں رواں سال لاہور سمیت صوبہ بھر میں انسداد پتنگ بازی ایکٹ کی خلاف ورزی پر 2417 ملزمان کو گرفتار کر کے 2381 مقدمات درج کئے گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ 04 لاکھ 31 ہزار 275 پتنگیں، 14 ہزار 885 ڈور کی چرخیاں برآمد اور 1853 کیسز کے چالان جمع کروائے گئے۔ صوبائی دارالحکومت لاہور میں 704 ملزمان گرفتار، 710 مقدمات درج، 20674 پتنگیں اور 963 ڈور کی چرخیاں برآمد کی گئیں۔ گذشتہ سال لاہور سمیت صوبہ بھر میں 12525 ملزمان کو گرفتار کر کے 11866 مقدمات درج کیے گئے تھے۔ آئی جی پنجاب نے افسران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ پتنگ بازی ممانعت ترمیمی بل کے قانون پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں۔ آر پی اوز، سی پی اوز، ڈی پی اوز پتنگ بازوں، پتنگ فروشوں اور مینوفیکچررز کے خلاف کریک ڈاؤن میں تیزی لائیں۔ جان لیوا سرگرمی کی ہرگز اجازت نہیں ہے اور خونی دھندے میں ملوث افراد کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائیں۔ دھاتی ڈور اور پتنگوں کے آن لائن کاروبار میں ملوث عناصر کو بھی قانون کی گرفت میں لایا جائے۔ ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ والدین اپنے بچوں کو اس خونی کھیل سے دور رکھیں اور شہری کسی بھی مقام پر پتنگ بازی کی صورت میں 15 پر اطلاع دے کر ذمہ داری کا ثبوت دیں۔

## اے آئی جدید مستقبل کے لئے چین کی زراعت کو جدت فراہم کر رہی ہے

بیجنگ (شنہوا) چین کے جنوب مغربی صوبے سیچھوان کے دارالحکومت چھنگ دو میں ایک جدید گرین ہاؤس میں 2 روبوٹ تیزی سے کھیتوں کے درمیان رخ بدلتے ہوئے گشت کی تربیت حاصل کر رہے ہیں۔ اپنے ہائی ڈیفینیشن کیمروں کے ساتھ یہ روبوٹ حقیقی وقت میں فصلوں کی تصاویر لے کر سیدھا کلاؤڈ پر بھیج سکتے ہیں۔ روبوٹ کے ڈویلپر وو یوآن چھنگ نے کہا کہ ڈیپ سیک کے بڑے ماڈل کے ساتھ منسلک کرنے کے بعد ہماری ٹیم نے روبوٹ کو ہزاروں تصاویر کے ساتھ تربیت دی تاکہ ان کی کیڑوں کی نشاندہی کی صلاحیت بہتر ہو سکے جو 80 فیصد سے بڑھ چکی ہے۔ وو یوآن چھنگ نے مزید کہا کہ صلاحیت میں بہتری کے ساتھ ہی یہ روبوٹ کسانوں کو فصل کاشت کرنے اور زرعی پیداوار کی منصوبہ بندی کی درستگی میں مدد کریں گے۔ چین میں اے آئی پر مبنی زراعت کا عروج حکومت کی جانب سے دیہی تجدید کو تیز کرنے کی غرض سے اس کے زرعی شعبے کو جدید بنانے کی مسلسل کوششوں کو اجاگر کرتا ہے جو دیہی علاقوں میں 46 لاکھ افراد کی زندگیوں پر گہرا اثر ڈال رہا ہے۔ چینی حکومت نے کئی سال سے جدید زرعی ترقی کے فروغ کے لئے کئی پالیسیاں متعارف کرائی ہیں۔ 2025 کے لئے اس دستاویز میں چینی پالیسی سازوں نے پہلی مرتبہ زراعت میں نئے معیار کی پیداواری قوتوں کی ترقی کو اولین ترجیح کے طور پر متعین کیا ہے۔

## ضلعی انتظامیہ لاہور متحرک/ 3 جعلی پرائس کنٹرول مجسٹریٹس گرفتار

### نوسربازوں کے خلاف مقدمات کا اندراج کروا دیا گیا ہے

لاہور (خبر نگار) ضلعی انتظامیہ لاہور نے بھرپور کارروائی کے دوران 3 جعلی پرائس کنٹرول مجسٹریٹس گرفتار کیا۔ تحصیل نشتر ٹاؤن سے 3 نوسرباز گرفتار کیا گیا۔ تینوں نوسرباز اپنے آپ کو پرائس کنٹرول مجسٹریٹس بتا رہے تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر نشتر محمد سلیم آسی اطلاع ملتے ہی موقع پر پہنچ گئے اور تینوں نوسربازوں کو رنگے ہاتھوں کو پکڑ لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نشتر نے تینوں جعلی پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیا۔ نوسربازوں کے خلاف مقدمات کا اندراج کروا دیا گیا ہے۔ ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ شہری نوسربازوں سے ہوشیار رہیں اور جہاں کہیں کرپٹ اور بلیک میلنگ عناصر پائیں اور فوری ہمارے سوشل میڈیا اکاؤنٹ یا فیس بک پیج پر اطلاع دیں۔

## پی آئی ٹی بی کی جانب سے جوڈیشل مجسٹریٹس کیلئے ای پروکیورمنٹ سسٹم بارے ٹریننگ سیشن کا انعقاد

### پی پی آر اے ایم ڈی وقار عظیم نے شرکاء کو پی پی آر اے کے قانونی فریم ورک بارے تفصیلی آگاہی فراہم کی

لاہور (خبر نگار) پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ اور پنجاب ریگولیٹری اتھارٹی کے تعاون سے جوڈیشل مجسٹریٹس (سینئر سول ججز) کیلئے پنجاب جوڈیشل اکیڈمی لاہور میں ای پروکیورمنٹ سسٹم کے حوالے سے ٹریننگ سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ پی پی آر اے مینیجنگ ڈائریکٹر وقار عظیم نے شرکاء کو پی پی آر اے کے قانونی فریم ورک بارے تفصیلی آگاہی فراہم کی جبکہ پی آئی ٹی بی پروکیورمنٹ ٹیم نے شرکاء کو ای پروکیورمنٹ سسٹم کے مختلف ماڈیولز کے حوالے سے ڈیمو دیا اور شرکاء کے سوالات کے جوابات بھی دیے۔ اس حوالے سے پی آئی ٹی بی چیئرمین فیصل یوسف نے جدید گورننس میں ای پروکیورمنٹ کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ای پروکیورمنٹ سسٹم کا نفاذ سرکاری خریداری میں شفافیت، کارکردگی اور رسائی کو بڑھاتا ہے۔ ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ہم اس عمل کو سہل بنا رہے ہیں اور دکانداروں کیلئے مزید مسابقتی اور جامع ماحول فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ سسٹم وینڈرز کو ملک کے کسی بھی حصے سے آن لائن بولیاں لگانے کی سہولت فراہم کرتا ہے جس سے پروکیورمنٹ کا عمل مزید تیز اور قابل رسائی ہو گیا ہے۔

## نیٹ میٹرنگ پالیسی تبدیلی، ملک میں اربوں روپے کی سرمایہ کاری رکنے کے ساتھ عوام سستی سولر انرجی سے محروم ہونگے

### جدید دور میں سستی سولر بجلی صنعتوں اور گھریلو صارفین کے لیے وقت کی اہم ضرورت

لاہور (کامرس رپورٹر) نیٹ میٹرنگ پالیسی میں تبدیلی سے ملک میں اربوں روپے کی سرمایہ کاری رکنے کے ساتھ ساتھ عوام سستی سولر انرجی سے محروم ہو جائیں گے، جدید دور میں سستی سولر بجلی صنعتوں اور گھریلو صارفین کے لیے وقت کی اہم ضرورت بن چکی ہے، پاکستان میں صنعتی، تجارتی اور رہائشی صارفین کی انرجی ضروریات کو کم قیمت پر فراہم کرنے کے لیے ٹرینا سولر کے مختلف کمپنیوں کے ساتھ معاہدے ہوئے ہیں اس موقع پر سولر انرجی کے سی ای او نے کہا کہ جدید ماڈیولز زیادہ توانائی کی پیداوار اور کم کاسٹ آف انرجی فراہم کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان جیسے ترقی پذیر ملک کی توانائی کی خوشحالی اور ماحولیاتی استحکام کے لیے انتہائی ضروری ہے جبکہ ایسی متوازن اور جامع توانائی پالیسی تشکیل دی جائے جو قابل تجدید توانائی کے شعبے کے فروغ کو یقینی بنا سکے، انہوں نے کہ کہ چائنہ کی کمپنی پاکستان میں بجلی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کو کم کرنے کے لیے جدید سولر سسٹم فراہم کر رہی ہے دوسری طرف حکومت نیٹ میٹرنگ کے ٹیرف کو کم کر رہی ہے جس سے سستی سولر انرجی گھریلو صارین اور صنعت کاروں کی پہنچ سے دور ہو جائے گی جس سے ملک میں مہنگی توانائی سے بڑھتی مہنگائی کو کم کر کے عوام کو سہولت فراہم کرنے کا خواب پورا نہیں ہوگا۔

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

# وفاقی وزیر پیر سید عمران احمد شاہ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس

## ڈپٹی کمشنر شاہد محمود، ڈی پی او رانا طاہر رحمان، ممبران صوبائی اسمبلی محمد ارشد ملک، نوید احمد خان لودھی، رانا ریاض احمد، سابق ایم پی اے پیر خضر حیات کھگہ و دیگر کی شرکت

ساہیوال (مہراے ڈی نسیم پیرا سے) وفاقی وزیر پیر سید عمران احمد شاہ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کمیٹی کا اجلاس منٹگمری ہال میں منعقد ہوا جس میں ڈپٹی کمشنر شاہد محمود، ڈی پی او رانا طاہر رحمان، ممبران صوبائی اسمبلی محمد ارشد ملک، نوید احمد خان لودھی، رانا ریاض احمد، سابق ایم پی اے پیر خضر حیات کھگہ، سابق ایم این اے چوہدری محمد اشرف، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اسامہ مجید چیمہ اور ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ محمد اکرم وٹو سمیت تمام متعلقہ محکموں کے ضلعی افسران نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی طرف سے ضلع بھر میں جاری عوامی فلاحی منصوبوں اور ان پر عملدرآمد کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ہسپتالوں میں دستیاب طبی سہولیات، فیلڈ ہسپتالوں اور کلینک آن وہیل منصوبے پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ صحت کے شعبے میں جاری اصلاحاتی اقدامات کے تحت فیلڈ ہسپتالوں کے قیام کو مزید فعال بنانے اور طبی عملے کی استعداد کار بڑھانے پر بھی غور کیا گیا۔ اجلاس میں سرکاری سکولوں کی مجموعی صورتحال پر بھی غور کیا گیا اور تعلیمی معیار بہتر بنانے کے لیے مزید اقدامات کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ کمیٹی کی طرف سے محکمہ تعلیم پر زور دیا گیا کہ سرکاری سکولوں میں عدم دستیاب بنیادی تعلیمی سہولتیں ترجیحی بنیادوں پر فراہم کی جائیں۔ اجلاس میں پیسپ پراجیکٹ کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی جس پر کنونیئر ڈی سی سی پیر سید عمران احمد شاہ نے تمام منصوبے جلد مکمل کرنے پر زور دیتے ہوئے کام کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کرنے کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس میں وزیر اعظم رمضان پیکج کے حوالے سے بھی اجلاس کو تفصیل سے آگاہ کیا گیا جبکہ پولیس حکام نے اجلاس کو امن و امان کی صورتحال اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری کارروائیوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس کے دوران تمام محکموں کو ہدایت دی گئی کہ وہ عوامی مسائل کے حل کے لیے اپنی کارکردگی مزید بہتر بنائیں اور وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق عوامی فلاحی منصوبوں کو جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچائیں۔

## 20 کنال اراضی جس پر سبزی منڈی تعمیر کی گئی کے مالکانہ حقوق ہمارا حق ہے

### گزشتہ 38 سال سے انتظامیہ انہیں وعدوں پر ٹرخا رہی ہے: انجمن آڑھتیاں

PRESS CLUB JHANG

جھنگ (بیورو رپورٹ) انجمن آڑھتیان سبزی منڈی جھنگ کے صدر چوہدری جاوید پہلوان نے کہا ہے کہ حکومت 1987 سے آڑھتیوں کو ان کی ذاتی طور پر خرید کر دی جانے والی 20 کنال اراضی جس پر سبزی منڈی تعمیر کی گئی کے مالکانہ حقوق نہیں دے رہی جو کہ ان کے اور حکومت کے درمیان ہونے والے معاہدے کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ گزشتہ 38 سال سے انتظامیہ انہیں وعدوں پر ٹرخا رہی ہے۔ اب انہوں نے عدالت سے رجوع کیا ہے اور عدالت نے ایک ماہ میں معاملہ نمٹانے کے لئے ڈی جی پنجاب ایگریکلچرل مارکیٹنگ ریگولیٹری اتھارٹی کو حکم جاری کیا ہے لیکن ایک ماہ گزرنے کے باوجود ابھی تک انہیں مالکانہ حقوق نہیں دیئے گئے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پریس کلب جھنگ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر انجمن آڑھتیان سبزی منڈی کے سرپرست اعلیٰ شاہد شبیر، جنرل سیکرٹری صفی احمد لڈو، عمران سہیل، طارق خان، چوہدری عرفان اور دیگر عہدیداران بھی موجود تھے۔ جاوید پہلوان نے کہا کہ اب تک وہ سبزی منڈی میں اپنی دکانوں پر کروڑوں روپے کی لاگت سے تعمیرات بھی کروا چکے ہیں جبکہ ان کے بچوں اور اگلی نسل کا مستقبل بھی اسی پراپرٹی اور کاروبار سے وابستہ ہے جو اب تک حکومتی عدم توجہی کے باعث مخدوش نظر آ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 38 سالوں میں انہوں نے جھنگ میں تعینات ہونے والے تقریباً ہر ڈپٹی کمشنر کو مالکانہ حقوق دینے کی درخواست کی لیکن انہوں نے بھی انہیں وعدے ہی کئے اور عملدرآمد نہ کروایا۔

## فاسٹ نیشنل یونیورسٹی کے ڈائریکٹر فنانس عبدالرحمٰن کی شاندار کامیابی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) فاسٹ نیشنل یونیورسٹی کے ڈائریکٹر فنانس عبدالرحمٰن کی شاندار کامیابی، امریکہ میں ※※ بیسٹ ڈپلومیٹ ※※ کے دو ایوارڈز جیت لیے تفصیلات کے مطابق پاکستان کے نوجوان فاسٹ نیشنل یونیورسٹی کے ڈائریکٹر فنانس عبدالرحمٰن نے امریکہ میں ہونے والے بین الاقوامی ※※ بیسٹ ڈپلومیٹ ※※ مقابلے میں غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دو ایوارڈز اپنے نام کر لیے۔ اس عالمی مقابلے میں 50 سے زائد ممالک کے شرکت کی لیکن عبدالرحمٰن نے سب سے زیادہ ایوارڈز جیت کر پاکستان کا پرچم سربلند کر دیا۔ یہ مقابلہ مذاکراتی صلاحیت اور عالمی امور پر گہری بصیرت پر مبنی تھا، جس میں عبدالرحمٰن نے اپنی ذہانت اور قائدانہ صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔

## پاک فوج کے بہادر افسر کیپٹن حسنین کو زبردست خراج عقیدت پیش

### قوم کے لیے ایک عظیم مثال قائم کی۔ ان کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا: علمی و ادبی شخصیات

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) فرزند سیالکوٹ کنونیئر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردوں کے خلاف آپریشن میں جام شہادت نوش کرنے والے پاک فوج کے بہادر افسر کیپٹن حسنین کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہیں کیپٹن حسنین نے دشمن کا مقابلہ کرتے ہوئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا اور قوم کے لیے ایک عظیم مثال قائم کی۔ ان کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اور وہ ہمیشہ ایک ہیرو کے طور پر زندہ رہیں گے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کیپٹن حسنین کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قوم اس غم میں ان کے ساتھ برابر کی شریک ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کے اہل خانہ کو صبر جمیل عطا کرے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاک فوج کے جوان ملک کی حفاظت کے لیے ہمہ وقت تیار رہتے ہیں اور اپنی جانوں کی قربانی دینے سے بھی دریغ نہیں کرتے۔ قوم کو اپنے بہادر سپوتوں پر فخر ہے کیپٹن حسنین کا تعلق 143 ویں لانگ کورس (PMA) سے تھا اور وہ پاک فوج کے اسپیشل سروس گروپ (SSG) کی تھرڈ کمانڈو بٹالین یونٹ میں خدمات انجام دے رہے تھے۔ ان کا تعلق پنڈدادنخان، جہلم سے تھا۔



## ڈپٹی کمشنر احمد عثمان کا پنجاب انفورسمنٹ ریگولرٹی اتھارٹی کمپلیکس کا دورہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کا ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد راشد ہدایت کے ہمراہ پنجاب انفورسمنٹ ریگولرٹی اتھارٹی کمپلیکس کا دورہ، اس موقع پر سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر وسیم جاوید نے تفصیلی بریفنگ دی، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے ضلع کی بہتری کے لیے پنجاب انفورسمنٹ ریگولرٹی اتھارٹی کا قیام انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ جس کی بدولت عوام کو سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل کے حل کے سلسلہ میں آسانی میسر آئے گی، ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق انفورسمنٹ افسران عوامی سہولیات کو مدنظر رکھتے ہوئے دلجمعی سے کام کریں۔

## ظفروال چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی پنجاب احمد اقبال کا THQ کا دورہ

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی و ایم پی اے احمد اقبال نے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا دورہ کیا۔ ایم ایس ڈاکٹر راحت جاوید نے ان کا استقبال کیا۔ اس موقع پر چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی احمد اقبال نے ہسپتال میں صفائی ستھرائی کو چیک کیا اور ایم ایس ڈاکٹر راحت جاوید کو صفائی ستھرائی کو بہتر کرنے کے احکامات دیئے بعد ازاں انہوں نے ایمرجنسی وارڈ کا دورہ کیا اور وہاں لیڈیز اور جینٹس وارڈ علیحدہ علیحدہ کرنے کی ہدایات دیں اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر راحت جاوید نے نرسری وارڈ کے بارے ایم پی اے احمد اقبال کو بریفنگ دی جس پر چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی احمد اقبال نے کہا کہ حکومت پنجاب ہنگامی بنیادوں پر زچہ و بچہ کی صحت سہولیات پر کام کر رہی ہے اور ان شاء الل※ بہت جلد THQ ہسپتال میں نرسری وارڈ کی سہولت میسر ہوگی۔ انہوں نے مذید بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو صحت کی تمام تر سہولیات فراہم کرنا حکومت پنجاب کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور میں THQ ہسپتال میں وہ تمام سہولتیں فراہم کروں گا جو میرے حلقہ کی عوام کو چاہئیں عوام کی صحت پر کوئی کمپرومائز نہیں کروں گا

# پاکستان ہمارے آباؤ اجداد نے لازوال قربانیوں کے بعد حاصل کیا میاں خالد محمود

## وطن عزیز سے محبت کا تقاضا ہے کہ سبز ہلالی پرچم کی سربلندی کیلئے بھرپور محنت کی جائے اور اقوام عالم میں اس کے وقار میں اضافہ کرنے کیلئے ہر شعبہ میں نمایاں خدمات سرانجام دی جائیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) استحکام پاکستان پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری و سابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود نے کہا ہے کہ وطن عزیز پاکستان ہمارے آباؤ اجداد نے لازوال قربانیوں کے بعد حاصل کیا تمام سیاسی جماعتوں کو چاہئے کہ دل و جان سے وطن کی ترقی کیلئے محنت کریں جذبہ حب الوطنی کے جذبے سے سرشار ہو کر شبانہ روز محنت سے ہی پاکستان کا نام اقوام عالم میں روشن کیا جا سکتا ہے، وطن عزیز سے محبت کا تقاضا ہے کہ سبز ہلالی پرچم کی سربلندی کیلئے بھرپور محنت کی جائے اور اقوام عالم میں اس کے وقار میں اضافہ کرنے کیلئے ہر شعبہ میں نمایاں خدمات سرانجام دی جائیں سیاسی و جمہوری اقدار کا کلیدی تقاضا ملکی تعمیر و ترقی میں ہر ممکن کردار ادا کرنا ہے ملک کی تعمیر و قومی یکجہتی وقت کی اہم ضرورت ہے، باہمی نفرتوں کے خاتمے سے ہی فلاحی معاشرے کی تشکیل ممکن ہے ہمیں ایک دوسرے کو پیار و محبت کا درس دینا چاہئے اگر آج ہمیں ایک آزاد اسلامی ملک پاکستان حاصل نہ ہوتا تو ہمیں ہندوؤں کی غلامی لاحق ہوتی لہٰذا اکابرین تحریک آزادی کی جدوجہد کو سامنے رکھتے ہوئے ہمیں پاکستان کے استحکام و ترقی کی خاطر کسی قربانی سے دریغ نہ کرنے کا مصمم عہد کرنا ہوگا، دہشتگردی و انتہاپسندی کے خاتمے اور سیاسی و معاشی استحکام کیلئے اسوقت مزید کام کرنے کی ضرورت ہے درپیش چیلنجز پر قابو پانے اور اتحاد، ایمان، نظم وضبط کے ساتھ ہی ملک کو مضبوط اور خوشحال بنایا جا سکتا ہے، قوم نے غیر معمولی حالات میں ہمیشہ استقامت کا مظاہرہ کیا، پاکستان نے غیر معمولی چیلنجز کا سامنا کیا اور سرخرو ہوا اب بھی قوم پر عزم رہے کیونکہ آئینی و قانونی بالادستی کے بغیر ہم آبرومند نہیں ہو سکتے اور پاکستان کو عظیم ریاست بنانے کے خواب کو بھی شرمندہ تعبیر نہیں کیا جا سکتا۔

## فوڈ سیفٹی ٹیموں نے چنیوٹ کے مختلف علاقوں میں ایکسپائر

## مصنوعات فروخت کرنیوالوں کیخلاف کریک ڈاؤن کیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) عید کی آمد کے پیش نظر مضر صحت اور ایکسپائرڈ مصنوعات فروخت کرنے والے پنجاب فوڈ اتھارٹی کے ریڈار پر۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں نے چنیوٹ کے مختلف علاقوں میں کریک ڈاؤن کیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز ڈاکٹر محمد قاسم رضا کی زیر نگرانی کریانہ سٹور سے عید کی سپلائی کے لئے ایکسپائرڈ مصنوعات کی بڑی کھیپ برآمد کر لی گئی۔ دکان کو موقع پر سیل کر کے 500 لیٹر سے زائد ایکسپائرڈ کولڈ ڈرنکس اور 20 کلو سے زائد مختلف ایکسپائرڈ مصنوعات کو موقع پر ضائع کرا دیا گیا۔ فوڈ پوائنٹس کی کڑی نگرانی بھی جاری ہے اور 4 فوڈ پوائنٹس کو صفائی کے ناقص انتظامات اور ممنوع اجزاء کے استعمال پر 71500 روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔

## مایوسی کفر اور پریشانیوں کا علاج قرب الٰہی ہے۔ رانا محمد عرفان

### اللہ تعالیٰ کیساتھ رجوع کرنے میں دنیاوی و اخروی کامیابی ہے۔ Ceo سیالکوٹ سویٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) مسلمان کبھی بھی نامساعد حالات و پریشانیوں میں مایوس نہیں ہوتا کیونکہ اللہ تعالیٰ کا قرآن میں فرمان ہے کہ اے بندے میری رحمت سے مایوس نہ ہو۔ ہمارے نبی آخر الزماں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی مایوسی کو کفر سے تعبیر کیا اور پریشانیوں کا واحد حل قرب الٰہی میں مشغول رہنے میں دیا۔ ان باتوں کا اظہار معروف سکالر وسی ای او سیالکوٹ سویٹس اینڈ بیکرز حاجی رانا محمد عرفان نے ملاقات کیلئے آئے عمائدین شہر کیساتھ ملاقات کے موقع پر کیا۔ انہوں نے کہا کہ سخت حالات ہوں یا پریشانی و مشکلات اس سب کا واحد حل اپنے اللہ تعالیٰ سے رجوع کرنے میں ہے اس سے کشائش اور فضل کرم رحمت کی خواستگاری میں ہے کہ بندہ جب اپنے آپ کو اپنے خالق و مالک کے سپرد کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اپنے بندے کو بیشمار وسیلے بنا کر مشکلات و پریشانیوں سے نکال لیتا ہے۔

## ظفروال شہر کی صفائی ستھرائی کو بہتر کیا جائے

### شہر اور گرد و نواح کی یونین کونسلز میں صفائی ستھرائی پر کوئی کمپرومائز نہیں کروں گا: احمد اقبال

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی و ایم پی اے حلقہ PP54 احمد اقبال نے میونسپل کمیٹی کا دورہ کیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ظفروال شبانہ نذیر بھی ان کے ہمراہ تھیں اس موقع پر چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سلیم ریحان نے ان کو شہر کی صفائی ستھرائی کے حوالہ سے بریفنگ دی۔ چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی احمد اقبال نے کہا کہ شہر بھر میں صفائی ستھرائی کو مذید بہتر کیا جائے شہر کے ساتھ ساتھ تحصیل بھر کی یونین کونسلز میں بھی صفائی کے نظام کو بہتر کیا جائے۔ حکومت پنجاب کے صاف ستھرا پنجاب کے ویژن پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا۔ انہوں نے مذید کہا کہ صاف ستھرا پنجاب کے کنٹریکٹر کو واضح ہدایات ہیں کہ اپنے ملازمین سے صفائی ستھرائی کا مناسب بندوبست کروائیں اگر صفائی کے نظام میں کہیں بھی کوئی شکایت ملی تو آپکا کنٹریکٹ ختم کر دیا جائیگا اس موقع پر چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی پنجاب احمد اقبال نے اسسٹنٹ کمشنر شبانہ نذیر کو ہدایت جاری کیں کہ آپ روزانہ کی بنیاد پر چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سے صفائی کے حوالہ سے رپورٹ لیں۔ سٹریٹ لائٹس کے حوالہ سے انہوں نے چیف آفیسر کو کہا کہ جلد از جلد سٹریٹ لائٹس کو ٹھیک کروائیں اور ان کو آن کیا جائے تاکہ شہر کی خوبصورتی برقرار رہے

## شہداء اور غازیوں کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے پولیس لائنز میں ایک خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) پولیس کے بہادر شہداء اور غازیوں کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے پولیس لائنز میں ایک خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے شہداء کے خاندانوں اور پولیس کے غازیوں کو اعزازی میڈلز اور عید پیکجز تقسیم کیے۔ تقریب میں پولیس شہداء کے اہل خانہ، غازیان پولیس اور دیگر پولیس افسران نے شرکت کی۔ ڈی پی او بلال افتخار کیانی نے اس موقع پر پولیس کے شہداء کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قربانیاں ہمارے لیے روشن مثال ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پولیس فورس اپنے شہداء کے خاندانوں کے ساتھ سرپرست کے طور پر کھڑی ہے اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

## صرف ظاہری صفائی کافی نہیں بلکہ کرپشن اور سود کے خاتمے پر بھی توجہ دینی ہوگی

### جب تک عوام کو بنیادی حقوق نہیں ملیں گے، اصلاحاتی مہمات بے سود رہیں گی: صاحبزادہ محمد مدثر حسین

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے پاکستان حافظ آباد کے ضلعی کنونیئر صاحبزادہ محمد مدثر حسین وٹو نے عمرہ کی سعادت کے بعد اپنی رہائش گاہ پر ملاقات کے لیے آئے کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اگر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف واقعی پنجاب کو ※※ ستھرا بنانا چاہتی ہیں تو صرف ظاہری صفائی کافی نہیں بلکہ کرپشن اور سود کے خاتمے پر بھی توجہ دینی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ بدعنوانی اور مہنگائی نے پہلے ہی عوام کا جینا مشکل کر رکھا ہے اور اب غریبوں سے ان کا روزگار بھی چھینا جا رہا ہے، جو محنت کش ریڑھی یا چھابڑی لگا کر بچوں کا پیٹ پال رہا تھا، اسے بھی بے روزگار کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں عدم توازن پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت منتخب اسمبلیوں کے نمائندوں کی تنخواہیں تو بڑھا رہی ہے، مگر چھوٹے سرکاری ملازمین کو نظر انداز کیا جا رہا ہے، جس کے باعث وہ مجبوراً کرپشن اور ناجائز ذرائع کی طرف مائل ہو جاتے ہیں، جس کی قصوروار حکومت ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ اگر حکومت واقعی کرپشن کا خاتمہ چاہتی ہے تو ریڑھیوں چھابڑی لگانے والے افراد پر رحم کرے اور چھوٹے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کرے۔ جب تک عوام کو بنیادی حقوق نہیں ملیں گے، اصلاحاتی مہمات بے سود رہیں گی۔

## عوام کی سہولت اور آسانی کے لیے محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کا ضلعی دفتر ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں قائم کیا جائیگا

### اس سلسلہ میں دفتر کے قیام کے لیے ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں جگہ بھی آلاٹ کر دی گئی ہے: ڈپٹی کمشنر حافظ آباد

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے کہا ہے کہ عوام کی سہولت اور آسانی کے لیے محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کا ضلعی دفتر ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں قائم کیا جائیگا۔ اس سلسلہ میں دفتر کے قیام کے لیے ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں جگہ بھی آلاٹ کر دی گئی ہے۔ اس سلسلہ میں محکمہ ایکسائز کے افسران کا اجلاس منعقد ہوا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حمد اللہ، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر عبدالحئی، ڈی وی اے اشرف اعوان، انچارج موٹر برانچ عمران خان سمیت دیگر اجلاس میں شریک تھے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ شہریوں کو اپنی گاڑیوں کی رجسٹریشن اور دیگر حکومتی واجبات کی ادائیگی و معاملات کے سلسلہ میں محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے شہری علاقے سے دور دفتر آنا پڑتا تھا۔ عوام کی سہولت اور آسانی کے پیش نظر محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے ضلعی دفتر کو جلد ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں منتقل کر دیا جائیگا۔ اس سلسلہ میں نئے دفتر کے قیام کے لیے باقاعدہ جگہ بھی آلاٹ کر دی گئی ہے۔ ڈپٹی کمشنر محکمہ ایکسائز کے افسران کو ہدایت کی کہ نئے دفتر کی تعمیر کے حوالے سے اپنے تمام ضروری معاملات کو جلد نمٹا لیا جائے۔

## جمعیت اشاعت توحید و سنہ سٹی کے زیر اہتمام توحید و سنت 23 روزہ کورس کی اختتامی تقریب

### سیرت النبی ﷺ پر عمل درآمد کر کے زندگیوں کو پرسکون بنایا جا سکتا ہے: عالم دین مولانا عطاء اللہ بندیالوی

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال) جمعیت اشاعت توحید و سنہ سٹی کے زیر اہتمام توحید و سنت 23 روزہ کورس کی اختتامی تقریب، عالم دین مولانا عطاء اللہ بندیالوی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیرت النبی ﷺ پر عمل درآمد کر کے زندگیوں کو پرسکون بنایا جا سکتا ہے اگر ہم اپنی زندگیوں کو اسلام کے اصولوں کے مطابق گزارنے کا تہیہ کر لیں تو کوئی طاقت مسلمانوں کو دنیا کی حکمرانی سے نہیں روک سکتی مگر افسوس منفی سرگرمیوں کے باعث اسلام کے بنیادی ستونوں پر گرفت ڈھیلی پڑ چکی ہے والدین اور علماء کرام کو ہنگامی بنیادوں پر کام کر کے مستقبل کی راہوں کا تعین کرنا ہوگا عبداللہ میرج ہال میں جمعیت اشاعت توحید و سنہ سٹی کے زیر اہتمام توحید و سنت 23 روزہ کورس کی اختتامی تقریب سے مولانا نصر اللہ راشد، مفتی ظہیر الدین بابر، مفتی اسحاق حقانی، ممبران ضلعی امن کمیٹی حافظ شہباز رسول، مولانا عثمان بٹ، اعجاز غزنوی و دیگر علماء نے اپنے خطاب میں زور دیا کہ ہمیں اپنی بچیوں پر بھی دینی تعلیم کے حصول کو ممکن بنانے کے اقدامات اٹھانے ہوں گے تاکہ ہمارے خاندانوں میں اسلامی تعلیمات پر عمل کرنے اور انکی ترویج کیلئے ٹھوس بنیادیں فراہم ہو سکیں تقریب کے آخر میں ملکی سلامتی کی خصوصی دعائیں کی گئیں

## سنٹر آف ایکسیلینس بوائز سیالکوٹ میں داخلہ ٹیسٹ انعقاد ہوا

### دانش سکولز ویژن میرٹ اور صرف میرٹ ہے۔ ادارہ پرنسپل

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیالکوٹ کے سنٹر آف ایکسیلینس فار بوائز میں کلاس ششم اور نہم کے داخلہ ٹیسٹ کا انعقاد کیا گیا ہے جس میں ہزار سے زائد طلبا نے شرکت کی۔ اس موقع پر پرنسپل سنٹر آف ایکسیلینس نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہو※ بتایا کہ دانش اتھارٹی کا ویژن صرف اور صرف میرٹ ہے۔ میرٹ کی بنیاد پر ہی ہمارا ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکتا ہے۔ ہم نے بھی اسی پالیسی کو ہی مدنظر رکھ کر طلبا کو داخلہ دینا ہے۔ الحمدللہ ※ سینٹر آف ایکسیلینس بوائز تعلیمی نتائج کے لحاظ سے ضلع بھر میں نمایاں مقام رکھتا ہے۔ یہ سب اساتذہ کرام کی محنت اور لگن کے سبب ہے۔ اللہ پاک ملک و قوم اور ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔

## لائنز کلب انٹرنیشنل کی خدمات گرانقدر ہیں۔ لائن محمد خالد وسیم

### لائنز کلب نے رمضان میں 15 لاکھ روپے انسانیت کی فلاح و بہبود کیلئے خرچ کئے

Lion Muhammad Khalid Waseem & Family

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) لائنز کلب سیالکوٹ کے اعزاز میں پروقار تقریب کا انعقاد زیر اہتمام لائن محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ سکینہ حسین حویلی میں ہوا پروقار افطار ڈنر لائن کلب شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے لائن محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ لائنز کلب انسانیت کی خدمت میں سرگرم عمل ہے لائنز کلب نے رنگ و نسل اور مذہب سے بالاتر انسانیت کی خدمت کے جذبے سے سرشار ہو کر رمضان المبارک میں 15 لاکھ روپے کے فلاحی منصوبوں پر عمل درآمد کیا۔ کلب کے صدر لائن محمد خالد وسیم نے اپنے خطبہ استقبالیہ میں مہمانان خصوصی اور کلب کے ممبران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کلب کے فلاحی منصوبوں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے بتایا کہ سیالکوٹ لائنز کلب کے زیر اہتمام ذہنی پسماندہ بچوں کے ادارے ”دی لائٹ“ اور سول ہسپتال کے ٹی بی وارڈ کے لیے ممبران ہر سال خطیر رقم عطیہ کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ کلب نے رمضان المبارک میں ایک نیا فلاحی منصوبہ شروع کیا، جس کے تحت ضرورت مند سفید پوش افراد کے محلے کی دکانوں پر ادھار کھاتوں کی پوشیدہ طور پر ادائیگی کی گئی۔ لائن ممبران نے صدر کی کال پر لبیک کہتے ہوئے صرف ایک ماہ میں تقریباً 15 لاکھ روپے ادا کیے۔ تقریب میں مہمانان خصوصی لائن طاہر کپور ڈسٹرکٹ میٹر، لائن فیضان مجید کپور پاسٹ ڈسٹرکٹ گورنر، لائن شفقت چوہدری کونسل وائس چیئرمین، لائن محمد سلیم سیکنڈ وائس ڈسٹرکٹ گورنر، لائن عاشق علی باجوہ پاسٹ ڈسٹرکٹ گورنر، لائن رانا سہیل ریجن چیئرمین، لائن محمد امین ریجن چیئرمین اور لائن نعیم یوسف زون چیئرمین نے شرکت کی تقریب کی نظامت سیکرٹری کلب لائن آفتاب حسین ناگرہ ایڈووکیٹ نے کی۔ دیگر شرکاء میں لائن ملک نصیر، لائن ملک اشرف، لائن روف بٹ، لائن ظفر جعفری، لائن محمد وسیم، لائن اعجاز غوری، لائن جبار علوی، لائن شمس عمران، لائن ادیب بٹ، لائن عظیم بٹ، لائن یونس مغل، لائن سجاول وسیم، لائن حسن وسیم، لائن شہزاد گوگا اور اسامہ وسیم شامل تھے۔ تقریب کے آخر میں لائنز کلب نے افطار ڈنر کے میزبانوں وسیم فیملی اور دیگر مہمانان گرامی کا شکریہ ادا کیا۔ وسیم فیملی کی طرف سے لائن حسن وسیم نے کلب میں شامل ہونے والوں اور دیگر مہمانان گرامی کا شکریہ ادا کیا۔

## سیالکوٹ نارووال نارنگ سیکشن پر خصوصی توجہ دی جائے

### لاہور نارووال سیکشن ہمیشہ عدم توجہ کا مرکز رہا ٹرینوں پر سفر کرنے والے لاکھوں افراد کو لاوارث نہ سمجھا جائے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) سیالکوٹ نارووال نارنگ سیکشن پر خصوصی توجہ دی جائے عید کے موقع پر مسافر کوچز میں اضافہ کیا جائے لاہور نارووال سیکشن ہمیشہ عدم توجہ کا مرکز رہا ٹرینوں پر سفر کرنے والے لاکھوں افراد کو لاوارث نہ سمجھا جائے مسافروں کی وزارت ریلوے کے نئے وزیر حنیف عباسی سے اپیل سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے مسافروں مرزا عبدالباسط ملک ملک اعظم علی دیگر کا کہنا تھا کہ وفاقی وزیر حنیف عباسی سے اپیل کرتے ہیں کہ سیالکوٹ نارووال نارنگ سیکشن کو اپگریڈ کیا جائے تاکہ ٹریک اور ٹرینوں کے مسائل کے حل میں مدد مل سکے ٹریک انتہائی کمزور اور چلنے والی ٹرینیں کھٹارا ہو چکی ہیں جو کوچز ناکارہ ہو چکی ہیں وہ اس سیکشن پر چلا دی جاتی ہیں یہ ظلم بند کیا جائے اس سیکشن پر لاکھوں افراد سفری سہولیات کیلئے ریل گاڑی کا انتخاب کرتے ہیں اس پر فوری کام کرنے کی ضرورت ہے ٹرینوں اور کوچز کی تعداد میں اضافہ کیا جائے اسٹیشنز اور ٹریک کے مسائل کو فوری حل کیا جائے تاکہ مسافروں کی مشکلات کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔

## آٹھ سالوں سے پٹھہ اسٹیڈیم مکمل نہ ہو سکا

مریدکے (تحصیل رپورٹر) آٹھ سالوں سے پٹھہ اسٹیڈیم مکمل نہ ہو سکا متعدد سرکاری دفاتر کا خاتمہ کر کے فٹبال اکیڈمی بنا دی لیکن نوجوانوں کے کھیلنے کی سہولیات انتظامیہ کی جانب سے نہ دی گئی کروڑوں روپوں کے فنڈز ہڑپ کرنے کا انکشاف بتایا جاتا ہے کہ کروڑوں روپوں کی لاگت سے متعدد بار تعمیر ہونے والا ریلوے روڈ پر واقع پٹھہ اسٹیڈیم آج تک مکمل نہ ہو سکا نہ ہی نوجوانوں کے کھیلنے کیلئے سہولیات میسر ہوئی عوامی پریس کلب مریدکے کی خبروں پر انتظامیہ حرکت میں آئی اور صرف فوٹو سیشن کر کے کارروائی مکمل کر لی گئی مبینہ قیمتی اشیا اسٹیڈیم اور دیگر کھیلوں کے میدانوں سے ملی بھگت سے چوری کروا دی گئی نارووال چوک کے قریب متعدد سرکاری اداروں کا خاتمہ کر کے فٹبال اکیڈمی کروڑوں روپوں کی لاگت سے بنائی گئی لیکن آج تک کوئی بڑا میچ نہ کھیلا گیا۔ اور نہ ہی نوجوانوں کو کھیلنے کی اجازت دی گئی مریدکے میں نوجوانوں کے کھیلنے کیلئے بنائی گئی کمپلیکس اور کھیلوں کے میدان مبینہ کرپشن کی بھینٹ چڑھ گئے ہیں ممبران ہوں ٹھیکیدار یاں تحصیل و ضلع انتظامیہ ملی بھگت سے کروڑوں روپوں کے فنڈز مبینہ طور پر خورد برد کر دیئے گئے ہیں، جس پر شہری نے ڈی جی اینٹی کرپشن پنجاب اور دیگر احتساب کرنے والے اداروں میں تحریری درخواستیں دے دی ہیں جس پر انکوائری کے بعد ملوث افسران ٹھیکیداروں و ممبران کیخلاف قانونی و محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی

## ضلع کی تینوں تحصیلوں کے شہریوں میں پودوں کی مفت تقسیم کا عمل جاری

### رمضان بازاروں میں پودے مفت تقسیم کیے جا رہے ہیں: ڈپٹی کمشنر محمد سلیم

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر پلانٹ فار پاکستان مہم کے تحت ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب کی جانب سے ضلع کی تینوں تحصیلوں کے شہریوں میں پودوں کی مفت تقسیم کا عمل جاری ہے۔ تینوں تحصیلوں کے ستے رمضان بازاروں میں پودے مفت تقسیم کیے جا رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر محمد سلیم اختر راؤ نے ستے رمضان سہولت بازار ننکانہ اور شاہکوٹ میں شہریوں کو پودے تقسیم کیے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو شرینہ جونیجو، اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ وجیہہ ثمرین، اسسٹنٹ کمشنر شاہکوٹ شاہ شرافت سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔ رمضان بازاروں کے باہر پودے حاصل کرنے والے شہری بھی بڑی تعداد میں موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد سلیم اختر راؤ نے پودوں کی تقسیم کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پہلے مرحلے میں ضلع کی تینوں تحصیلوں میں 15 ہزار پودے مفت تقسیم کیے جا رہے ہیں، مفت پودے تقسیم کرنے کا مقصد عوام الناس میں شجرکاری کا شعور بیدار کرنا ہے۔ ڈی سی محمد سلیم اختر راؤ نے کہا کہ حکومت اور عوام مل کر ہی ماحولیاتی آلودگی پر قابو پا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے، پودوں کی پرورش ہم سب کی اصل ذمہ داری ہے۔ ضلع میں شجرکاری مہم بھرپور طریقے سے جاری ہے، رواں سیزن میں ایک لاکھ 54 ہزار پودے لگا کر ان کی پرورش کریں گے جبکہ رواں سال کے دوران ضلع میں 03 لاکھ پودے لگانے کا ٹارگٹ مکمل کیا جائے گا۔

## مسافر وینز میں ایل پی جی سلنڈرز استعمال کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں، متعدد گاڑیاں بند کر دیں

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) پولیس چوکی بھاگوڈیال کی مسافر وینز میں ایل پی جی سلنڈرز استعمال کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں گاڑیاں بند کر دیں مقدمات درج کر کے کارروائی شروع اس موقع پر انچارج بھاگوڈیال چیک پوسٹ ظفر اقبال نے سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مسافر گاڑیوں میں ایل پی جی گیس سلنڈرز کا استعمال غیر قانونی ہے کسی کو بھی انسانی جانوں سے کھیلنے کی اجازت نہیں دیں گے جو خلاف ورزی کرے گا اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی متعدد گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی جن میں ایل پی جی سلنڈرز کا استعمال کیا گیا تھا ان کو بند کر دیا گیا ہے مقدمات درج کر کے قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے ماضی میں ایل پی جی کے غیر معیاری سلنڈرز کے استعمال کی وجہ سے کئی قیمتی جانیں ضائع ہو چکی ہیں۔

## ایس ای لیسکو شیخوپورہ عمر بلال نے فیلڈ عملہ کی کارکردگی کا جائزہ

### مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور اہل شہریوں سے ملاقاتیں کر کے لیسکو عملہ کی کارکردگی و صارفین کی شکایات کے ازالہ کے حوالے سے بات چیت کی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ایس ای لیسکو شیخوپورہ عمر بلال نے فیلڈ عملہ کی کارکردگی کا جائزہ لینے کیلئے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور اہل شہریوں سے ملاقاتیں کر کے لیسکو عملہ کی کارکردگی و صارفین کی شکایات کے ازالہ کے حوالے سے بات چیت کی اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایس ای عمر بلال نے کہا کہ فیلڈ عملہ کو صارفین کی روزمرہ کی شکایات کے ازالہ کا پابند بنایا گیا ہے تاکہ صارفین کو بجلی کی فراہمی میں کسی طرح کے تعطل کا سامنا نہ کرنا پڑے، صارفین کی دادرسی کیلئے کھلی کچہریوں کا بھی انعقاد کیا جا رہا ہے تاکہ وہ اپنے مسائل براہ راست بیان کر کے ان کا تدارک کروا سکیں بجلی چوری کی روک تھام کیلئے عملہ برسرپیکار ہے اور ضلع بھر میں اس حوالے سے موثر اقدامات اٹھائے گئے ہیں جن کے موثر و سودمند نتائج سامنے آئے ہیں عملہ کی کارکردگی کی مانیٹرنگ کیلئے فیلڈ وزٹ کا فیصلہ کیا اور یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا تاکہ فیلڈ ملازمین کی کارکردگی کو مزید موثر بنایا جا سکے، انہوں نے واضح کیا کہ امور ذمہ داری کی انجام دہی میں کسی طرح کی غفلت و کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی جو لیسکو ملازمین محکمانہ فرائض کی انجام دہی سے قاصر پایا گیا اس کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

## ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کا ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد راشد ہدایت کے ہمراہ سیف سٹی کنٹرول روم کا دورہ

### ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد راشد ہدایت نے ضلع بھر میں لگائے گئے سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے شہر کے مختلف مقامات کی مانیٹرنگ بارے تفصیلی آگاہ کیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کا ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد راشد ہدایت کے ہمراہ سیف سٹی کنٹرول روم کا دورہ، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد راشد ہدایت نے ضلع بھر میں لگائے گئے سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے شہر کے مختلف مقامات کی مانیٹرنگ بارے تفصیلی آگاہ کیا، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ سیف سٹی پروگرام کے ذریعے جرائم کی روک تھام میں مدد ملے گی اور جرائم پیشہ افراد کی نشاندہی میں آسانی میسر آئے گی، انہوں نے کہا کہ کنٹرول روم میں ڈیوٹی پر مامور اہلکار باہمی ربط و رابطہ کو فروغ دیں اور محنت سے کام کرتے ہوئے جرائم کو کنٹرول کرنے میں اپنا بہترین کردار ادا کریں۔

## انتخابات اور ملک میں جمہوری عمل کو مستحکم بنانے کے لیے نوجوانوں کا کردار بڑی اہمیت کا حامل ہے

### نوجوان اپنے ووٹ کے درست استعمال سے ملک میں آزاد شفاف اور منصفانہ انتخابات کے ذریعے حکومتوں کے قیام میں عملی طور پر حصہ لیکر ملک و قوم کی ترقی اور خوشحالی کے لیے اپنا کلیدی کردار ادا کریں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر خالد رشید اور الیکشن آفیسر عارفہ اصغر نے کہا ہے کہ انتخابات اور ملک میں جمہوری عمل کو مستحکم بنانے کے لیے نوجوانوں کا کردار بڑی اہمیت کا حامل ہے نوجوان اپنے ووٹ کے درست استعمال سے ملک میں آزاد شفاف اور منصفانہ انتخابات کے ذریعے حکومتوں کے قیام میں عملی طور پر حصہ لیکر ملک و قوم کی ترقی اور خوشحالی کے لیے اپنا کلیدی کردار ادا کریں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ووٹ کے اندراج کے حوالے سے یوتھ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سیمینار میں مختلف محکموں کے افسران، نمائندوں، سماجی تنظیموں کے راہنماؤں اور نوجوانوں ووٹرز کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر خالد رشید اور الیکشن آفیسر عارفہ اصغر کا کہنا تھا کہ ہمارے ملک میں نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد ووٹ کی اہل ہو چکی ہے لیکن بعض حلقوں میں نوجوانوں کی عدم دلچسپی کے باعث ٹرن آؤٹ توقعہ سے کم رہتا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہمارے ملک کی یوتھ اپنے قیمتی ووٹ کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے انتخابات میں ووٹ کا استعمال ضرور کریں تاکہ انکے قیمتی ووٹ اور رائے سے ایک ایسی حکومت معرض وجود میں آئے جو حقیقی معنوں میں اس یوتھ کی ترجمانی اور ملک و قوم کی خوشحالی، معیشت کے استحکام کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کر سکیں۔ انکا کہنا تھا کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے سول سوسائٹی کے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کو ووٹ کے اندراج اور ووٹ کے درست استعمال کے حوالے سے شعور اور آگاہی کا سلسلہ جاری ہے۔ انکا کہنا تھا کہ آنے والے وقتوں میں ملک کے جمہوری عمل کو استحکام دینے اور حکومتوں کے قیام میں پاکستانی یوتھ کی بہت زیادہ اہمیت ہو گی۔ اس لیے مختلف سیمینار اور تقریبات کے ذریعے یوتھ اور خواتین کو انکے ووٹ کی اہمیت کے حوالے سے مختلف پہلوؤں کے ذریعے آگاہی فراہم کی جا رہی ہے جبکہ مختلف سماجی تنظیموں، سرکاری تعلیمی اداروں میں بھی ووٹ کی اہمیت کے حوالے سے خصوصی مہم چلائی جا رہی ہے۔

## تنظیم شہری دفاع نے یوم علی پر بہترین ڈیوٹی کی۔ طاہر مجید کپور

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) شہادت مولائے کائنات حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کے موقع پر مرکزی ماتمی جلوس مرکزی امام بارگاہ دربتول اڈہ پسروریاں سے برآمد ہوا جو اپنے روایتی قدیمی راستوں سے ہوتا ہوا بخیر و عافیت اختتام پذیر ہوا۔ اس دوران سیالکوٹ پولیس، سول ڈیفنس سیالکوٹ، ریسکیو سروسز 1122 سمیت ضلعی و تحصیل انتظامیہ کے ہزاروں اہلکاروں نے ڈیوٹی سرانجام دی۔ تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ کے رضا کاروں نے چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور کی قیادت میں مستعدی کیساتھ سیکیورٹی ڈیوٹی سرانجام دی۔ ڈویژن وارڈن 1 کمانڈر محمد اسلام میر اور ڈویژن وارڈن 2 حدید احمد بٹ نے جلوس کی مسلسل نگرانی کی اور باوردی ڈیوٹی رضاکاران سول ڈیفنس سیالکوٹ کی بھرپور معاونت کی۔ اس موقع پر چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور نے میڈیا ٹاک میں کہا کہ تنظیم شہری دفاع نے یوم علی پر بہترین ڈیوٹی پرفارم کی جس پر انہیں شاباش دیتا ہوں ہمارے باوردی رضاکاران فرسٹ لیئر سیکیورٹی ڈیوٹی پر معمور تھے اس کے علاوہ ایگزیکٹوز کی زبردست کی پرفارمنس ہر بار کی طرح زبردست تھی۔

## ضلع میں چھوٹے جانوروں کی تقسیم کی حالیہ خبریں سراسر غلط ہیں

### حکام نے تصدیق کی ہے کہ چکوال میں ایسی کوئی سکیم نہیں چلائی جا رہی اور سوشل میڈیا اور دیگر پلیٹ فارمز پر گردش کرنے والی غلط معلومات عوام کو گمراہ کر رہی ہیں

چکوال (سید عابد حسین بخاری سے) محکمہ لائیو سٹاک چکوال نے واضح کیا ہے کہ ضلع میں چھوٹے جانوروں کی تقسیم کی حالیہ خبریں سراسر غلط ہیں۔ حکام نے تصدیق کی ہے کہ چکوال میں ایسی کوئی سکیم نہیں چلائی جا رہی اور سوشل میڈیا اور دیگر پلیٹ فارمز پر گردش کرنے والی غلط معلومات عوام کو گمراہ کر رہی ہیں۔ محکمہ نے اس بات پر زور دیا کہ چھوٹے جانوروں کی نر بکرا اور نر چترے کی فراہمی کی اسکیم صرف جنوبی (جنوبی) پنجاب میں نافذ کی جا رہی ہے، چکوال یا دیگر اضلاع میں نہیں۔ شہریوں سے گزارش ہے کہ ایسے کسی بھی دعوے پر یقین کرنے یا شیئر کرنے سے پہلے سرکاری سرکاری ذرائع سے تصدیق کر لیں۔ حکام نے خبردار کیا ہے کہ جھوٹی خبریں پھیلانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جا سکتی ہے۔ عوام کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ حکومتی اقدامات سے متعلق درست معلومات کے لیے محکمہ لائیو سٹاک کے سرکاری دفاتر سے رابطہ کریں #

## چونیاں: سپیشل ایجوکیشن سنٹر میں خصوصی بچوں میں عیدالفطر کے تحفے تقسیم کیے گئے

چونیاں (تحصیل رپورٹر) چونیاں میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر آج سپیشل ایجوکیشن سنٹر میں خصوصی بچوں میں عید الفطر کے تحفے تقسیم کیے گئے تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر تحصیل چونیاں میں گورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن سنٹر میں 250 سے زائد اسپیشل بچوں میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی طرف سے بھیجے گئے عید الفطر کے تحفے تقسیم کیے گئے، پروگرام کے مہمانِ خصوصی سابقہ ن لیگی رکن قومی اسمبلی رانا محمد اسحاق اور سول سوسائٹی کے افراد نے خصوصی شرکت کی وزیر اعلیٰ پنجاب کے اس احسن اقدام کو شہریوں اور سول سوسائٹی کی جانب سے خوب سراہا گیا تقریب میں مہمان خصوصی ن لیگی سابق ایم این اے رانا محمد اسحاق خان، اسسٹنٹ کمشنر چونیاں طلحہ انوار، پرنسپل میڈیم تبسم ناز، احمد رضا ایس ایس ای ٹی، چوہدری ندیم اشرف جٹ، فیاض گڈو۔ ملک شرافت علی گوہر، شیخ ابوبکر صدیق - حاجی ارشد - رشید رحمانی اور محمد احسن طور۔ سابق چیئرمین میاں نسیم، وائس چیئرمین بلال ہاشمی۔ سابق چیئرمین چھانگا مانگا رانا مشتاق۔ رانا واجد چوہدری ارشد آرائیں شوکت ٹاؤن والے۔ چوہدری فیاض دھون اور رانا سلمان یوسف کے علاوہ سینکڑوں سیاس۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

# نعرے، مظاہرے اور زمینی حقائق

جماعت اسلامی نے جمعہ کو ملک بھر میں غزہ میں اسرائیل کی نئی جنگ جوئی کے خلاف احتجاج کا اعلان کیا تھا۔ جمعرات کو لاہور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ ہم تو امریکی سفارت خانہ اور اس کے تمام قونصل خانوں کے باہر بھی احتجاج کرنا چاہتے ہیں لیکن 'امریکہ کی غلام حکومت' اس کی اجازت نہیں دیتی۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکہ میں وائٹ ہاو?س کے باہر مظاہرے ہو سکتے ہیں لیکن پاکستان کے غلام احتجاج سے ڈرتے ہیں۔ پاکستان میں احتجاج اور مظاہروں کے علاوہ ملک بھر میں انسانی فلاح کے لیے کام کرنے والی متعدد تنظیمیں تسلسل سے عوام سے غزہ کے شہریوں کی مدد کرنے کے لیے چندے جمع کرتی ہیں۔ تاکہ جنگ سے متاثر لوگوں کو خوراک اور دیگر ضروریات زندگی بہم پہنچائی جائیں۔ اب یہ سلسلہ دنیا بھر میں پاکستانی مسلمانوں سے مدد کی اپیل تک دراز ہو چکا ہے۔ ایسی بیشتر تنظیمیں پاکستان ہی میں منظم ہیں اور کسی عالمی ادارے کے ساتھ مل کر وہ کسی بڑے امدادی منصوبے کا حصہ بھی نہیں ہیں۔ آج ہی فلسطینیوں کی امداد کے لیے قائم اقوام متحدہ کے ادارے انروا (یو این آر ڈبلیو اے) نے غزہ میں غذا کی شدید قلت کے بارے میں معلومات فراہم کی ہیں اور کہا کہ اس کے پاس ضرورت مندوں کے لیے صرف 6 دن کا آٹا باقی رہ گیا ہے۔ کیوں کہ اسرائیل ہر قسم کے امدادی سامان کی ترسیل میں رکاوٹ ڈال رہا ہے۔

ایسے میں پاکستان سے غزہ کے شہریوں کی مدد کرنے والی کسی تنظیم سے کوئی سرکاری ادارہ نہیں پوچھتا کہ وہ فلسطینیوں کے نام پر جمع کیے ہوئے وسائل کیسے غزہ پہنچاتے ہیں اور ان کے پاس کون سا ایسا انتظامی ڈھانچہ ہے جو اسرائیلی فوجی ناکہ بندی کے باوجود غزہ کے شہریوں کی مدد کر سکتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اکتوبر 2023 میں شروع ہونے والے اس تنازعہ میں غزہ کے شہریوں کی ضرورتیں پوری کرنے کے لیے وسائل کی کمی نہیں رہی بلکہ اسرائیل اس کی فراہمی میں سب سے بڑی رکاوٹ بنا رہا ہے۔

# پڑھا لکھا کون ہے؟؟؟

تخلیق نامہ
تخلیق صدیقی

آج کے معاشرے میں "تعلیم یافتہ" ہونے کی تعریف محض کاغذی اسناد اور تعلیمی ڈگریوں تک محدود ہو چکی ہے۔ ہم اکثر اس بات کو نظر انداز کر دیتے ہیں کہ اصل تعلیم وہ ہے جو انسان کے اندر فکری گہرائی، سماجی شعور اور اخلاقی ذمہ داری پیدا کرے۔ دنیا بھر کے عظیم فلسفیوں اور دانشوروں نے تعلیم کو محض معلومات کے حصول تک محدود نہیں رکھا، بلکہ اسے معاشرتی بہتری اور انسانیت کی فلاح کے لیے ایک طاقتور اوزار سمجھا۔ انتونیو گراچی کی بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے، ایک تعلیم یافتہ شخص وہ ہے جو اپنی زندگی کے عمل میں مکمل طور پر شامل ہو اور معاشرے کے مسائل سے بے خبر نہ رہے۔

آج کل تعلیم یافتہ شخص وہ سمجھے جاتے ہیں جن کے پاس ماسٹرز یا ڈاکٹریٹ کی ڈگری ہو۔ یہ اس بات کی علامت بنتی ہے کہ ان کے پاس علمی صلاحیتیں ہیں، لیکن کیا یہ صلاحیتیں حقیقت میں معاشرے کی بہتری کے لیے استعمال ہو رہی ہیں؟ گراچی کی نظر میں ایک شخص جو اپنے تعلیمی سفر کو محض ذاتی مفاد تک محدود رکھے، وہ حقیقی تعلیم سے محروم ہے۔ تعلیم کا مقصد صرف ذاتی کامیابی تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ اس کا مقصد اپنے معاشرے میں شعور پیدا کرنا، منفی سوچوں کا مقابلہ کرنا اور معاشرتی انصاف کے لیے کام کرنا ہونا چاہیے۔

آج کے دور میں ہم دیکھتے ہیں کہ بہت سے تعلیم یافتہ افراد فیشن، عیش و عشرت، اور ذاتی مفادات کے پیچھے بھاگتے ہیں، حالانکہ ان کے پاس ایسے علم اور مہارتیں ہیں جو انہیں معاشرے کے لیے فائدہ مند بنا سکتی ہیں۔ انہیں یہ سمجھنا ہوگا کہ علم کا اصل مقصد صرف خود کو آگے بڑھانا نہیں ہے بلکہ دوسروں کی بھلائی کے لیے استعمال کرنا ہے۔ اگر ایک تعلیم یافتہ شخص صرف اپنی ذاتی خوشی کے پیچھے دوڑتا رہے اور معاشرتی مسائل سے غافل رہے، تو وہ دراصل اپنی ذمہ داریوں سے انکار کر رہا ہے۔

دانشور وہ ہے جو معاشرے میں پھیلی منفی سوچ کو کم کر کے مثبت خیالات کو فروغ دے۔ یہ صرف تعلیم یافتہ افراد تک محدود نہیں ہے، بلکہ ایک؛ ڈاکٹر؛ کسان، مزدور، وزیر، یا کسی بھی شعبے کا فرد جو معاشرے کی فلاح کے لیے کام کرتا ہو، وہ بھی ایک دانشور ہو سکتا ہے۔ اس بات سے یہ واضح ہوتا ہے کہ علم صرف تعلیمی اسناد تک محدود نہیں ہے بلکہ اس کا حقیقی مقصد معاشرتی بہتری ہے۔

تعلیم کا اصل مقصد ذہنی صلاحیتوں کو بڑھانا اور انسانیت کی فلاح کے لیے کام کرنا ہے۔ ایک تعلیم یافتہ شخص وہ ہے جو صرف کتابوں اور اسناد میں قید نہیں رہتا، بلکہ وہ اپنے علم کو معاشرتی مسائل حل کرنے، جہالت کو ختم کرنے اور لوگوں میں شعور پیدا کرنے کے لیے استعمال کرتا ہے۔ اس کی سوچ تعصب، نفرت اور ہٹ دھرمی کے خلاف ہوتی ہے۔ وہ اپنے علم اور تجربے کو دوسروں کی بھلائی کے لیے استعمال کرتا ہے تاکہ ایک بہتر، باشعور اور علم دوست معاشرہ تشکیل دیا جا سکے۔

آج کے معاشرے میں تعلیم یافتہ ہونے کا معیار صرف اسناد اور ڈگریوں تک محدود نہیں ہونا چاہیے۔ تعلیم کا حقیقی مقصد انسانیت کی فلاح، معاشرتی بہتری، اور سماجی ذمہ داریوں کا شعور پیدا کرنا ہے۔ ایک تعلیم یافتہ شخص وہ ہے جو علم کو صرف ذاتی مفاد کے لیے نہیں بلکہ دوسروں کی بھلائی کے لیے استعمال کرتا ہے۔ معاشرے کے تمام افراد، چاہے وہ ڈاکٹرز ہوں وہ کسان ہوں، مزدور ہوں یا وزیر، اگر وہ اپنے علم و تجربے کو مثبت طریقے سے استعمال کریں، تو وہ بھی ایک تعلیم یافتہ اور دانشور شخص کہلانے کے حقدار ہیں۔

# پاکستان میں پڑھے لکھے طبقے کی قسمت اور مستقبل۔؟؟؟

تحریر، عبدالمجید سہلریا

وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز صاحبہ سے درد مند اپیل ہے، میں بطور ریٹائرڈ ٹیچر اپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف دلانا چاہتا ہوں، جو ائندہ انے والے سالوں میں وطن عزیز کا ناقابل حل مسئلہ بن سکتا ہے _اپ نے جب سے وزیر اعلی کا منصب سنبھالا ہے، اپ نے معاشرے کے مختلف طبقات کے لیے بڑے اہم فیصلے کیے ہیں، اور ان طبقات کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات بھی اٹھائے ہیں، اپ کے ان اقدامات سے معاشرے کے وہ طبقات کو جو مایوسی کی دلدل میں پھنس چکے تھے کافی راحت ملی ہے، اپ کے ان اقدامات کو نہ صرف ملک بلکہ بیرون ممالک میں بھی قابل ستائش سمجھا جا رہا ہے یقیناً اپ کے ان اقدامات سے وطن عزیز کی ترقی کا خواب پورا ہو سکے گا، جہاں ان گنت منصوبے اپ کی نگرانی میں شروع کیے گئے ہیں، وہاں ایک اہم منصوبہ ابھی تک اپ کی خصوصی توجہ میں کوئی جگہ نہیں بنا سکا میری مراد ان نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں سے ہے جو ایف ایس سی پری میڈیکل میں %90 سے زائد مارکس حاصل کر کے انٹری ٹیسٹ جیسے مشکل ٹیسٹ کے مرحلے سے گزر کر ایم بی بی ایس جیسی بڑی ڈگری میں داخل ہونے میں کامیاب ہوتے ہیں اور پھر دن رات کی مسلسل محنت کے بعد کڑے امتحانوں کہ مرحلہ سے گزر کر ڈاکٹر بنتے ہیں، اب وہ ملک وقوم کی خدمت کے لیے تیار ہوتے ہیں مگر ان کے لیے مناسب روزگار کا کوئی بندوبست نہیں ہوتا ان میں سے اکثریت ڈاکٹرز بن کر بھی بے روزگاری ان کا مقدر بن جاتی ہے معاشرے کے یہ بچے بچیاں جو میرٹ کے اعلی معیار کو قائم رکھتے ہوئے ڈاکٹر جیسے منصب پر فائز ہوتے ہیں ان کی مایوسی کو کم کرنے کے لیے ابھی تک اپ کی حکومت نے کوئی قدم نہیں اٹھایا محترمہ وزیر اعلی صاحبہ قوم اور وطن کے ہونہار اور اعلی تعلیم یافتہ لوگ اپ کی شفقت کے طلبگار ہیں ان نوجوانوں کو ملک کی خدمت ان کو مناسب روزگار فراہم کرنے کے لیے خصوصی اقدامات اٹھائے جائیں معاشرے کا یہ پڑھا لکھا طبقہ اپ سے بہت امیدیں وابستہ کیے ہوئے ہیں ان کے لیے اپ کی توجہ زندگی کی علامت ہے، اسی طرح جو بچے بچیاں بی ایس یا انجینئرنگ کی ڈگری مکمل کرتے ہیں کئی سالوں سے ملازمت کی تلاش میں ہیں، ان کے لیے روزگار کے مواقع بڑھنے کی بجائے کم ہوتے جا رہے ہیں مواقع میں کمی ان نوجوانوں کو مایوسی کی طرف لے جا رہی ہے، یہ مایوس طبقہ ادھر ادھر ہاتھ پاؤں مارنے کے بعد جب کہیں کامیاب نہیں ہوتے تو پھر بیرون ممالک جانے کا پروگرام بنا لیتے ہیں اس کام کے لیے وہ اپنی قیمتی جائیدادیں زمین فروخت کرنے سے بھی نہیں گھبراتے بیرون ممالک میں جانے کے لیے بعض تو قانونی راستہ اختیار کرتے ہیں اور بعض غیر قانونی، غیر قانونی راستہ اختیار کرنے والوں کی اکثریت انسانی سمگلوروں کے ہتھے چڑھ جاتی ہے یہ نوجوان اپنی تمام تر پونجی اور زندگی سے میں محرومی کے خطرات سے بھی نہیں ڈرتے، وہ ہر صورت یورپ کے کسی بھی ملک میں پہنچنا اپنی زندگی کا سب سے بڑا مقصد بنا لیتے ہیں، انسانی سمگلران پر وہ ظلم ڈاتے ہیں کہ روح کانپ اٹھتی ہے، جہاں یہ نوجوان انسانی سمگلورن کے ہاتھوں اپنی تمام تر ضائع کر بیٹھتے ہیں، وہاں یہ زندگی سے محروم بھی ہو جاتے ہیں، کشتیوں کے حادثات کنٹینروں کی داستان عام زو زبان ہیں بہت سارے نوجوان انکھوں میں سنہرے دور کے خواب سجا کے موت کے بے رحم ہاتھوں میں مارے جاتے ہیں، انسانی سمگلر اپنی شناخت چھپانے کے لیے ہزاروں نوجوانوں کو موت کی گھاٹ اتار دیتے ہیں، اور یہ سلسلہ ابھی تک جاری ہے اگرچہ مرکز میں قائم اپ کی پارٹی کی حکومت نے اس ظلم کے خلاف بہت اہم اقدامات اٹھا کر کامیابی حاصل کی ہے مگر مسئلہ کی بنیاد ابھی بھی اپ کی توجہ کی طلبگار رہے، ان نوجوانوں کے لیے جو مختلف مضامین میں یونیورسٹی سے ڈگریاں حاصل کیے ہوئے ہیں، ان کو وطن میں روزگار مہیا کیا جائے، یہ نوجوان اپنے وطن میں رہ کر اپنے خوابوں کو پورا کر سکیں، اگر ان نوجوانوں کے لیے روزگار کے دروازے بند رہے تو قدم قدم پر ایسے جنم لیتے رہیں گے، یہ نوجوان مایوسی میں جہاں اپنی زندگیاں خطرات میں ڈالیں گے، وہاں وطن عزیز کو بھی ناقابل تلافی نقصان پہنچے گا،،،، امید ہے کہ اپ مسئلہ پر غور فرما کر اس کے حل کے لیے عملی اقدامات اٹھا کر تاریخ میں اپنا نام زندہ رکھیں گے

# افغان حکومت اور امریکہ: مستقبل کا سفر

تحریر: شازار جیلانی

افغان حیران کن ہیں۔ دور دراز اور مشکل پہاڑی لوگ، جن کو پینتالیس سال سے جنگوں کا سامنا ہے۔ پہلے جن کا کل اثاثہ ان کا حوصلہ سمجھا جاتا تھا، لیکن حالیہ برسوں میں ان کی سیاسی سوجھ بوجھ توجہ کھینچ رہی ہے۔ جب کمیونسٹ پارٹی کے تیار کردہ افغان اقتدار کے افق پر ابھرے، تو ان کو عالمی کشمکش کا اچھا خاصہ اندازہ تھا۔ لیکن پھر ان کی جگہ مذہبی بونوں نے لے لی۔

ربانی اور حکمت یار کو افغان قوم کی بدقسمتی کے سوا کیا سمجھا جا سکتا ہے، جب پوری دنیا ان کے لئے سرخ قالین بچھائے، بانہیں پھیلائے، استقبال کرنے نکلی تھی، تو اس وقت وہ ان سے تعلقات بڑھانا، بلکہ ہاتھ ملانا اپنی توہین سمجھتے تھے۔ ان کی حماقت کا یہ عالم تھا کہ ان کو ملنے والے اسلحے، نقدیوں اور عالمی پذیرائی کے علاوہ، جن گاڑیوں میں وہ پھرتے تھے، جن قلعوں اور محلوں میں وہ رہتے تھے، جس تحفظ کو وہ انجوائے کرتے تھے، اور جن فورموں پر وہ بولتے تھے، وہ سب کچھ انہی عالمی طاقتوں کا ودیعت کردہ تھا، جن کو وہ اپنا دشمن بھی کہتے تھے۔ اتنا کچھ دے دلانے کے بعد، انسانی ارتقاء اور اخلاقیات کا تقاضا بنتا تھا کہ جنگ کے بعد 'دینے والوں' کا شکریہ تو ادا کر دیا جاتا۔ وہ جن کی جنگ لڑ رہے تھے، اگر جنگ کے اختتام پر وہ ان کے ساتھ بیٹھ جاتے، تو افغانستان آج جاپان اور جنوبی کوریا بن چکا ہوتا۔ لیکن بدقسمتی سے ان دنوں افغانوں کا کل اثاثہ ان کا حوصلہ تھا۔ کمیونسٹوں کے علاوہ، ربانی ہو، مجددی ہو، حکمت یار ہو، نبی محمدی ہو، یا پھر ملا عمر، ان میں کوئی بھی عالمی نزاکتوں، سفارتکاری، بین الاقوامی تعلقات، ہمسایہ ممالک کے ساتھ روابط، تجارت، مذاکرات کاری، مستقبل بینی اور عالمی سیاست سے کوئی سروکار نہیں رکھتے تھے، اور ان سب اہم ضروریات کے ٹھیکے انہوں نے بیرون ملک دیے ہوئے تھے۔ بلکہ یہ جنگ پسند، تو بعض اوقات مالکان کی بجائے، محض فرنچائز لگتے تھے۔

جو قوم بھی محدود مسلکی مذہبی تعلیم کے حاملین کو قوم کا نجات دہندہ سمجھتی ہے، وہ خوابوں کی رنگین سرزمین پر خوبصورت تتلیوں کے پیچھے ہانپتی ہوئی بھاگتی ہے۔

افغان حیران کن اس لیے ہیں، کہ وہ مذکورہ 'تاریخی شخصیات' کے راستے پر محض حوصلے سے چلنے کی بجائے، اب وہ سیاست، عالمی کشمکش، تجارت، قومی مفادات، شراکت کاری، مذاکرات کا فن، ہمسایوں کے ساتھ تعلقات اور سب سے بڑھ کر اپنی عالمی اہمیت سیکھ چکے ہیں۔ بس اب وہ افغان بنے۔

ان کی موجودہ حکومت اسی طرح کا سیاسی بندوبست ہے، جس طرح انگریز نے برصغیر سے جاتے ہوئے، ہندوستان کو تقسیم کر کے فریقین کو حکومتیں منتقل کر دی تھیں۔ انہوں نے دوحہ معاہدے کے تحت امریکہ کو کچھ گارنٹیاں مہیا کی ہیں، تو کچھ یقین دہانیاں امریکہ سے بھی لی گئی ہوں گی۔ یہ خود سے نہیں آئے، بلکہ امریکہ نے اپنے پرانے بندوں کو تبدیل کر دیا ہے، جس طرح سوویت یونین افغانستان میں کرتا رہا تھا۔

جس علاقے کے انتظام پر امریکی خون کے ساتھ ساتھ ٹریلین ڈالر خرچ ہوتے رہے، اگر وہ ماہانہ چند ملین ڈالر کے خرچے سے چلتا ہے، تو امریکہ کے لئے یہ برا سودا نہیں ہے۔ ربانی اور حکمت یار کے برعکس، طالبان کو کسی عالمی طاقت کے ساتھ تعلقات اور مذاکرات کے لئے کسی سہولت کار کی ضرورت نہیں رہی اور ان کو اپنے جغرافیے اور سیاسی اہمیت کا بھی اندازہ ہو گیا ہے۔

دوحہ معاہدے کے بعد پاکستان کی بجائے مسقط کو افغانستان میں 'فیصلہ کن' بالادستی حاصل ہو گئی ہے، جو افغان اور عالمی قوتیں بیک وقت جانتی ہیں۔ اب اگر افغان حکومت پاکستان کی عالمی جغرافیائی اہمیت چرا کر، امریکہ کو وہ ساری سہولیات مہیا کر دیتی ہے، جو ماضی میں بار بار ان کو پاکستان مہیا کرتا آیا ہے، تو نہ صرف یہ کہ افغانستان اندرونی طور پر ایک مستحکم ملک بن سکتا ہے بلکہ امریکی چھتری کے نیچے ایک جارح علاقائی کردار بھی ادا کر سکتا ہے۔ لیکن اس کے لئے حکومتی ڈھانچے، انتظامی معاملات اور افغان قومی سوچ میں بنیادی تبدیلیاں لانا لازمی عناصر ہیں۔

ماضی میں امریکہ کے لئے لڑائی لڑنے والے افغان، ان کے پاکستانی اور دوسرے ممالک کے دوست، اب سارے افغانوں کے پاس ہیں۔ دوسری طرف پاکستان میں موجود جنگجو مدارس اور ان کے منتظمین کے ساتھ ساتھ ایسے گروہ اور اشخاص بھی ٹارگٹ کیے جا رہے ہیں، جو کسی بھی طرح پاکستان کی 'جارحانہ سفارتکاری کے ساتھی' سمجھے جاتے تھے۔ لیکن افغانستان میں ایسے لوگوں کو پناہ اور سہولیات ملی ہوئی ہیں، جو عالمی طاقتوں کو ضرورت پڑنے پر میسر ہوں، تو افغان حکومت کی اہمیت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

طالبان کو سیدھا کرنے کے لئے ایک طرف داعش ہے، تو دوسری طرف ایسے عناصر ہیں، جو طالبان کے لئے اہم ہیں، لیکن وہ افغان سرزمین سے پاکستان پر حملے کریں، تو پھر پاکستان کی طرف سے جوابی حملے ہونے کا خطرہ ہے۔

یورپ میں منعقدہ حالیہ ہرات کانفرنس کے نتائج کو اپنے حق میں کرنے اور مخالف گروہوں کی اہمیت کو کم کرنے کی خاطر افغان حکومت نے نہ صرف یہ کہ افغانستان میں قید، امریکی شہری کو ایک حیران کن سفارتی اقدام میں امریکہ کے حوالے کیا، بلکہ امریکہ کے ساتھ مستقبل میں 'مفید مذاکرات' کو جاری رکھنے کا عندیہ بھی دیدیا۔ بیرون ملک اپنی پذیرائی بڑھانے کے اس اقدام کے ساتھ اس نے محدود نوعیت کا ایک جرگہ بلانے کا بھی عندیہ دے دیا جو اگرچہ روایتی قومی جرگے کا متبادل نہیں ہے لیکن پالیسیوں میں لچک کا اظہار ضرور ہے۔

مذہبی تعلیمات اور اقتدار کی نزاکتیں سمجھنے کے لئے ضروری ہے، کہ پیغمبر اسلام ﷺ کے زمانے کی حکومت اور خلفائے راشدین کی حکومتوں کے درمیان کے فرق اور تبدیلیوں کے ارتقائی سفر کو سمجھا جائے۔ اقتدار انسانی ایجاد ہے۔ جس کا مقصد مخلوق خدا کی خدمت، خوشحالی، مادی اور ذہنی ترقی، تحفظ، تعلیم، صحت اور عزت نفس کے لئے سہولیات اور مراعات مہیا کرنا ہے۔ خوشحال شہریوں اور محفوظ شہروں کے لئے تجارت، تعلیم، روزگار اور آزادیوں کے ساتھ ساتھ ہمسایوں کے ساتھ اچھے تعلقات اور جنس، رنگ، عقیدہ، نسل اور زبان کی بنیاد پر بنے ہوئے امتیازات مٹانا بھی اقتدار کے استحکام اور قومی خوشحالی کے لئے اہم ہیں۔

## نظم

بلوچستان میں مزدوروں کی موت

ہم گھر میں کبھی گھر سے، بہت دور مرے ہیں
تقدیر کو جس طرح تھا منظور، مرے ہیں
کیا نام دیا جائے گا اس عہد ستم کو
ہر بار مرے دیس کے مزدور مرے ہیں
جو کاوش پیہم پہ رہا کرتے تھے نازاں
اس بار بھی بے سمت وہ غیور مرے ہیں
گولی نے کوئی فرق روا رکھا نہیں ہے
گم نام مرے ہیں کبھی مشہور مرے ہیں
جابر کو نصیبوں کی پناہوں نے بچایا
بے موت مرے جب بھی تو مجبور مرے ہیں
یہ عہد ہوا مرگ تبسم کا زمانہ
رنجور سدا کے تھے جو رنجور مرے ہیں
مرتے ہیں کبھی عید کے روز اہل محبت
یا اہل محبت شب عاشور مرے ہیں

ناصر بشیر (لاہور)

# جنگ جوئی میں سیاسی اقدامات نظر انداز کرنے کا رویہ

حقائق
تحریر
وسیم علی مغل

قومی سلامتی کمیٹی کے ان کیمرا خصوصی اجلاس نے گزشتہ روز ملک میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی کے خلاف ہر قیمت پر جنگ جیتنے کا عزم ظاہر کیا ہے۔ البتہ اس حوالے سے جاری ہونے والے اعلامیہ اور پاک فوج کے سربراہ کی بریفنگ کے دوران طاقت کے استعمال پر زور دیا گیا۔ اس مسئلہ کو حل کرنے کے لیے اعتماد سازی یا کسی سیاسی حل کا کوئی ذکر نہیں ہوا۔ حیرت ہے کہ کئی دہائی تک بلوچستان میں علیحدگی پسند رجحانات کا سامنا کرنے اور خیبر پختون خوا میں تقریباً ربع صدی سے دہشت گردی کا مقابلہ کرنے کے باوجود ملک کے سیاسی و عسکری لیڈر اس حوالے سے عوامی رابطہ کاری، مقامی مسائل سے آگاہی اور حکمرانوں و عوام میں موجود فاصلہ دور کرنے کے اہم پہلو ?ں پر غور نہیں کر پائے۔ اعلامیہ میں تحریک انصاف کے حوالے سے افسوس کا اظہار کیا گیا کہ اس نے اس اہم اجلاس میں شریک نہ ہو کر ایک اہم قومی منصوبہ سے دوری اختیار کی۔ وزیر اعظم کے علاوہ آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے بھی واضح کیا کہ 'ملک کی سلامتی سے بڑھ کر کوئی ایجنڈا، تحریک اور شخصیت نہیں ہے۔ یہ ہماری اور آنے والی نسلوں کی بقا کی جنگ ہے'۔ اس طرح ایک ایسی پارٹی کے ساتھ سیاسی حساب برابر کرنے کی کوشش کی گئی جو اگرچہ قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں تو موجود نہیں تھی لیکن قومی اسمبلی میں اس کے 90 کے لگ بھگ ارکان موجود ہیں اور وہ ملک کی اہم سیاسی جماعت ہے۔ ایسی پارٹی کے نمائندوں کے ساتھ مکالمہ کی ضرورت سے انکار ممکن نہیں۔ خاص طور سے اگر ملک میں جمہوری عمل جاری رکھنے کا ارادہ ہے اور انتخابات ہی ابھی تک حکومت سازی کا واحد قانونی آپشن ہیں تو حکومت اپوزیشن کی اہم اور مقبول پارٹی کو نظر انداز کرنے کا خطرہ مول نہیں لے سکتی۔ قومی سلامتی کمیٹی کے اعلامیہ میں اگرچہ مکالمہ جاری رکھنے کی بات کی گئی ہے لیکن گزشتہ روز کے اجلاس کے حوالے سے جو معلومات بھی فراہم کی گئی ہیں وہ مکالمہ، سیاسی افہام و تفہیم اور تشدد کے علاوہ پرامن ماحول پیدا کرنے کے بارے میں امید افزا نہیں ہیں۔ یوں لگتا ہے کہ فوج ہی نہیں حکومت بھی اس وقت ملک میں جاری دہشت گردی اور بدامنی کو دبانے کے لیے طاقت کے موثر استعمال کو ہی واحد حل سمجھتی ہے۔ اگر فوجی قیادت کسی شورش یا بدامنی کی صورت حال میں طاقت کے استعمال کو واحد حل کے طور پر پیش کرتی ہے تو اس پر حرف زنی نہیں کی جا سکتی۔ فوج کی تربیت مسائل کو طاقت کے زور پر حل کرنے ہی کی ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ملک کا آئین عسکری اداروں کو ملک کی منتخب سول حکومت کے زیر نگیں رکھنے پر زور دیتا ہے۔

کسی بدامنی کی صورت میں اگرچہ فوج ہی کو معاملات سنبھالنے کے لیے بھیجا جائے گا لیکن یہ فیصلہ سیاسی لیڈروں کو کرنا چاہیے کہ کب اور کتنی فوجی طاقت ضروری ہے۔ سول حکومت کے قیام اور اسے با اختیار بنانے کا مقصد ہی یہ ہوتا ہے کہ طاقت کو غیر ضروری طور سے اندھا دھند استعمال نہ کیا جائے۔ امن و امان کی کسی بھی صورت حال میں عسکری قوت سے سرکشی پر اترے ہوئے عناصر پر یہ واضح کیا جاتا ہے کہ ریاست کی طاقت کا مقابلہ ممکن نہیں ہے لیکن اس کے ساتھ ہی سیاسی متبادل اور مکالمہ و بات چیت کا راستہ دکھا کر انہیں کسی حل پر آمادہ کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ دنیا میں ہر مسلح تنازعہ و تصادم کا حل، اسی طریقے سے تلاش کیا جاتا ہے۔ صرف طاقت پر انحصار اور کچل دینے کا ارادہ کر کے کوئی مسئلہ حل نہیں ہوتا۔ قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں صرف فوجی قیادت کے مشورے کے مطابق طاقت استعمال کرنے، علما سے فتوے لینے، جدید ہتھیاروں کی خریداری کے لیے وسائل فراہم کرنے اور ریاست کے اختیار کو چیلنج کرنے والے عناصر کو کچل دینے جیسے فیصلے تو کیے گئے لیکن سیاسی لیڈروں کی طرف سے کوئی ایسا مشورہ، ان فیصلوں میں شامل نہیں ہو سکا جس سے یہ امید پیدا ہو کہ حکومت کو عوام سے رابطے اور زمینی سطح پر مسائل حل کرنے کی ضرورت کا بھی احساس ہے۔ یہ تو درست ہے کہ جعفر ایکسپریس پر حملہ کے بعد قومی جذبات انگیختہ ہیں اور لوگ روزانہ کی بنیاد پر عسکری مراکز پر حملوں کی وجہ سے ہونے والی شہادتوں اور نقصان پر پریشان ہیں۔ لیکن سیاسی قیادت کو ایسے ہی ہیجان خیز ماحول میں وسیع تر ہم آہنگی پیدا کرنے کا فریضہ ادا کرنا ہوتا ہے۔ بدقسمتی سے قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں حکومت اور دیگر سیاسی قیادت یہ مقصد حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہوئی۔

اسی کا نتیجہ ہے کہ یہ اہم اجلاس ایک تو تحریک انصاف اور دیگر متعدد پارٹیوں کے بائیکاٹ کی وجہ سے کم اہم ہو گیا، دوسرے حکومت اس صورت حال کا نوٹس لینے کی بجائے، اپوزیشن کی غیر موجودگی کو اپنی کامیابی سمجھنے کی فاش غلطی کر رہی ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے گزشتہ ہفتہ کے دوران کوئٹہ کا دورہ کرتے ہوئے قومی یکجہتی کی ضرور پر زور دیتے ہوئے تحریک انصاف کو دہشت گردی کے خلاف منصوبہ بندی میں شامل کرنے کا اشارہ دیا تھا۔ انہوں نے تمام سیاسی پارٹیوں کا اجلاس بلانے کی بات بھی کی تھی لیکن اسلام آباد واپس پہنچ کرائے پی سی بلانے کی بجائے قومی اسمبلی کا خفیہ اجلاس بلانے کا فیصلہ کر لیا گیا۔

# ارے او نا سمجھ بے مول بک جا اس در پر کہ۔۔۔۔

نوائے عامر
kh.amirjaved@gmail.com
0333-8604509
خواجہ عامر جاوید

اے باکمال مولوی صاحب آپ نے گانا کیوں چھوڑ دیا تھا اس نے قہقہہ لگایا اور دیر تک ہنستا رہا اس نے عینک اتار ٹشو سے آنکھیں صاف کیں اور ہنستے ہنستے جواب دیا یار تم نے مجھے جس انداز سے مولوی صاحب کہا میں وہ انجوائے کر رہا ہوں تم مجھے یہ انجوائے کرنے دو وہ اس کے بعد دوبارہ ہنس پڑا وہ ہنستے ہنستے خاموش ہوا اور پھر بولا یار گانے نے مجھے شہرت دی عزت دی اور پیسہ دیا اگر کچھ نہیں دیا تو وہ سکون تھا' سکون مجھے مولوی صاحب بن کر ملا اور یہ جب مجھے مل گیا تو مجھے پتہ چلا سکون دنیا کی سب سے بڑی نعمت ہوتا ہے۔ پیسہ عزت اور شہرت تینوں مل کر بھی اس کا مقابلہ نہیں کر سکتے وہ اس کے بعد دوبارہ ہنسا اور بولا میں ویمبلے میں شو کرنا چاہتا تھا میری خواہش تھی میرا خیمہ درمیان میں ہو اور دوسرے گلوکاروں موسیقاروں اور اداکاروں کے خیمے دائیں بائیں ہوں میں 1992ء میں ویمبلے گیا۔ امیتابھ بچن کا خیمہ درمیان میں تھا لوگ اس کے ہاتھ چوم رہے تھے وہ اس پر واری واری جا رہے تھے وہ اس کے ساتھ تصویریں بنوانے کے لیے ایک دوسرے کو روند رہے تھے میں نے یہ عزت دیکھی تو میرے دل میں خیال آیا کیا میں بھی کبھی اس مقام تک پہنچ سکتا ہوں کیا مجھے بھی یہ عزت لوگوں کا یہ والہانہ پن مل سکتا ہے وہ شاید قبولیت کی گھڑی تھی۔ اللہ نے میری دعا سن لی اور وہ وقت آ گیا جب میرا خیمہ ٹھیک اس جگہ تھا جہاں کبھی امیتابھ بچن نے راتیں گزاری تھیں نوجوان لڑکیاں اور لڑکے اس دن میرے ساتھ تصویریں بنوانے کے لیے بھی ایک دوسرے پر گر رہے تھے مجھے بہت خوشی ہوئی میں اندر سے نہال ہو گیا میں کئی دن اس سرشاری میں رہا لیکن پھر وہ خاموش ہو گیا وہ دیر تک کچھ سوچتا رہا پھر اس نے سر اٹھایا میری طرف دیکھا اور بولا لیکن پھر ایک نئے احساس نے اس سرشاری کی جگہ لے لی۔ مجھے محسوس ہوا میری کامیابی نے مجھے عزت تو دے دی لیکن میں سکون سے محروم ہوں مجھے یہ بھی محسوس ہوا سکون عزت سے بڑی چیز ہے اور مجھے اس بڑی چیز کی طرف جانا چاہیے میں خاموشی سے سنتا رہا وہ بولا میں اس کے بعد بھی گاتا رہا لوگ میرا گانے سنتے تھے جھومتے تھے اور مجھے چومتے تھے دل دل پاکستان اور سانولی سلونی سی محبوبہ میری پہچان بن گیا میں جہاں جاتا تھا لوگ مجھ سے فرمائش کرتے تھے جے جے سانولی سلونی ہو جائے اور میں ذرا سا گنگنا کر آگے نکل جاتا تھا لیکن میں اب عزت کے ساتھ ساتھ سکون بھی تلاش کر رہا تھا اور پھر اللہ تعالیٰ نے کرم کیا اور مجھے یہ نعمت بھی مل گئی وہ خاموش ہو گیا۔ میں نے اس سے پوچھا تم تبلیغی جماعت اور مولانا طارق جمیل کے قابو کیسے آ گئے اس نے ایک قہقہہ لگایا اور بولا پاکستان کا ہر شہری زندگی میں کبھی نہ کبھی ڈاکٹر پولیس اور تبلیغی جماعت کے قابو ضرور آتا ہے زیادہ تر لوگ ان کے ساتھ چند دن گزار کر واپس آ جاتے ہیں لیکن تھوڑی سی تعداد دائمی مریض عادی مجرم اور مولوی صاحب بن کر مستقلاً ان کا حصہ بن جاتے ہیں۔ میں بھی ایک دوست کے ذریعے مولانا طارق جمیل سے ملا اور پھنس گیا میں نے پوچھا آپ کیسے پھنس گئے اس نے قہقہہ لگایا اور جواب دیا مجھے اس شخص نے اتنی محبت دی جو مجھے اس سے پہلے کسی سے نہیں ملی تھی یہ محبت میرے لیے نشہ ثابت ہوئی اور میں اس نشے کی لت کا شکار ہوتا چلا گیا میں نے دین کا مطالعہ شروع کر دیا میں شغل شغل میں چلے لگانے لگا اور مجھے جب ہوش آئی تو میں اس وقت تک اچھا خاصا مولوی صاحب بن چکا تھا میں نے اس سے پوچھا اپ اچھے خاصے سمجھ دار انسان ہیں آپ درمیان میں بھاگ کیوں نہیں گئے؟ اس نے ایک اور قہقہہ لگایا اور بولا میں نے بھاگنے کی ایک آدھ ٹرائی کی تھی میں نے گانا چھوڑ دیا تھا لیکن پھر اچانک احساس ہوا جنید جمشید تم کھاؤ گے کہاں سے تمہیں اس کے علاوہ کوئی کام ہی نہیں آتا گانا میری زندگی بھی تھا مجھے محسوس ہوتا تھا میں نے اگر یہ بند کر دیا تو مجھ سے میری زندگی چھن جائے گی چنانچہ میں نے شیو کی اور اپنی دنیا میں واپس آ گیا لیکن چند دن بعد غلطی کا احساس ہو گیا میں اس نتیجے پر پہنچ گیا مجھے سکون اور شہرت دولت عزت میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا ہوگا۔ میرے اندر کشمکش جاری تھی لیکن پھر اللہ تعالیٰ نے کرم کیا میرے دماغ سے غلط فہمیوں کے اندھیرے چھٹ گئے اور میں دوبارہ اس لائین پر آ گیا جہاں مجھے ہونا چاہیے تھا میں تبلیغ والوں کے ساتھ شامل ہو گیا میں نے پوچھا "لیکن کیا شہرت' عزت اور دولت آسانی سے چھوٹ گئی؟ تڑپ کر جواب دیا بہت مشکل تھا' گانا میرا واحد سورس آف انکم تھا مجھے شہرت کی لت بھی پڑ چکی تھی میرے لیے فینز تصویریں اور آٹوگرافس زندگی تھی میرا گانا میرا شناختی کارڈ تھا میں اس شناختی کارڈ کے بغیر کچھ بھی نہیں تھا چنانچہ میں گانے کے بغیر معاشی سماجی اور ذہنی طور پر زندہ نہیں رہ سکتا تھا لیکن پھر میں نے ایک سودا کیا میں نے اللہ کے نام پر اپنے تینوں اثاثے قربان کر دیے۔ میں نے عزت' شہرت اور روزگار تینوں چھوڑ دیے اور اللہ کی راہ پر لگ گیا وہ خاموش ہو گیا میں نے پوچھا کیوں؟ آپ نے یہ کیوں کیا؟ وہ بولا میں بنیادی طور پر اللہ کا قانون ٹیسٹ کر رہا تھا میں نے کسی جگہ پڑھا تھا جو شخص اللہ کے ساتھ سودا کرتا ہے جو اللہ تعالیٰ کے نام پر اپنی عزیز ترین چیز قربان کر دیتا ہے اللہ تعالیٰ اسے کبھی مایوس نہیں کرتا خدا کی ذات اسے اس کے حق سے زیادہ نوازتی ہے میں نے اللہ کے اس اعلان اس وعدے کو ٹیسٹ کرنے کا فیصلہ کیا۔ میں نے اپنا کل اثاثہ اللہ کی راہ میں قربان کر دیا میرے بھائی جاوید آپ یقین کرو اللہ تعالیٰ نے میری تینوں چیزیں ستر سے ضرب دے کر مجھے واپس لوٹا دیں۔ میں نے اللہ تعالیٰ کے راستے میں لاکھوں روپے کی قربانی دی تھی رب کی ذات نے مجھے کروڑوں روپے سے نواز دیا میں نے آج تک ایک رومال نہیں بنایا آپ اللہ کا کرم دیکھو دنیا میں جنید جمشید کے نام سے کپڑوں کا سب سے بڑا پاکستانی برانڈ چل رہا ہے میں راک اسٹار کی حیثیت سے مشہور تھا آپ اللہ کا کرم دیکھو میں آج نعت خوانی اور اللہ کے ذکر کے حوالے سے پوری دنیا میں مشہور ہوں لوگ مجھے دل دل پاکستان کی وجہ سے عزت دیتے تھے لیکن آج لوگ الٰہی تیری چوکھٹ پر سوالی بن کے آیا ہوں کے حوالے سے میرے ہاتھ چومتے ہیں۔ میں کبھی جینز پہن کر اسٹیج پر ناچتا تھا اور عزت دار لوگ اپنی بہو بیٹیوں کو میرے سائے سے بچا کر رکھتے تھے لیکن میں آج سر پر عمامہ اور ٹوپی رکھ کر منبر رسول ؟ پر بیٹھتا ہوں اور لوگ مجھ سے اپنے بچوں کے لیے دعا کرواتے ہیں آپ دل پر ہاتھ رکھ کر جواب دیں کیا یہ اس سے ستر گناہ زیادہ نہیں جس کی میں نے قربانی دی تھی وہ خاموش ہو گیا۔ میں اس وقت آج کے مقابلے میں زیادہ گمراہ زیادہ سنگدل اور زیادہ بد دیانت تھا چنانچہ میں نے اس کا مذاق اڑانا شروع کر دیا میں نے اس سے کہا آپ اگر ان مولویوں کے ہاتھ سے بچ گئے جو اس وقت آپ کی گردن کی تلاش میں مارے مارے پھر رہے ہیں جو آپ کو گستاخ اور حضرت عائشہ کا گناہ گار سمجھ رہے ہیں تو میں آپ کو آپ کے سوال کا جواب ضرور دوں گا وہ بھی ہنس پڑا لیکن میں نے جب سات دسمبر کو جنید جمشید کے ایئر کریش کی خبر سنی اور اس کے بعد جس طرح پورے ملک کو اس کے سوگ میں ڈوبتے دیکھا اور پھر 15 دسمبر کو کراچی میں اس کا جنازہ دیکھا تو میں اس کو سچا ماننے پر مجبور ہو گیا۔ ملک میں ہزاروں علماء کرام سیاستدان بیوروکریٹس صوفیاء کرام اداکار گلوکار اور ارب پتی تاجر فوت ہوئے ان کے جنازے جنازہ گاہوں میں پڑھائے گئے لیکن جنید جمشید کا جنازہ اسٹیڈیم میں پڑھا گیا اور اس میں حقیقتاً لاکھوں لوگ شریک تھے تاحد نظر سر ہی سر اور بازو ہی بازو تھے جنید جمشید کو اس سے پہلے ایئر فورس نے گارڈ آف آنر بھی دیا اس کے کفن کو پاکستانی پرچم میں بھی لپیٹا اور اسے سی ون تھرٹی کے ذریعے اسلام آباد سے کراچی بھی پہنچایا یہ اعزاز آج تک کسی گلوکار کو حاصل ہوا؟ جی نہیں! دنیا میں مہدی حسن اور نور جہاں جیسے گلوکار دوبارہ پیدا نہیں ہوں گے۔ بڑے غلام علی خان نصرت فتح علی خان عزیز میاں قوال استاد امانت علی خان اور صابری برادران موسیقی کے استاد تھے یہ استاد کس عالم میں دنیا سے رخصت ہوئے اور ان کے جنازے کیسے اور کتنے تھے؟ ہم سب جانتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ نے جو عزت جنید جمشید جیسے ایک سابق گلوکار کو دی یہ بھی سارا زمانہ جانتا ہے موسیقی کے استاد ہونے کے باوجود یہ لوگ دنیا سے کسمپرسی میں رخصت ہوئے جب کہ جنید جمشید کے غم کو ہر شخص نے ٹیس کی طرح محسوس کیا یہ کیا ثابت کرتا ہے یہ ثابت کرتا ہے وہ ٹھیک کہہ رہا تھا اس نے اللہ تعالیٰ سے سودا کیا تھا اور اللہ تعالیٰ نے اس کی قربانی کو ستر سے ضرب دے کر اس کے تمام اثاثے اسے لوٹا دیے۔ جنید جمشید نے ہم جیسے لوگوں کی آنکھیں کھول دیں اس نے ثابت کر دیا اللہ کے ساتھ سودا کرنے والے کبھی خسارے میں نہیں رہتے عزت قربان کرو گے تو اللہ عزت کو ستر گنا کر کے لوٹائے گا اور شہرت اور دولت کی قربانی دو گے تو اللہ تعالیٰ انہیں بھی ستر سے ضرب دے کر لوٹائے گا بے شک اللہ تعالیٰ کی اسٹاک ایکسچینج کائنات کی سب سے بڑی اسٹاک ایکسچینج ہے یہ کبھی کریش نہیں ہوتی یہ کبھی اپنے شیئر ہولڈرز کا خسارہ نہیں ہونے دیتی اس کا انڈیکس ہمیشہ اوپر جاتا ہے اوپر سے اوپر اور اوپر جاتا ہے۔ اس راہ میں بن مول بک جاتے ہیں تاجور اس طرح کے سودے میں خسارے نہیں ہوتے۔

# "عورت ایک حسین حقیقت"

عورت ایک خوبصورت حقیقت ہے، جس کی ہر پہچان ایک منفرد اور حسین رنگ میں ڈوبی ہوئی ہے۔ اس کی ذات میں بے شمار خصوصیات اور صفات پوشیدہ ہیں، جو نہ صرف فطرت کے حسین رنگوں کی مانند ہیں بلکہ معاشرتی اور روحانی ترقی کی علامت بھی ہیں۔ عورت کا کردار زمین و آسمان کی خوبصورتی میں بسی ہوئی ہے۔ وہ کبھی سرسبز وادیوں کی طرح تازگی ہے، کبھی چاندنی رات کی نرم روشنی ہے۔ اس کا وجود فطرت کی ہر لطافت میں شامل ہے، جیسے بہار کی ہوا، جھیل کی نرم لہریں، اور پھولوں کی خوشبو۔ وہ نرگس کے پھولوں کی طرح چمکتی ہے، تتلیوں کی طرح آزاد اور بے فکر، اور گلابوں کی طرح خوشبو سے مسحور کرتی ہے۔

عورت کا رشتہ مختلف رنگوں، خوشبوؤں اور احساسات سے جڑا ہوا ہے۔ وہ نرم و نازک، مگر بے حد مضبوط اور عزم و حوصلے کی مالک بھی ہے۔ جیسے کہ اس کی نظر، اس کا جسم، اس کی چال، ہر قدم میں محبت اور حسن کا جلوہ نظر آتا ہے۔ اس کی آواز میں سرور اور دل کو سکون دینے والی تاثیر ہے۔ عورت کی حیثیت اور وقار ہر حیثیت میں منفرد ہے۔ وہ ماں کی صورت میں دنیا کے سب سے عظیم رشتہ کی صورت اختیار کرتی ہے، بیٹی کے طور پر وہ گھر میں محبت کی ایک کرن ہوتی ہے، بیوی کی حیثیت میں وہ ایک سچے رشتہ کی مضبوط بنیاد ہوتی ہے، اور بہن کی صورت میں وہ خاندان کی محبت کا مرکز ہوتی ہے۔ اس کا ہر رشتہ اپنی جگہ بہت اہم ہے اور ہر حیثیت میں اس کی محبت، قربانی اور جدوجہد کی کوئی حد نہیں۔

عورت کا جوش، جوانی، ترنم اور روپ نہ صرف اسے دنیا کے جمالیاتی عنصر میں شامل کرتے ہیں، بلکہ وہ معاشرتی زندگی میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اس کے اندر بے شمار راز، محبت اور الفت چھپی ہوئی ہے، جو اس کی موجودگی کو ہر جگہ ایک مخصوص سکون اور اطمینان عطا کرتی ہے۔ عورت کے بغیر گھر نامکمل اور ویران لگتا ہے عورت کی حرمت اور عزت کا تحفظ ہر معاشرتی نظام کی بنیاد ہے۔ وہ ہر حالت میں اپنے ایمان، عفت، اور شرافت کو بلند رکھتی ہے، اور اپنی حیثیت کا پتا اس کے کردار اور اعمال سے چلتا ہے۔ جب وہ معاشرے میں نکلتی ہے اسے بہتر پتہ ہوتا ہے کہ اس حد تک کس کے قریب ہونا ہے



sweetleo443@gmail.com

اور کتنا کس پر اعتماد کرنا ہے۔ عورت نہ صرف فطرت کی حسین تخلیق ہے، بلکہ وہ معاشرتی توازن کی محافظ بھی ہے۔ اس کے بغیر دنیا کا حسن مکمل نہیں ہو سکتا۔ عورت کی اہمیت کو نظر انداز کرنا نہ صرف معاشرتی بگاڑ کا باعث بنتا ہے بلکہ روحانیت اور اخلاقی سطح پر بھی ایک بہت بڑی کمی کا سبب بنتا ہے۔ اسی طرح، عورت کا کردار زندگی کے ہر شعبے میں نمایاں ہے۔ اس کی تعلیم، محنت، اور عزم سے معاشرتی ترقی ممکن ہے۔ وہ ہر میدان میں اپنی جگہ بناتی ہے، چاہے وہ گھریلو زندگی ہو یا پیشہ ورانہ، ہر جگہ اس کی محنت اور قربانیوں کا اثر دکھائی دیتا ہے۔ عورت کا پورا وجود ایک معجزہ ہے، جو قدرت کی سب سے حسین تخلیق کا جزو ہے۔ وہ اپنے اندر محبت، عزم، اور قوت کا ایک سمندر سمیٹے ہوئے ہے۔ اس کی محبت میں بے شمار رنگ اور گہرائیاں ہیں، جو نہ صرف انسانیت کی بقا کا پیغام دیتی ہیں بلکہ وہ معاشرتی رشتہ داریوں میں بھی ایک مضبوط کڑی کی مانند ثابت ہوتی ہے۔ عورت وہ عظیم ہستی ہے جو نہ صرف کسی بھی خاندان کا محور ہوتی ہے بلکہ ساری انسانیت کی فلاح و بہبود میں اس کا کردار ناگزیر ہے۔ عورت کا مقام حقیقتاً بہت عظیم ہے اور اس کی اہمیت کو کسی بھی معاشرتی، ثقافتی یا روحانی تناظر میں کم نہیں کیا جا سکتا۔

اس کی روحانیت، محبت، قربانی، اور جدو جہد اس کے وجود کو ایک لافانی حقیقت بنا دیتی ہے۔ عورت میں ایک غیر معمولی قوت اور عزم ہوتا ہے، جو اسے ہر میدان میں کامیاب بنانے کی صلاحیت دیتا ہے۔ وہ جب عزم کر لیتی ہے تو دنیا کی کوئی طاقت اس کی راہ میں رکاوٹ نہیں بن سکتی۔ اس کی قوت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ وہ ایک ہی وقت میں ماں، بیوی، بیٹی، بہن، اور دوست بن کر مختلف کردار ادا کرتی ہے اور ہر کردار میں اپنی بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتی ہے۔

عورت کی قربانیاں بے شمار ہوتی ہیں۔ وہ اپنے خاندان کی خوشیوں کے لئے اپنی خواہشات کو ترک کر دیتی ہے، اور اس کی محبت بے مثال ہوتی ہے۔

# افغانستان کے تمام باشندوں کو واپس جانا ہوگا

تحریر: راجہ محمد گلشیر جمالوال

یہ کہانی 1979 میں شروع ہوئی۔ وہی سال جب سوویت یونین افغانستان پر چڑھ دوڑا اور لاکھوں افغان اپنا سب کچھ چھوڑ کر پاکستان کی طرف بھاگے۔ بھاگتے بھی کیوں نہ؟ ادھر بم برس رہے تھے، ٹینکوں کے گھن گرج سے کابل دہل رہا تھا، اور ہر طرف موت کا راج تھا۔ پاکستان نے دروازے کھول دیے۔ خالص اسلامی اخوت، مہمان نوازی، اور انسانیت کے جذبے سے۔ نہ ویزا مانگا، نہ پاسپورٹ، بس سب کو جگہ دے دی۔ خیبر سے کوئٹہ تک، کراچی سے لاہور تک ہر طرف افغان ہی افغان نظر آنے لگے۔

وہ جو چند ماہ کے لیے پناہ لینے آئے تھے، چالیس سال بیٹھ گئے! پہلے خیمے لگے، پھر کچے مکان بن گئے، پھر کاروبار جمنے لگے، پھر جائیدادیں خرید لی گئیں، اور آج یہ حال ہے کہ پاکستانی نوجوان بے روزگار اور افغان خوشحال! یہ کوئی جذباتی جملہ نہیں، گراؤنڈ ریلٹی ہے۔

چالیس لاکھ سے زائد رجسٹرڈ اور غیر رجسٹرڈ افغان مہاجرین پاکستان میں موجود ہیں۔

خیبر پختونخواہ اور بلوچستان میں ہر دوسرا دکاندار افغان ہے۔

کراچی میں زمینوں پر قبضے، اسمگلنگ، اور ڈکیتیوں میں ان کا نام سرفہرست ہے۔

اسلام آباد کے کئی علاقوں میں پاکستانیوں سے زیادہ افغان آباد ہیں۔

پھر بھی یہ شکوہ کرتے ہیں کہ ان کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے؟

پاکستان نے انہیں کھانا دیا، گھر دیا، روزگار دیا، لیکن بدلے میں کیا ملا؟

اگر آپ تجزیہ کریں تو 87 فیصد دہشت گرد حملوں کا سرا افغانستان سے جا ملتا ہے۔

1700 سے زائد افغان دہشت گرد صرف پچھلے پانچ سال میں گرفتار ہوئے۔

پشاور، کوئٹہ، کراچی، اسلام آباد — ہر بڑے شہر میں افغانوں کے محفوظ ٹھکانے پکڑے گئے۔ اور یہ سب کچھ ہمارے ہی ملک میں، ہماری دی گئی مہمان نوازی کے سائے تلے ہو رہا تھا! ہر سال اربوں روپے کا نقصان اسمگلنگ، غیر قانونی کاروبار، اور معیشت میں بلیک منی کی وجہ سے ہو رہا ہے۔

افغان مہاجرین کے سبب پاکستان میں 5 ارب ڈالر کی اسمگلنگ سالانہ ہو رہی ہے۔

مہاجر کیمپوں میں مفت بجلی، پانی، گیس استعمال ہو رہی ہے جبکہ عام پاکستانی بل نہ دینے پر کنکشن کٹنے کے خوف میں رہتا ہے!

افغانستان کو ڈالر کی غیر قانونی ترسیل نے پاکستانی کرنسی کو کمزور کر دیا۔

ہر سال اربوں روپے کا نقصان اسمگلنگ، غیر قانونی کاروبار، اور معیشت میں بلیک منی کی وجہ سے ہو رہا ہے۔

افغان مہاجرین کے سبب پاکستان میں 5 ارب ڈالر کی اسمگلنگ سالانہ ہو رہی ہے۔

مہاجر کیمپوں میں مفت بجلی، پانی، گیس استعمال ہو رہی ہے جبکہ عام پاکستانی بل نہ دینے پر کنکشن کٹنے کے خوف میں رہتا ہے!

افغانستان کو ڈالر کی غیر قانونی ترسیل نے پاکستانی کرنسی کو کمزور کر دیا۔

کیا یہ بوجھ اٹھانا پاکستان کی ذمہ داری ہے؟

کوئی ملک اپنی معیشت کو یوں تباہ نہیں کرتا۔ ایران نے افغانوں کو کھینچ کر نکال دیا، ترکی نے مہاجرین کو ریڈ زون قرار دیا، یورپ نے چند ہزار افغانوں کو سنبھالنے سے انکار کر دیا، لیکن پاکستان سے توقع ہے کہ وہ ہمیشہ کے لیے انہیں پالے؟

اب وقت آ گیا ہے—فیصلہ کن گھڑی کا!

آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے ایک دلیرانہ اور تاریخی فیصلہ کیا۔ اب ریاست مزید بوجھ نہیں اٹھائے گی۔ تمام افغانوں کو واپس جانا ہوگا، چاہے قانونی ہوں یا غیر قانونی۔

پاکستان کی سرزمین اب صرف پاکستانیوں کے لیے ہے۔

اب کوئی غیر ملکی یہاں رہ کر ہماری جڑیں نہیں کھوکھلی کر سکتا۔

اب کوئی اسمگلنگ، قبضے، اور دہشت گردی کے لیے ہمارے وسائل استعمال نہیں کر سکتا۔

قوم اپنے سپہ سالار کے ساتھ کھڑی ہے! یہ جنگ صرف حکومت یا فوج کی نہیں، ہر پاکستانی کی ہے! اگر ہم آج نہیں جاگے، تو کل ہماری نسلیں سوال کریں گی کہ ہم نے اپنا ملک دوسروں کے حوالے کیوں کیا؟

یہ وقت جذباتی ہونے کا نہیں، فیصلہ کن کارروائی کا ہے۔



gettyimages
Credit: Patricia J. Garcinuno

مالاگا: اسپین میں سروینٹس تھیٹر میں 28 ویں ملاگا فلم فیسٹیول کی اختتامی تقریب کی فوٹو کال میں شرکت کر رہی ہے

## نیا ڈرامہ سیریل ''شکوہ'' جلد نشر کیا جائے گا

### ڈرامے میں اداکار عاصم محمود، یشما گل، سمیع خان اور ماریہ ملک سمیت دیگر اداکار مختلف کرداروں میں دکھائی دیں گے

کراچی (این این آئی) اے آر وائی ڈیجیٹل پر نیا ڈرامہ سیریل ''شکوہ'' جلد نشر کیا جائے گا۔ ڈرامہ سیریل شکوہ میں اداکار عاصم محمود، یشما گل، سمیع خان اور ماریہ ملک سمیت دیگر اداکار مختلف کرداروں میں دکھائی دیں گے۔ شکوہ کی ہدایت کاری کے فرائض محمد دانش بہلم نے انجام دیے ہیں جبکہ اس کی کہانی نادیہ احمد نے لکھی ہے۔ ڈرامے کے ٹیزر میں دکھایا گیا ہے کہ ماریہ ملک اور عاصم محمود محبت کرتے ہیں جبکہ یشما گل ان دونوں کو الگ کرنے کے جتن کر رہی ہیں۔ ٹیزر میں یشما گل کو یہ کہتے سنا جاسکتا ہے کہ جو دل چرالے اس کا نمبر چرانا ضروری ہوجاتا ہے۔ محبت، نقصان اور سچ اور فریب کے درمیان جنگ کی کہانی، کیا وہ اپنا راستہ تلاش کریں گے یا ماضی انہیں کھا جائے گا، یہ تو ڈرامہ دیکھ کر ہی پتا چل سکے گا۔ ماریہ ملک نے اس سے قبل اے آر وائی ڈیجیٹل کے ڈرامہ سیریل دل ہی تو ہے میں مرکزی کردار نبھایا تھا۔ عاصم محمود اور یشما گل بھی متعدد ڈراموں میں اداکاری کے جوہر دکھا چکے ہیں جسے ان کے مداح پسند کرتے ہیں۔

## اداکارہ راشا تھاڈانی نے تمنا بھاٹیا اور وجے ورما سے اپنے تعلق پر لب کشائی کر دی

ممبئی (این این آئی) بھارتی سپر اسٹار رویہ ٹنڈن کی بیٹی و نئی ابھرتی اداکارہ راشا تھاڈانی نے تمنا بھاٹیا اور وجے ورما سے اپنے تعلق پر لب کشائی کر دی۔ راشا تھاڈانی نے 17 جنوری 2025 کو ریلیز ہونے والی فلم ''آزاد'' کے ساتھ بالی وڈ میں قدم رکھا جس کے بعد یہ فلم نیٹ فلکس پر بھی پریمیئر ہوئی۔ شوبز کی دنیا میں اپنے سفر کی شروعات کرتے ہوئے راشا نے تمنا بھاٹیا کو اپنے لیے ایک مضبوط حمایت کا ستون قرار دیا۔ باوجود اس کے کہ تمنا اور وجے ورما کے درمیان علیحدگی کی افواہیں گردش کر رہی ہیں۔ راشا تھڈانی نے ان دونوں کو اپنے 'گوڈ پیرنٹس' قرار دیا اور بتایا کہ وہ ان کے لیے کتنے خاص ہیں۔ فلم فیئر سے گفتگو کرتے ہوئے راشا نے تمنا کے ساتھ اپنی پہلی ملاقات کو یاد کیا، جو ایک سالگرہ کی پارٹی میں ہوئی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ اس ایونٹ میں ایک لائیو سنگر پرفارم کر رہا تھا اور اس دوران وہ دونوں اسٹیج کے قریب رقص کرتے ہوئے آپس میں جڑ گئے۔ یہ لمحہ ان کے درمیان ایک مضبوط رشتے کی ابتدا ثابت ہوا جو وقت کے ساتھ بڑھتا گیا۔ راشا نے کہا کہ اِس وقت تمنا اور وجے میرے سب سے قریبی لوگ ہیں، وہ میرے ''گوڈ پیرنٹس'' کی طرح ہیں۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ آج کل محبت کو کس طرح بیان کریں گی؟ تو رشدہ نے اعتراف کیا کہ وہ ابھی تک محبت کا تجربہ نہیں کر پائی ہیں۔ انہوں نے سوشل میڈیا، ٹیکسٹس اور ڈیٹنگ ایپس کے ذریعے رشتہ قائم کرنے کی تبدیلیوں پر غور کیا۔

## مجھے پنجابی راگ اور غزلیں پسند ہیں، والدہ علی سیٹھی

### گلوکار علی سیٹھی کا عالمی شہرت یافتہ گانا ''پسوڑی'' ان کی والدہ کو ایک آنکھ نہ بھایا

کراچی (این این آئی) گلوکار علی سیٹھی کا عالمی شہرت یافتہ گانا ''پسوڑی'' ان کی والدہ کو ایک آنکھ نہ بھایا۔ علی سیٹھی اور شے گل کی جانب سے گایا جانے والا پنجابی گانا 2022 کا چارٹ بسٹر گانا تھا جس سے دنیا بھر میں پسند کیا گیا۔ تاہم یہ گانا علی سیٹھی کی والدہ جگنو محسن کو ایک آنکھ نہ بھایا اور انہوں نے گانے کو ناپسندیدہ قرار دے دیا۔ گلوکار کی والدہ نے ایک ویڈیو میں کہا کہ مجھے پسوڑی گانا پسند نہیں ہے جب کہ یہ گانا اب بلین ویوز حاصل کر چکا ہے، علی نے بھی مجھے کہا تھا کہ امی مجھے پتا ہے آپ کو یہ گانا پسند نہیں آیا جس پر میں نے جواب دیا کہ ہاں مجھے یہ نہیں پسند، مجھے پنجابی راگ اور غزلیں پسند ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ علی کے پیدا ہونے سے قبل میں پنجابی راگ اور کلاسیکی میوزک بہت سنتی تھی اور گھر میں بچوں کے ساتھ 7 سال کی عمر تک میں نے پنجابی میں بات کی ہے، مجھے پنجابی کے ڈھولے، ماہیے جیسے گانے پسند ہیں۔



مالاگا: اسپین میں سروینٹس تھیٹر میں 28 ویں ملاگا فلم فیسٹیول کی اختتامی تقریب کی فوٹو کال میں شرکت کر رہی ہے

gettyimages
Credit: Comic Relief

شیفیلڈ، یونائیٹڈ کنگڈم: اس تصویر میں، کامیڈین عاصم چوہدری اور گلیڈی ایٹر کے ساتھ فوٹو

## مجھے کئی بار ٹرول کیا گیا اور میرے والدین کو بھی ٹارگٹ پی آر حکمت عملی سے نشانہ بنایا گیا، اداکارہ پوجا ہیگڑے

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ پوجا ہیگڑے نے انکشاف کیا ہے کہ وہ ٹارگٹڈ ٹرولنگ کا شکار ہو چکی ہیں اور ان کی شہرت کو نقصان پہنچانے کیلیے پیسے خرچ کیے جا رہے ہیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق 34 سالہ پوجا ہیگڑے نے حالیہ انٹرویو میں کہا کہ مجھے کئی بار ٹرول کیا گیا اور میرے والدین کو بھی ٹارگٹ پی آر حکمت عملی سے نشانہ بنایا گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں حیرت زدہ ہوئی جب پتا چلا کہ مجھے ٹرول کرنے کے لیے لوگوں کو پیسے مل رہے ہیں، اس پی آر حکمت عملی کا مقصد اداکاروں کو نشانہ بنانا اور انہیں نیچا دکھانا ہے۔ بھارتی اداکارہ نے یہ بھی کہا کہ کئی بار مجھے اس ٹرولنگ سے صدمہ پہنچا، دراصل میں پی آر حکمت عملی میں بہت بری ہوں، میرے خلاف مختلف پیجز سے مسلسل منفی باتیں کی گئیں۔ ان کا کہنا تھا کہ میں نے اپنی ٹیم کو میمز پر مبنی پیجز سے رابطے کر کے حقیقت سے آگاہی کی ہدایت کی تو مجھے پتا چلا کہ لوگوں کو بدنیتی پر مبنی مواد پھیلانے کیلیے پیسے دیے جا رہے ہیں۔ پوجا ہیگڑے نے کہا کہ میں نے اپنی ٹیم سے کہا کہ ان سے پوچھیں مسئلہ کیا ہے؟ تو انہوں نے بتایا کہ ہمیں اتنی رقم دی گئی ہے آپ اسے روکنا چاہتی ہیں تو آپ کو یہ رقم ادا کرنا ہوگی۔

## اداکارہ سحر ہاشمی مہوش حیات کے ساتھ کام نہیں کرنا چاہتیں

### ڈراموں میں اتنے کوئی خاص پیسے ملتے نہیں ہیں، اس راز کو راز ہی رہنے دیں میں بتا کر شرمندہ ہوجائوں گی، سحر ہاشمی



کراچی (این این آئی) پاکستان ڈرامہ انڈسٹری کی ابھرتی ہوئی اداکارہ سحر ہاشمی مہوش حیات کے ساتھ کام کیوں نہیں کرنا چاہتی ہیں، انھوں نے دلچسپ وجہ بتادی۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں سحر ہاشمی بطور مہمان شریک ہوئیں، جہاں ان سے سوال کیا گیا کہ آپ کو سب سے بڑی پیمنٹ کتنی ملی؟ جس کے جواب میں سحر ہاشمی کا کہنا تھا کہ ڈراموں میں اتنے کوئی خاص پیسے ملتے نہیں ہیں، اس راز کو راز ہی رہنے دیں میں بتا کر شرمندہ ہوجاؤں گی۔ سحر ہاشمی سے دوسرا سوال کیا گیا کہ وہ ان اداکاراؤں میں سے کس کے ساتھ کام نہیں کرنا چاہیں گی، انھیں ماہرہ خان اور مہوش حیات سے میں ایک کو منتخب کرنے کا انتخاب دیا گیا۔ اس سوال کا جواب دیتے ہوئے سحر ہاشمی کا کہنا تھا کہ دونوں میری سینئر اور حیرت انگیز اداکارہ ہیں، جب میں نئی نئی انڈسٹری میں آئی تھی تو مجھے کہا گیا کہ میری شکل مہوش حیات سے ملتی ہے۔ سحر ہاشمی نے بتایا کہ مجھے یہ معلوم نہیں ہے نہ میں ایسی کہتی ہوں مجھے ایسا کہا گیا تھا، مجھے ایسا لگتا ہے کہ دو ایک جیسے دکھنے والے لوگوں کو نہیں کام کرنا چاہیے۔ انھوں نے کہا کہ میرے خیال میں مہوش حیات کے ساتھ نہیں کام کروں گی اور ماہرہ خان کے ساتھ کام کرنا چاہوں گی، انھوں نے بتایا کہ بلال عباس ایک خوبرو اداکار ہیں میں ان کے ساتھ بھی کام کرنے کی خواہشمند ہوں۔ ڈراموں میں اتنے کوئی خاص پیسے ملتے نہیں ہیں، اس راز کو راز ہی رہنے دیں میں بتا کر شرمندہ ہوجاؤں گی۔

قوت
SPORTS
PAKISTAN
PAKISTAN

ONE NATION ONE PASSION
pcb.com.pk

لاہور: پاکستان کرکٹ بورڈ کے سی او او سمیر احمد سید، چیئرمین بورڈ کے مشیر عامر میر اور دیگر حکام قذافی اسٹیڈیم میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

## بہت تنقید کر لی اب تھوڑا صبر رکھیں اور ٹیم کو سپورٹ کریں، وسیم اکرم

### لڑکوں میں ٹیلنٹ ہے، بہت عرصے بعد ٹیم کی جانب سے ایسی بیٹنگ دیکھنے کو ملی ہے، انٹرویو

### حسن نواز نے 105 رنز کی ناقابلِ شکست اننگز کھیلی اور وہ شاندار بیٹنگ کارکردگی پر پلیئر آف دی میچ قرار پائے

لاہور (این این آئی) سابق کپتان اور سوئنگ کے سلطان وسیم اکرم کا کہنا ہے کہ بہت تنقید کر لی اب تھوڑا صبر رکھیں اور ٹیم کو سپورٹ کریں۔ سابق کپتان وسیم اکرم کا کہنا ہے کہ لڑکوں میں ٹیلنٹ ہے بہت عرصے بعد ٹیم کی جانب سے ایسی بیٹنگ دیکھنے کو ملی ہے، اسی انداز سے کھیلنے کی سب بات کر رہے تھے۔ آکلینڈ میں کھیلے گئے تیسرے ٹی 20 میچ میں پاکستان نے نیوزی لینڈ کو 9 وکٹوں سے شکست دی، پاکستان نے کیویز کی جانب سے دیا جانے والا 205 رنز کا ہدف 16 ویں اوور میں حاصل کر لیا۔ 22 سالہ حسن نواز نے آکلینڈ میں کھیلے گئے تیسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں 44 گیندوں پر سنچری بنائی، ان کی اننگز میں 10 چوکے اور 7 چھکے شامل تھے۔ حسن نواز نے 105 رنز کی ناقابلِ شکست اننگز کھیلی اور وہ شاندار بیٹنگ کارکردگی پر پلیئر آف دی میچ قرار پائے۔

کراچی پریس کلب میں اسکوائش کے سابق بین الاقوامی کھلاڑی جہانگیر خان پہلے انڈر 23 ورلڈ اسکوائش چیمپئن شپ کے حوالے سے کانفرنس کر رہے ہیں

## نیوزی لینڈ کیخلاف تاریخی فتح، بابر اعظم کی قومی ٹیم کیلیے انسٹا اسٹوری وائرل

### بابر اعظم نے انسٹا گرام پر اپنی اسٹوری میں حسن اور حارث کی تصویر لگائی اور کہا کہ 'لڑکوں آپ پر فخر ہے

لاہور (آفاق دھاریوال) تیسرے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں نیوزی لینڈ کیخلاف پاکستان کی تاریخی فتح پر بابر اعظم کی قوم ٹیم کیلیے انسٹا اسٹوری وائرل ہوگئی۔ نیوزی لینڈ کیخلاف پانچ میچوں کی ٹی ٹوئنٹی سیریز کے تیسرے میچ میں پاکستان کی نوجوان ٹیم نے شاندار کم بیک کیا، نوجوان پلیئرز حسن نواز اور محمد حارث نے اپنی دلیرانہ بیٹنگ سے پاکستان کو فتح دلائی، اس فتح پر بابر اعظم نے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے۔ پاکستان کے سابق ٹی ٹوئنٹی کپتان بابر اعظم نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹا گرام پر اپنی اسٹوری میں حسن اور حارث کی تصویر لگائی اور کہا کہ 'لڑکوں آپ پر فخر ہے'۔ اس سے قبل قومی ٹیم کے جارح مزاج بیٹر فخر زمان نے بھی نوجوان بیٹر حسن نواز کی تعریف کی تھی، سماجی رابطے کی ویب سائٹ 'ایکس' پر فخر زمان نے لکھا کہ پاکستان کرکٹ ٹیم نے آج کمال کر دیا، بڑے ٹوٹل چیز کرنے کے لیے ایسی ہی سوچ چاہیے۔ انھوں نے کہا کہ حسن نواز نے سنچری بنادی اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ کتنے قابل ہیں، فخر زمان نے لکھا کہ 'محمد حارث اور سلمان علی آغا نے بھی اچھا پرفارم کیا۔

## ''یوم پاکستان سپورٹس فیسٹیول'' لورالائی میں فٹسال کے کھلاڑیوں کے درمیان میچز کا انعقاد سپر ملیزئی نے میدان مار لیا

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ کھیل حکومتِ بلوچستان کے زیر اہتمام، کمشنر لورالائی ڈویژن سعادت حسن کی زیر نگرانی اور ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ کے خصوصی دلچسپی اور تعاون سیلورالائی میں ''یوم پاکستان سپورٹس فیسٹیول'' کے سلسلے میں دوسرے روز ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر سجاد حیدر رنجک کی زیر نگرانی باز محمد خان پارک کے فٹسال گراونڈ میں فٹسال ایونٹ کے میچز کھیلے گئے جس میں لورالائی بھر سے فٹسال کے کھلاڑیوں نے حصہ لیا۔ ایونٹ کے گذشتہ روز فٹسال ٹورنامنٹ کے چار میچز کھیلے گئے پہلا میچ سپر ملیزئی بمقابلہ سی آر سیون کلب کے درمیان کھیلا گیا جو سپر ملیزئی نے 4/2 گول سے جیت لیا۔ دوسرا میچ بادشاہ اکیڈمی اور بوریوال اکیڈمی کے درمیان کھیلا گیا بادشاہ اکیڈمی نے 2/5 سے میچ اپنے نام کر لیا۔ تیسرا میچ ڈاکٹر اکیڈمی اور ناصر اکیڈمی کے درمیان کھیلا گیا جو ڈاکٹر اکیڈمی نے 4 گول سے جیت لیا۔ جبکہ چوتھا میچ مسلم اکیڈمی اور الیون سٹار کے درمیان کھیلا گیا جس میں مسلم اکیڈمی میں پلنٹی ککس میں فتح رہی۔ اس ٹورنامنٹ میں 35 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں جبکہ ٹینس ٹیپ بال کائی ٹین کرکٹ میچوں کے سلسلے میں دو سیمی فائنل میچ کھیلے گئے پہلا سیمی فائنل لوڑلی زئی کرکٹ کلب اور ینگ مسلم کرکٹ کلب کے درمیان کھیلا گیا۔

## چیمپئنز ٹرافی فائنل میں سٹیج پر نہ بلانے کے پیچھے جو ہاتھ کارفرما تھے ان کا سب کو پتہ ہے: سی او او سمیر احمد

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے چیف آپریٹنگ آفیسر سمیر احمد سید نے کہا کہ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے فائنل میں میں وہاں موجود تھا مگر انہوں نے سٹیج پر نہیں بلایا۔ چیف آپریٹنگ آفیسر سمیر احمد سید نے کہا ہم نے آئی سی سی سے احتجاج کیا تھا مگر انہوں نے تسلی بخش جواب نہیں دیا، ہم اسے شدید انتظامی بدنظمی کہیں گے مگر اس کے پیچھے جو ہاتھ کارفرما تھے ان کا سب کو پتا ہے۔ دوسری جانب پی سی بی کے چیمپئنز ٹرافی میں افغانستان اور آسٹریلیا کے میچ کے دوران بارش کی وجہ سے سٹیڈیم کی چھت لیک ہونے کا اعتراف کیا اور کہا کہ وہ دوبارہ مرمت کر دی گئی اور ٹھیکیدار سے نقصان کا ازالہ بھی کروایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سٹیڈیم میں رُوف ٹریٹمنٹ میں کوتاہی ہوئی تھی، سٹیڈیم میں لیکیج کو تسلیم کرنے میں کوئی قباحت نہیں، قذافی سٹیڈیم میں جہاں جہاں لیکیج ہوئی اس کی ٹھیکیدار سے مرمت بھی کروائی۔ چیمپئنز ٹرافی فائنل میں سٹیج پر نہ بلانے کے پیچھے جو ہاتھ کارفرما تھے ان کا سب کو پتہ ہے: سی او او سمیر احمد ہم نے آئی سی سی سے احتجاج کیا تھا مگر انہوں نے تسلی بخش جواب نہیں دیا، سمیر احمد سید

## سنیل نارائن 'ہٹ وکٹ' ہو کر بھی 'ناٹ آوٹ' قرار

### امپائر نے گیند کو وائیڈ قرار دیا اور انہیں ناٹ آوٹ قرار دیا' فیصلے پر سوالیہ نشان لگ گیا

کولکتہ (این این آئی) ایڈن گارڈنز میں کولکتہ نائٹ رائیڈرز اور رائل چیلنجرز بنگلورو کے درمیان آئی پی ایل 2025 کے افتتاحی میچ میں سنیل نارائن خوش قسمتی سے آوٹ ہونے سے بچ گئے۔ کے کے آر کے بیٹر سنیل نارائن 26 گیندوں پر 44 رنز بنا کر ہٹ وکٹ آوٹ ہونے کے باوجود ناٹ آوٹ قرار دیے گئے جس پر آر سی بی کے کھلاڑیوں نے فیصلے پر سوالیہ نشان لگا دیا۔ ساتویں اوور کے دوران راسخ سلام کی تیز شارٹ گیند کا نارائن کا سامنا کرنا پڑا جس سے اس نے بچنے کی کوشش کی اور ایسا کرتے ہوئے ان کے بیٹ اسٹمپ کو ٹکرا گیا اور بیلز گر گئے۔ تاہم امپائر نے گیند کو وائیڈ قرار دیا اور انہیں ناٹ آوٹ قرار دیا کیونکہ گیند پہلے ہی وکٹ کیپر جتیش شرما کے گلوز میں جا چکی تھی اور نارائن نے ڈیلیوری کھیلنے کا اپنا ایکشن مکمل کر لیا تھا۔ کرکٹ کے ایم سی سی قوانین کے مطابق اگر شاٹ کھیلنے اور گیند مکمل ہونے کے بعد بیلز گر جائیں تو بیٹر آوٹ نہیں ہوتا، اسی لیے امپائر نے قانون 35.2 کے تحت انہیں ناٹ آوٹ قرار دیا۔ علاوہ ازیں کپتان رجت پاٹیدار کی قیادت میں آر سی بی نے ٹاس جیت کر پہلے بولنگ کا فیصلہ کیا جب جوش ہیزل ووڈ نے پہلے ہی اوور میں کوئنٹن ڈی کاک کو صرف 4 رنز پر آوٹ کیا تاہم کپتان اجنکیا رہانے نے 25 گیندوں نصف سنچری اسکور کی اور نارائن نے 26 گیندوں پر 44 رنز اسکور کر کے ٹیم کا اسکور آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کیا۔

## صاحبزادہ فرحان نے کامران اکمل کا 8 سال پرانا ریکارڈ توڑ دیا

### صاحبزادہ نے صرف 72 گیندوں پر ناقابل شکست 162 رنز بنائے، کامران اکمل نے 150 رنز کی اننگز کھیلی تھی

ملتان (این این آئی) صاحبزادہ فرحان نے ملتان کرکٹ اسٹیڈیم میں خوئٹہ کے خلاف شاندار اننگز کھیل کر کامران اکمل کے 8 سال پرانے ریکارڈ کو توڑ دیا۔ صاحبزادہ نے صرف 72 گیندوں پر ناقابل شکست 162 رنز بنائے، 2017 میں راولپنڈی میں اسلام آباد کے خلاف لاہور وائٹس کی نمائندگی کرتے ہوئے کامران اکمل نے 150 رنز کی اننگز کھیلی تھی۔ 14 چوکوں اور 11 چھکوں پر مشتمل فرحان کی اننگز نے پشاور کو نیشنل ٹی 20 کپ کے کوارٹر فائنل میں پہنچا دیا۔ فرحان نے ٹی 20 فارمیٹ میں مشترکہ تیسرا سب سے زیادہ اسکور بھی بنا ای، سابق ویسٹ انڈین لیجنڈ کرس گیل کی طرح جو آر سی بی کی نمائندگی کرتے ہوئے پونے واریئرز کے خلاف 175 رنز کے ساتھ سرفہرست ہیں۔ ان کے بعد آسٹریلیا کے ایرون فنچ ہیں جنہوں نے زمبابوے کے خلاف 172 رنز بنائے تھے۔ زمبابوے کے ہیملٹن مساکڈزا نے ڈومیسٹک ٹی 20 میچ میں ناقابل شکست 162 رنز بنائے، حضرت اللہ زازئی نے آئرلینڈ کے خلاف میچ میں یہی اسکور بنایا تھا۔ پشاور نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ اوورز میں 239 رنز بنائے۔ 29 سالہ کھلاڑی جو پہلے ہی ٹورنامنٹ میں دو نصف سنچریاں اور ایک سنچری بنا چکے ہیں اب پاکستان میں سب سے زیادہ انفرادی اسکور کا ریکارڈ اپنے نام کر چکے ہیں۔ ہدف کے تعاقب میں کوئٹہ کی وقفے وقفے سے وکٹیں گرتی چلی گئیں۔

دوحہ کے ہانگ کانگ اور فلسطین کے درمیان قطر 2023 ایشین کپ میں گروپ سی کے میچ کے دوران فلسطینی کھلاڑی اپنے دوسرے گول کا جشن منا رہے ہیں (اے ایف پی)

PEPSI
PAKISTAN
ALLEN
SEIFERT
43
BRACEWELL
4

پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان چوتھائی ٹوئنٹی میچ 23 مارچ 2025 کو ماونٹ مونگانوئی میں کھیلا گیا (اے ایف پی)

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

# صنعت وتجارت نیوز

# معیشت نامہ

# چھ ماہ سے تنخواہیں نہ ملنے پر سول ہسپتال اور میڈیکل کالج کے سیکورٹی گارڈ سڑکوں پر نکل آئے

## گھر میں فاقوں کا عالم ہے بچے بھوک سے تڑپ رہے ہیں ایسی نوکری کا کیا کرے

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال ڈویژنل بیورو) چھ ماہ سے تنخواہیں نہ ملنے پر سول ہسپتال اور میڈیکل کالج کے سیکورٹی گارڈ سڑکوں پر نکل آئے۔ گھر میں فاقوں کا عالم ہے بچے بھوک سے تڑپ رہے ہیں ایسی نوکری کا کیا کرے۔ جو چھ ماہ سے تنخواہ نہیں دے رہے ہماری تنخواہیں دیں ہم ایسی نوکری پر لعنت بھیجتے ہیں۔ سیکورٹی حملہ مشتعل ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق سول ہسپتال گوجرانوالہ اور میڈیکل کالج کے سینکڑوں سیکورٹی گارڈ سڑکوں پر نکل آئے۔ اور احتجاج شروع کر دیا ان کا کہنا تھا کہ ہمیں چھ ماہ سے تنخواہیں نہیں دی جا رہی جس کی وجہ سے گھر میں فاقوں کا عالم ہے بچے بھوک سے تڑپ رہے ہیں ایک وقت کی روٹی کھانا مشکل ہوگیا ہے جبکہ بارہ بارہ گھنٹے ڈیوٹی ہم سے لی جا رہی ہے لیکن چھ ماہ سے تنخواہیں نہیں دی جا رہی۔ قرض اٹھا کر گھر کا گزارا کر رہے ہیں۔ محلے کے دکاندار ہمیں اب چیزیں نہیں دیتے۔ کمشنر نے گجرانوالہ اور ڈی سی گجرانوالہ کو بھی ہم بار بار کہہ چکے ہیں کہ ہماری تنخواہیں دی جائے۔ سیکورٹی گارڈ خرم شہزاد کا کہنا تھا کہ چھ ماہ سے تنخواہیں نہ دینا یہ سراسر غریب آدمی کے ساتھ ظلم و زیادتی ہے وزیر علی پنجاب فوری نوٹس لے اور ہمیں چھ ماہ کی تنخواہیں دلوائے اور ہم ایسی نوکری پر لعنت بھیجتے ہیں۔ یاد رہے سول ہسپتال اور میڈیکل کالج کے سیکورٹی گارڈ کے ماہانہ تنخواہ کا بجٹ چار کروڑ 80 لاکھ روپے بنتا ہے۔ اس حوالے سے ہیلتھ انتظامیہ کا کہنا تھا کہ ان کو جلد ہی تنخواہ مل جائیں گی۔

### احترام رمضان میں اندرون شہر میں ہوٹل کھلے ہونے پر

### انتظامیہ کی ناقص کارکردگی، شہریوں کا احتجاج

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں، جہاں مسلمانوں کا روزہ رکھنا عبادات کا حصہ ہے، گوجرانوالہ کے اندرون شہر میں مختلف ہوٹلوں اور دکانوں کے کھلے ہونے پر شہریوں میں تشویش پائی جا رہی ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں برگر، شوارما، دہی بھلے، اور فروٹ چاٹ کی دکانیں کھلی ہوئی ہیں، جو رمضان کے احترام کے اصولوں کی خلاف ورزی کر رہی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ رمضان کے دوران ہوٹلز اور فوڈ شاپس کے اوقات میں تبدیلی کی ہدایات کے باوجود، متعدد ہوٹل اور کھانے پینے کی دکانیں افطار سے پہلے اور سحری کے دوران کھلی ہوتی ہیں۔ اس سے نہ صرف روزہ داروں کو مشکلات کا سامنا ہے۔

### آتشیں اسلحہ سے مسلح ڈاکو گن پوائنٹ پر شہری سے ہزاروں روپے نقدی، موبائل فون اور موٹر سائیکل چھین کر فرار ہو گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) آتشیں اسلحہ سے مسلح ڈاکو گن پوائنٹ پر شہری سے ہزاروں روپے نقدی، موبائل فون اور موٹر سائیکل چھین کر فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی رینالہ خورد کی حدود گرین سٹی بائی پاس کے قریب آتشیں اسلحہ سے مسلح ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر شہری عدیل کو روکا اور گن پوائنٹ پر اس سے ہزاروں روپے نقدی موبائل فون اور موٹر سائیکل چھین کر فرار ہو گئے۔ پولیس تھانہ سٹی رینالہ خورد نے کاروائی کا آغاز کر دیا ہے۔

# نادار مستحق و مفلس خاندان کی قرض کشائی کرنا بھی نیکی ہے۔ رانا محمد عرفان

## گردونواح میں بے سہارا فیمیلیز کی چھپ کر کفالت کرنا چاہیئے۔ Ceo سیالکوٹ سویٹس



سیالکوٹ (بیورو چیف) رمضان المبارک کے دوران نیک اعمال و مفلس و نادار لوگوں کی کفالت اور چپکے سے انکا ادھار چکا دینا بھی نیکی ہے۔ پریشان حال لوگوں کی قرض کشائی سے انکی زندگی میں سہولت اور آسانی پیدا ہوسکتی ہے جو پیارے رسول اللہ کی سنت بھی ہے اور اللہ تعالیٰ کے ہاں مقبول بھی۔ ان باتوں کا سی آئی او سیالکوٹ سویٹس حاجی رانا محمد عرفان نے ایک فکری نشست کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ کوشش کر کے حقدار و پریشان حال انسانیت کی چھپ کر امداد کی جائے۔ ہوشربا مہنگائی کے ستائے عام عوام ہمارے ارد گرد قرب و جوار میں ہوتے ہیں کئی بے سہارا فیملیز کیلئے گروسری کے بل ادا کرنے کی سکت نہیں وہ دوکانداروں کے قرضہ سے پریشان ہوتے ہیں ان کی نشاندہی کر کے ان کے بل ادا کر کے چپکے سے انہیں مطلع کرنے سے انہیں سہولت اور صاحب استطاعت کو سکون قلب و ثواب کا حصول ہوتا ہے۔

# امیدوار ایم این اے این اے 142 عائشہ ارشد لودھی کی کمیر آمد

## عائشہ ارشد لودھی ریلی کی صورت میں دربار سید بابا محمد پناہ کمیر پہنچی جہاں پر پیر جاوید شاہ اور عمر دراز جھکڑ نے پرتپاک استقبال کیا

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) امیدوار ایم این اے این اے 142 عائشہ ارشد لودھی کی کمیر آمد۔ عائشہ ارشد لودھی ریلی کی صورت میں دربار سید بابا محمد پناہ کمیر پہنچی جہاں پر پیر جاوید شاہ اور عمر دراز جھکڑ نے پرتپاک استقبال کیا مالے پہنے گئے پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں اور ڈھول کی تاپ پر بھنگڑے ڈالتے ہوئے ویلکم کیا گیا۔ اس موقع پر عائشہ ارشد لودھی کیساتھ صدر ہم خیال پریس کلب چوہدری عبدالرحمن، چیئرمین چوہدری محمد عثمان، فنانس سیکرٹری رانا تو ید دلدار، سلیم حیدر ڈوگر، رانا خرم شہزاد اور شہریوں کی بڑی تعداد موجود تھی عائشہ ارشد لودھی نے دربار بابا سید محمد پناہ کمیر پر چادر چڑھائی اور آخر میں ملک کی سلامتی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

# آلہ آباد محلہ حاجی لکھے خاں کی رہائشی 2 بہنیں 5 روز سے پُراسرار طور پر غائب

چونیاں (تحصیل رپورٹر) آلہ آباد محلہ حاجی لکھے خاں کی رہائشی 2 بہنیں 5 روز سے پُراسرار طور پر غائب، زمین کھا گئی یا آسمان نگل گیا کوئی اتہ پتہ نہیں، پولیس بھی سراغ لگانے میں ناکام، والدین شدت غم سے نڈھال، اغواء کے بعد قتل کا خدشہ، وزیراعلیٰ مریم نواز اور آئی جی پنجاب سے فوری بازیابی کی اپیل الہ آباد کے محلہ حاجی لکھے خاں کے رہائشی پذیر سنہار عرف شاہنواز کی جواں سالہ 2 بیٹیاں 18 سالہ ناہید بی بی اور 16 سالہ پارس بی بی 5 روز قبل گھر سے نکلی مگر واپس نہ آئیں۔ بتایا گیا ہے کہ، والدین نے اپنے طور پر ہر جگہ تلاش کیا مگر ناکام لوٹے، مقامی پولیس بھی 5 روز کی کوشش کے بعد بھی سراغ لگانے میں ناکام رہی ہے۔ جواں سالہ بیٹیوں کی عدم بازیابی پر شدید غم سے نڈھال والدین نے اپنی بیٹیوں کو اغواہ کے بعد قتل کرنے کا خدشہ ظاہر کیا ہے۔

# دیپالپور اوکاڑہ میاں محمد اسلم صدیقی مرکزی جمعیت اہل حدیث پنجاب کے نائب امیر نامزد

## مرکزی و ضلعی ذمہ داران کی مبارکباد: مجلس شوریٰ کے ممبر حافظ محمد عبداللہ ظہیر کی طرف سے پریس ریلیز جاری

دیپالپور (زاہد عمران خاں جنجوعہ) دیپالپور اوکاڑہ میاں محمد اسلم صدیقی مرکزی جمعیت اہل حدیث پنجاب کے نائب امیر نامزد۔ مرکزی و ضلعی ذمہ داران کی مبارکباد۔ مرکزی مجلس شوریٰ کے ممبر حافظ محمد عبداللہ ظہیر کی طرف سے جاری پریس ریلیز کے مطابق مرکزی جمعیت اہل حدیث پنجاب کے امیر مولانا عبدالرشید حجازی نے سرپرست سید سبطین شاہ نقوی ناظم اعلیٰ حافظ محمد یونس آزاد سے باہمی مشاورت کے بعد ضلع اوکاڑہ کے امیر پروفیسر ڈاکٹر میاں محمد اسلم صدیقی کو پنجاب کا نائب امیر نامزد کر دیا جبکہ مرکزی نائب امیر ڈاکٹر رانا محمد شفیق پسروری مولانا محمد نعیم بٹ ناظم ذیلی تنظیمات عجائب امیر ڈاکٹر عبدالغفور راشد ممبر امن کمیٹی پنجاب ڈاکٹر حافظ بابر فاروق رحیمی ناظم لاہور حافظ ممتاز حسین سرپرست پریس کلب عبدالحکیم زبیر احمد ظہیر صدر راشد محمود ناظم ضلع اوکاڑہ قاری ابوبکر صدیق نائب امیر ضلع اوکاڑہ ملک محمد سلیم سینئر نائب ناظم میاں محمد صادق گل حافظ محمد عبداللہ ظہیر ناظم مالیات ڈاکٹر اظہر حسن ناظم سیاسی امور حافظ اسامہ فاروق امیر تحصیل اوکاڑہ حافظ غلام سرور ناظم مولانا احمد یار صدیقی امیر تحصیل دیپالپور مولانا محمد اکرم زاہد ناظم حافظ محمد یوسف کھوکھر امیر تحصیل رینالہ خورد مولانا محمد اسلم مکی ناظم مولانا قاسم تنویر محمد جنید بغدادی چوہدری محمد اسماعیل سینٹ دیگر سیاسی و مذہبی جماعتوں کے قائدین نے مبارکباد پیش کی۔

# ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل طلحہ سعید نے ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ چنیوٹ کے اجلاس کی صدارت کی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل طلحہ سعید نے ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ چنیوٹ کے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری کوالٹی کنٹرول بورڈ شہزاد سلیم، تینوں تحصیلوں کے ڈرگ انسپکٹرز اور ممبران ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر کے 9 کیسز پر بحث کی گئی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر طلحہ سعید نے 2 کیس کو ڈرگ کورٹ بھجوانے، 6 کو وارننگ جبکہ ایک کیس کی دوبارہ رپورٹ منگوانے کا حکم دیا اور میڈیکل سٹور مالکان کو سختی کیساتھ ہدایت کی گئی کہ وہ لائسنس کی شرائط کے مطابق کام کریں ورنہ انکے لائسنس منسوخ کر دیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ صحت کے معاملہ پر کوئی سمجھوتہ نہیں، غیر معیاری، جعلی ادویات بیچنے اور انسانی جانوں سے کھیلنے والے اتائی کسی رعایت کے مستحق نہیں انکے خلاف کاروائیوں کو مزید تیز کریں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نے ڈرگ انسپکٹرز کو مزید محنت کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ضلع بھر میں جعلی اور غیر معیاری ادویات بیچنے والوں پر کڑی نظر رکھیں اور انکے خلاف سخت سے سخت کارروائی کریں۔

# ٹی بی ایک ایسا مرض ہے جو پھیپھڑوں پر اثر انداز ہوتا: ڈاکٹر شیر افگن

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) صوبائی ٹی بی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر نبیل ساہی اور اے ایم ایس ڈاکٹر شیر افگن بٹ نے کہا کہ ٹی بی ایک ایسا مرض ہے جو پھیپھڑوں پر اثر انداز ہوتا ہے اور ہوا کے ذریعے ایک سے دوسرے شخص میں منتقل ہوسکتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سول ہسپتال ڈسکہ میں آگاہی واک کے دوران کیا انہوں نے کہا کہ ماہرین کے مطابق دنیا بھر میں ایک تہائی ٹی بی کے مریضوں میں مرض کی تشخیص ہی نہیں ہو پاتی یا وہ علاج کی سہولیات سے محروم ہیں پاکستان میں ہر سال لگ بھگ 70 ہزار افراد ٹی بی کے باعث موت کا شکار ہو جاتے ہیں واک میں ڈاکٹرز پیرامیڈیکل سٹاف اور سول سوسائٹی نے شرکت کی۔

# ڈسٹرکٹ ٹی بی ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام آگاہی سیمینار منعقد ہوا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تپ دق (ٹی بی) سے آگاہی کے عالمی دن کے موقع پر ڈسٹرکٹ ٹی بی ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام آگاہی سیمینار منعقد ہوا۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے خصوصی شرکت کی اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال ڈاکٹر احمد خان، سیکرٹری ٹی بی ایسوسی ایشن شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ، ڈاکٹر خالد یاسین جنرل سیکرٹری ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل، چوہدری سعید اسلم اقبال رائس ملز والے، راجہ ریاض احمد خان سمیت دیگر افراد موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ٹی بی قابل علاج بیماری ہے جس کے لئے اچھی غذا اور صحت مند ماحول کا ہونا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹی بی سے بچنے کے لئے تمام تر احتیاطی تدابیر پر ذمہ داری سے عمل پیرا ہا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ سرکاری سطح پر تپ دق کے علاج معالجہ کی بہترین طبی سہولتوں کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ اس مرض میں مبتلا مریضوں کو تشخیص، علاج اور ادویات مفت فراہم کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹی بی کے عالمی دن کو منانے کا مقصد لوگوں میں اس مرض سے بچاؤ اور علاج کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحت عامہ کے شعبہ کے متعلقہ ماہرین ٹی بی کی روک تھام کے لئے اقدامات جاری رکھیں، شہری علامات ظاہر ہونے پر فوری ہسپتال سے رجوع کریں۔ سیکرٹری ٹی بی ایسوسی ایشن نے کہا کہ ٹی بی کے مریضوں کا ہر ممکن علاج کیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر ٹی بی کے مریضوں میں راشن بھی تقسیم کیا گیا جبکہ ڈپٹی کمشنر کو ضلع میں مثالی خدمات کے اعتراف میں گولڈ میڈل دیا گیا۔

### مختلف واقعات میں تین موٹر سائیکلیں چوری

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مختلف واقعات میں تین موٹر سائیکلیں چوری مین بازار سے حافظ ارسلان، سول چوک سے محمد احمر اور برج آرائیاں سے محمد شکیل کی موٹر سائیکلیں نامعلوم ملزمان چوری کر کے لے گئے پولیس نے مقدمات درج کر لئے۔

### پلانٹ فار پاکستان“ کے بینر سے پنجاب کے تعلیمی اداروں میں پودے لگائے گئے

چکوال (ایم ایوب۔ سلطانی) عالمی یوم جنگلات کے موقع پر ہائر ایجوکیشن پنجاب نے وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے احکام کے مطابق ”پلانٹ فار پاکستان“ کے بینر سے پنجاب کے تعلیمی اداروں میں پودے لگائے گئے۔ اس سلسلے میں گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین چکوال میں بھی خصوصی اہتمام کیا گیا۔ پرنسپل محترمہ پروفیسر ریحانہ یاسمین، سینئر پروفیسرز، طالبات اور دیگر سٹاف نے پودے لگائے۔ طالبات کو پودے لگانے کی اہمیت سے آگاہی دی گئی۔ اس سلسلے میں ایک واک بھی کی گئی نیز جنگلات کے موضوع پر طالبات نے خوبصورت پینٹنگز بنائیں۔ علاوہ ازیں پودوں اور جنگلات کی اہمیت پر اردو اور انگریزی میں طالبات نے تقاریر کیں۔ جنگلات کی اہمیت کے حوالہ سے حکومت پنجاب اور پاکستان کی کاوشوں سے کالج اساتذہ اور طالبات کو آگہی دی۔ آخر میں خصوصی طور پر پاکستان کی ترقی کے لئے دعا کی گئی۔

24 مارچ 2025
ٹی بی کا عالمی دن
ٹی بی قابل علاج ہے۔
ٹی بی کا علاج کل نہیں آج
واک برائے آگاہی
YES! WE CAN END TB
The Global Fund

### وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف عوامی فلاح و بہبود کے لیے مثالی اقدامات کر رہی ہیں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف عوامی فلاح و بہبود کے لیے مثالی اقدامات کر رہی ہیں تاکہ مختلف فلاحی پروگرامز کے ذریعے عوامی خدمت کے اقدامات کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جا سکے، پنجاب سوشیو اکنامک رجسٹریشن کے تحت مختلف فلاحی پروگرامز کے ڈیٹا انٹری کے لیے انٹرن عوامی خدمت کے جذبے کے تحت محنت سے کام کریں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے پی ایس ای آر کے انٹرنشپ ملازمین میں تنخواہوں کے چیک تقسیم کرتے ہوئے کیا، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پی ایس ای آر کے تحت عوامی فلاح و بہبود کے سلسلے میں محنت سے کام کریں اور بہترین انداز میں شفاف ڈیٹا مرتب کریں۔

ٹی بی ڈے واک
شوکت علی آزاد
ورلڈ ٹی بی ڈے
24 مارچ

# چوہدری عبدالجبار گجر کا عوامی ریلیف کے لیے انسپیکشنز کا سلسلہ جاری

## شہر کے متعدد مقامات پر عوام الناس کو مقررہ نرخوں پر اشیائے خورونوش کی فراہمی کے عمل کا جائزہ لیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر کا عوامی ریلیف کے لیے انسپیکشنز کا سلسلہ جاری، انہوں نے رمضان المبارک کے پیش نظر شہر کے متعدد مقامات پر عوام الناس کو مقررہ نرخوں پر اشیائے خورونوش کی فراہمی کے عمل کا جائزہ لیا اور دکانداروں کو تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ ناجائز منافع خوری سے پرہیز کریں اور ماہ مبارک میں عوام الناس کو مقررہ نرخوں پر اشیائے ضروریہ فراہم کر کے رمضان المبارک کی برکتیں حاصل کریں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ حکومت پنجاب کی گائیڈ لائنز کے مطابق پرائس کنٹرول مجسٹریٹس عوامی ریلیف کے لیے متحرک انداز میں کام کر رہے ہیں اور عوام کو جاری کردہ نرخ ناموں کے مطابق کی دستیابی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

# عیدالفطر: موقع پر فول پروف سیکورٹی انتظامات کے احکامات جاری

## اعلیٰ سطحی اجلاس میں سیکورٹی پلان کو حتمی شکل دی گئی

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈی پی او نے عید الفطر کے موقع پر فول پروف سیکورٹی انتظامات کے احکامات جاری کر دیئے اعلیٰ سطحی اجلاس میں سیکورٹی پلان کو حتمی شکل دی گئی تفصیلات کے مطابق ڈی پی او رانا طاہر رحمان کی طرف سے ماہ رمضان المبارک میں سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کی وجہ سے ضلع بھر میں کسی قسم کا کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا، نماز تراویح سمیت پنجگانہ نمازوں کی سیکورٹی غیر معمولی انداز میں کی جا رہی ہے، ڈی پی او کے سیکورٹی انتظامات پر مکمل فوکس کی وجہ سے یوم شہادت علی کے بڑے ایونٹ پر بھی ضلع بھر میں کسی قسم کا کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا، گزشتہ روز ڈی پی او رانا طاہر رحمان نے پولیس افسران کے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی جس میں عیدالفطر کے سیکورٹی انتظامات کا حتمی شکل دی گئی اس موقع پر بتایا گیا کہ ضلع بھر میں 939 مساجد، 24 امام بارگاہوں اور 40 اوپن مقامات سمیت 1 ہزار 12 مقامات پر نماز عید کے بڑے بڑے اجتماعات ہوں گے، جن کی سیکورٹی کے باقاعدہ سیکورٹی پلان کے تحت انتظامات مکمل کئے گئے ہیں، اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈی پی او نے کہا کہ نماز عیدالفطر کے اجتماعات کی سیکورٹی میں کسی قسم کی غفلت سستی برداشت نہیں کی جائے گی، اہلکار نماز عیدالفطر کے اجتماع کے وقت سے قبل ہی مقرر پوائنٹ پر ڈیوٹی سنبھال کر مجاز اتھارٹی کو رپورٹ کریں گے آخری نمازی کے مقام چھوڑنے تک سیکورٹی اہلکار ڈیوٹی پوائنٹ نہیں چھوڑیں گے، ضلع بھر کے پولیس سرکلز کے ایس ڈی پی اوز سیکورٹی انتظامات کی مانیٹرنگ کریں گے جبکہ ڈی پی او آفس میں 24/7 کام کرنے والا کنٹرول روم تمام سیکورٹی انتظامات کی اوور آل مانیٹرنگ کرے گا

# ڈاکٹر فائق علی تارڑ کو پی ایچ ایف ایم سی کے ڈسٹرکٹ مینیجر کا اضافی چارج دے دیا گیا

## انہوں نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر فرائض کی ادائیگی شروع کر دی ہے

DHO (PS) DHA
HAFIZABAD

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر حافظ آباد ڈاکٹر فائق علی تارڑ کو پی ایچ ایف ایم سی کے ڈسٹرکٹ مینیجر کا اضافی چارج دے دیا گیا۔ جنہوں نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر فرائض کی ادائیگی شروع کر دی ہے۔ ڈاکٹر فائق علی تارڑ کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن کے مطابق مریم نواز ہیلتھ کلینک اور دیگر دیہی ہسپتالوں میں مریضوں کو علاج معالجہ کی بہتر سہولیات، مفت ادویات کی فراہمی کے عمل کو مزید بہتر بنایا جائیگا۔ انکا کہنا تھا کہ مریم نواز ہیلتھ کلینکس اور دیگر دیہی ہسپتالوں میں زچہ و بچہ کے معیاری اور بہتر علاج معالجہ کی سہولیات کی دستیابی کو ہر لحاظ سے یقینی بنایا جائیگا۔ شہری و سماجی حلقوں نے ڈی ایچ او ڈاکٹر فائق علی تارڑ کو پی ایچ ایف ایم سی کے ڈسٹرکٹ مینیجر کا اضافی چارج ملنے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اس امر کا اظہار کیا کہ جس طرح وہ پہلے محکمہ صحت اور ڈی ایچ کیو ہسپتال میں مریضوں کو علاج معالجہ کی سہولیات کی فراہمی کے لیے اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں اسی طرح وہ مریم نواز ہیلتھ کلینکس اور دیگر دیہی ہسپتالوں کے مریضوں کو بھی بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے اپنی تمام تر توانائیاں صرف کریں گے۔

CRIME
& COURT
جرم و سزا

# رانا اسحاق خاں اور اسسٹنٹ کمشنر چونیاں نے پودا لگا کر شجرکاری مہم کا افتتاح کر دیا

## افتتاحی تقریب میں گرلز کالج کی پرنسپل، ٹیچرز، معززین علاقہ اور محکمہ جنگلات کے ملازمین نے بھرپور شرکت کی

MAHOGANY
PLANTED BY
RANA MOHAMMAD ISHAQ KHAN

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج چھانگا مانگا میں رہنما مسلم لیگ ن رانا اسحاق خاں اور اسسٹنٹ کمشنر چونیاں نے پودا لگا کر شجرکاری مہم کا افتتاح کر دیا افتتاحی تقریب میں گرلز کالج کی پرنسپل، ٹیچرز، معززین علاقہ اور محکمہ جنگلات کے ملازمین نے بھرپور شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز صاحبہ کے ویژن کے مطابق محکمہ جنگلات کے DFO سید آغا یٰسین شاہ اور SDO محمد سہیل ظفر نے گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج چھانگا مانگا میں شجرکاری مہم کے سلسلہ میں تقریب کا انعقاد کیا جس میں مہمان خصوصی X ایم این اے رانا محمد اسحاق خاں اور اسسٹنٹ کمشنر چونیاں نے پودا لگا کر شجرکاری مہم کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر رہنما مسلم لیگ ن رانا اسحاق خاں نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ آج ہم نے جس کالج میں پودے لگائے ہیں یہ کالج بھی مسلم لیگ ن کی حکومت میں اپنے قائدین سے خصوصی گرانٹ لیکر میں نے بنوایا تھا تاکہ چھانگا مانگا اور اس کے ملحقہ سینکڑوں دیہاتوں کی میری بچیاں آسانی سے تعلیم جیسے زیور سے آراستہ ہوسکیں وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق چھانگا مانگا جنگل میں 21 مارچ 2025 تک 60 ہزار پودوں کا ہدف مکمل کر لیا گیا ہے جبکہ ایجوکیشن کے محکمہ کو 51 ہزار 650 پودے فری فراہم کر کے لگوائے گئے ہیں ضلع بھر میں محکمہ ہیلتھ کو 2550 پودے فری فراہم کئے ہیں انشاءاللہ وزیراعظم پاکستان، اور وزیراعلیٰ پنجاب کے احکامات پر عمل کرتے ہوئے پاکستان کو کلین اینڈ گرین بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے اور حلقہ این اے 133 کے عوام کی خدمت میں ہمیشہ پیش پیش رہیں گے۔

# پانی چوروں نے محکمہ کی کالی بھیڑوں کے ساتھ ساز باز ہو کر ہوا میں اڑا دیئے

کیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) حکومت پنجاب اور حکام بالا کے احکامات پانی چوروں نے محکمہ کی کالی بھیڑوں کے ساتھ ساز باز ہو کر ہوا میں اڑا دیئے۔ چک نمبر 5/53 ایل سے متعلقہ لنک فائیو ایل کینال ضلع ساہیوال کے موگہ نمبر 16527 سے پائپ لگا کر پانی ملی بھگت سے تسلسل چوری کیا جا رہا ہے۔ مبینہ طور پر پانی چوری میں ملوث مربع نمبر 66 کے زمینداران وسیم اکرم، ندیم اکرم پسران محمد اکرم رندھاوا اور عامر ارشد ولد محمد ارشد رندھاوا وغیرہ پر متاثرین نے پانی چوری کا الزام عائد کیا ہے۔ وسیم اکرم نے رابطہ کرنے پر پانی چوری کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسا محکمہ انہار کے متعلقین سے باہم ساز باز ہو کر ماضی بعید سے کیا جا رہا ہے۔ حالیہ چوری کا وقوعہ جمعہ اور ہفتہ کی درمیانی شب ہونا بتایا گیا ہے اور یہ سلسلہ سالوں سے جاری ہے مگر محکمہ انہار ساہیوال صرف تار اور نوٹس دینے کی خانہ پوری تک محدود ہو کر رہ گیا ہے۔

# گھریلو رنجش پہ ملزم نے بیوی اور 14 بچوں کی ماں پہ وحشیانہ تشدد

## کلہاڑی کے الٹے وار کر کے دونوں ٹانگیں توڑنے کے بعد گھر میں بند کر کے فرار ہو گیا

عارف والا (امیر احمد خان سے) ظلم کی داستان محلہ ضیاء نگر میں گھریلو رنجش پہ ملزم نے اپنی بیوی اور 14 بچوں کی ماں پہ وحشیانہ تشدد کے بعد کلہاڑی کے الٹے وار کر کے دونوں ٹانگیں توڑنے کے بعد گھر میں بند کر کے فرار ہو گیا پولیس تھانہ سٹی نے اطلاع ملنے پہ دروازہ توڑ کے زخمی خاتون کو بازیاب کروایا ریسکیو 1122 نے خاتون کو ہسپتال منتقل کر دیا ذرائع کے مطابق متاثرہ خاتون سائرہ بی بی کے خاوند بشیر احمد نے بدچلنی کے شبہ میں اپنی بیوی کو کمرے میں بند کر کے ہاتھ پاؤں باندھنے کے بعد وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنایا اور اسے الٹا لیٹا کر کلہاڑی کے الٹے وار کر کے اس کی دونوں ٹانگیں توڑ دیں اور کمرے کو تالا لگا کے فرار ہو گیا آس پاس کے لوگوں کو شک گزرنے پہ انھوں نے پولیس کو اطلاع دی جس پہ لاری اڈا چوکی پولیس اور ایس ایچ او سٹی نے اپنی ٹیم کے ہمراہ دروازہ توڑ کر زخمی خاتون کو بازیاب کروانے کے بعد ریسکیو 1122 کو کال کی جنہوں نے فرسٹ ایڈ دینے کے بعد متاثرہ خاتون کو ہسپتال منتقل کیا پولیس تھانہ سٹی نے متاثرہ خاتون کے بھائی کی مدعیت میں سنگین دفعات کے تحت ملزم اور اس کے ساتھیوں کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ملزم کے اپنی بیوی سے 14 بچے 11 بیٹیاں اور تین بیٹے ہیں دونوں کی شادی عرصہ 20 سال قبل ہوئی تھی پولیس تھانہ سٹی نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم دو گھنٹے کے اندر ملزم بشیر احمد کو ٹریس کرنے کے بعد گرفتار کر لیا۔

# پولیس کا جرائم پیشہ افراد کے خلاف آپریشن: درجن کے قریب افراد گرفتار ناجائز اسلحہ برآمد

## پولیس گشت بڑھا دیا گیا ہے جرم کے خاتمہ کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں: ایس ایچ او

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ پولیس کا جرائم پیشہ افراد کے خلاف آپریشن شہر اور گردونواح سے درجن کے قریب افراد گرفتار ناجائز اسلحہ برآمد ایس ایچ او تھانہ نارنگ انسپکٹر سید ظہیر عالم شاہ نے سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ناجائز اسلحہ پسٹل رائفل درجنوں گولیاں برآمد کر کے ایک درجن کے قریب ملزمان کو حراست میں لیا گیا ہے پولیس گشت بڑھا دیا گیا ہے جرم کے خاتمہ کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں منشیات فروش ناجائز اسلحہ دیگر جرائم ملوث درجنوں ملزمان گرفتار ہو چکے ہیں ناجائز اسلحہ برآمد ہونے والوں میں زیادہ ترنوجوان ہیں جو لمحہ فکریہ ہے میری والدین خصوصاً نوجوانوں سے گزارش ہے کہ منفی سرگرمیوں سے دور رہیں ورنہ سخت کارروائی ہوگی جو آپ کے مستقبل کیلئے خطرناک ثابت ہوگی پولیس عوام کے تحفظ کیلئے ہے جو خوش آئند ہے عوام کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

### نامعلوم ملزم نے گھر میں داخل ہو کر 50 سالہ شخص کو فائرنگ کر کے شدید زخمی کر دیا

مصطفی آباد للیانی (نامہ نگار) نامعلوم ملزم نے گھر میں داخل ہو کر 50 سالہ شخص کو فائرنگ کر کے شدید زخمی کر دیا، محلہ وارڈ نمبر 2 کے رہائشی اللہ رکھا نے پولیس کو بتایا کہ گزشتہ رات میرا بھائی شبیر احمد دوکان بند کر کے گھر آیا اور چارپائی پر بیٹھ گیا، اور اسی دوران پیچھے آنے والے نامعلوم شخص نے گھر کا گیٹ کھول کر میرے بھائی پر فائرنگ کر دی، جسے شدید زخمی حالت میں آر ایچ سی ہسپتال منتقل کر دیا، پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔

### پولیس نے منشیات کی ترسیل کرنے والے ملزم کو گرفتار کر کے اُس کے قبضہ سے 10 کلو چرس برآمد کر لی

مصطفی آباد للیانی (نامہ نگار) پولیس نے منشیات کی ترسیل کرنے والے ملزم کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 10 کلو چرس برآمد کر لی، پولیس کو خفیہ اطلاع موصول ہوئی کہ منشیات فروشی میں ملوث سلطان عرف سلطانہ صوا کی حویلی کے قریب منشیات کی فروخت و ترسیل کر رہا ہے، پولیس پارٹی نے ایس ایچ او سید ثقلین بخاری کی زیرنگرانی فوری مذکورہ جگہ پر ریڈ کر کے ملزم کو پکڑ لیا اور اس کے بیگ کو قبضہ میں لے کر 10 کلو چرس برآمد کر لی۔

### بجلی بند رہے گی

جھنگ (بیورو رپورٹ) بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں صبح 7 بجے سے دن 11 بجے تک 25,27 مارچ کو کالج روڈ فیڈر میں بجلی کی سپلائی معطل رہے گی

### تیز رفتار دودھ والی گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار موقع پر جاں بحق جبکہ اس کی بیوی اور بیٹی شدید زخمی ہو گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تیز رفتار دودھ والی گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار موقع پر جاں بحق جبکہ اس کی بیوی اور بیٹی شدید زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق صابری کالونی کا رہائشی اپنی بیوی اور بیٹی کے ہمراہ موٹر سائیکل پر سوار ہو کر جا رہے تھے کہ اچانک راستے میں نواحی قصبہ 51 ٹو ایل کے نیوغلہ منڈی کے قریب تیز رفتار دودھ والی گاڑی نے ٹکر مار دی جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار موقع پر جاں بحق جبکہ اسکی بیوی اور بیٹی شدید زخمی ہو گئے۔ جبکہ گاڑی کا ڈرائیور بھاگ جانے میں کامیاب ہو گیا ریسکیو 1122 ٹیم نے نعش اور زخمیوں کو ڈسٹرکٹ ہسپتال اوکاڑہ منتقل کر دیا ہے۔

# نیشنل پریس کلب اور تحصیل پریس کلب میں مشترکہ جدوجہد کا اعلان

## نیشنل پریس کلب اور تحصیل پریس کلب نے ایک تاریخی فیصلہ کرتے ہوئے آپس میں اتحاد قائم کر لیا ہے

ظفروال (زاہد چوہدری سے) نیشنل پریس کلب اور تحصیل پریس کلب نے ایک تاریخی فیصلہ کرتے ہوئے آپس میں اتحاد قائم کر لیا ہے۔ اس اتحاد کا مقصد صحافت کے وقار کو بحال کرنا، عوامی فلاح و بہبود کو ترجیح دینا، اور علاقے میں امن و امان کے قیام میں مثبت کردار ادا کرنا ہے۔ مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے بانی و پیٹرن چیف نیشنل پریس کلب ظفروال، صاحبزادہ محمد عاصم حبیب نے کہا کہ یہ اتحاد صحافی برادری کے لیے ایک سنگ میل ثابت ہوگا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ نیشنل پریس کلب اور تحصیل پریس کلب مل کر عوام اور علاقے کی ترقی و خوشحالی کے لیے کام کریں گے اور زرد صحافت کے بجائے مثبت اور تعمیری صحافت کو فروغ دیں گے۔ نیشنل پریس کلب کے صدر، خواجہ عمران عباس نے تمام صحافیوں کا خیر مقدم کیا اور اتحاد کے لیے کی جانے والی کوششوں کو سراہا۔ اجلاس کے دوران میاں عامر ارشاد نے کہا کہ XX زرد صحافت نہیں، سبز صحافت ہی ہمارا مستقبل ہے، اور ہمیں اپنے ملک اور شہر کو مقدم رکھنا ہوگا۔XX اس موقع پر ملک سجاد لطیف، خامس منہاس، فیاض انصاری، مبیع اللہ، زاہد مجید، میڈم روبینہ، وسیم چوہدری، محمد فیاض، ڈاکٹر فیصل، عرفان شاہ، حیدر طاہر، کلیم قریشی، مہر رفاق اور دیگر معزز صحافیوں نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا اور اتحاد کی بھرپور حمایت کی۔ صحافی برادری اور ضلع بھر کے عوام اس اقدام کو مثبت اور خوش آئند قرار دے رہے ہیں، جس سے امید کی جا رہی ہے کہ مقامی صحافت میں ایک نئی اور تعمیری جہت سامنے آئے گی۔

# مصطفی آباد: ایس ایچ او ثقلین بخاری کی بڑی کاروائی

## بدنام زمانہ منشیات فروش گرفتار، دس کلو چرس برآمد، مقدمہ درج

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) ایس ایچ او ثقلین بخاری کی بڑی کاروائی، بدنام زمانہ منشیات فروش گرفتار، دس کلو چرس برآمد، مصطفی آباد کا رہائشی بدنام زمانہ منشیات فروش پکی حویلی سے گرفتار، تفصیلات کے مطابق ڈی پی او قصور محمد عیسیٰ خاں سکھیرا کے خصوصی احکامات کی روشنی میں منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران تھانہ مصطفی آباد میں نئے تعینات ہونے والے ایس ایچ او تھانہ مصطفی آباد سید ثقلین بخاری کی بڑی کاروائی، ASI ارشد سہیل پر مشتمل ٹیم نے مصطفی آباد کے رہائشی بدنام زمانہ منشیات فروش سلطان عرف سلطانہ کو پکی حویلی سے گرفتار کر لیا، گرفتار ہونے والے بدنام زمانہ منشیات فروش کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کی دس کلو گرام چرس برآمد، چوکی انچارج بیدیاں اے ایس آئی ارشد سہیل کی مدعیت میں مقدمہ درج، ملزم منشیات کا مکروہ دھندہ بڑے پیمانے پر کر کے نوجوان نسل کو تباہ کر رہا تھا، ملزم کے خلاف امتناع منشیات کی دفعات کے تحت مقدمہ درج، مزید تفتیش جاری، ڈی پی او محمد عیسیٰ خاں نے کہا کہ ضلع سے آخری منشیات فروش کی گرفتاری تک کریک ڈاؤن جاری رہے گا، ایس ایچ او تھانہ مصطفی آباد سید ثقلین بخاری نے کہا کہ ڈی پی او قصور محمد عیسیٰ خاں سلھیرا نے منشیات فروشوں کے مکمل خاتمہ کا مشن دیکر تعینات کیا ہے، آخری منشیات فروش کی گرفتاری تک چین سے نہیں بیٹھوں گا، سیاسی، سماجی، مذہبی جماعتوں کے نمائندے، صحافی، تاجر، نمبردار ان، شریف شہری منشیات فروشی کی لعنت سے معاشرے کو نجات دلانے کے لئے پولیس کے ساتھ تعاون کریں، منشیات فروشی کی اطلاع دینے والوں کا نام صیغہ راز میں رکھتے ہوئے ہنگامی بنیادوں پر کاروائی عمل میں لائی جائے گی،

# حافظ شاف علی کا رمضان نور سحر صبر کی اہمیت پر مفید لیکچر

## روزہ تزکیہ نفس کیساتھ صبر وتحمل سکھا تا ہے۔ سینٹرل گورنر جناح کا پاکستان

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایک مسلمان کیلئے صبر وتحمل اور عفو و درگزر و بھائی چارہ کا عملی مظاہرہ انتہائی ضروری ہے۔ رمضان المبارک جہاں انسان کے تزکیہ نفس و گناہوں سے توبہ کیلئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک انعام ہے وہیں روزہ صبر وتحمل سکھاتا اور گناہوں و خرافات کیخلاف ہمیں ڈھال فراہم کرتا ہے۔ ایک مسلمان کیلئے صبر وتحمل اور عفو و درگزر و بھائی چارہ کا عملی مظاہرہ انتہائی ضروری ہے۔ اس مفید اسلامی و علمی گفتگو کا اظہار جناح کا پاکستان کے سینٹرل گورنر پنجاب حافظ شاف علی کھاڈ نے رمضان المبارک ٹرانسمشن کے عوامی مقبول ترین پروگرام نور سحر کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ جناب رسالت مآب نبی آخر الزماں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات طیبہ بلا شبہ ہمارے لئے صبر وتحمل عفو و درگزر ایثار و بھائی چارے و اعلیٰ ترین مقام اخلاق کا عملی نمونہ ہے جس پر عمل کر کے دین دنیا و آخرت کی بھلائی و کامیابی ممکن ہے

### قتل و اقدام قتل و دیگر 22 مقدمات کے فیصلے کی عوام میں پذیرائی

چکوال (ایم ایوب سلطانی) چوہدری محمد طارق جاوید ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج چکوال نے تعیناتی کے بعد ایک ماہ میں قتل و اقدام قتل و دیگر 22 مقدمات کے فیصلے کیX عوام میں پذیرائی تفصیلات کے مطابق نئے تعینات ہونے والے چوہدری محمد طارق جاوید ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج چکوال نے 22 مقدمات جن میں قتل و اقدام قتل و دیگر منشیات 9C اور عصمت دری جیسے مقدمات کے بھی فیصلے کیX ہیں جن میں 5 قتل کے مقدمات کے بھی فیصلے سناX ہیں چوہدری محمد طارق جاوید ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج چکوال کی تعیناتی کے ایک ماہ کے دوران قتل و اقدام قتل کے مقدمات و دیگر جن میں منشیات 9C اور عصمت دری جیسے مقدمات کے فیصلوں میں تیزی آئی ہے اور عوام میں انصاف کی جلد فراہمی پر بہت زیادہ پذیرائی ہوئی۔

### اقتدار میں موجود تمام جماعتیں میڈیا اور عوام کی آزادی رائے چھیننے میں برابر کی شریک ہیں

کیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) اقتدار میں موجود تمام جماعتیں میڈیا اور عوام کی آزادی رائے چھیننے میں برابر کی شریک ہیں۔ تمام برسر اقتدار و حزب اختلاف جماعتوں کی مرضی سے پیکا ایکٹ جیسا کالا قانون پاس ہوا ہے۔ ہم اس کالے قانون کو مسترد کرتے ہیں (پیر سید مطہر طارق محاسن شاہ نوید غنی چوہدری) تفصیلات کے مطابق صدر کیمبر پریس کلب رجسٹرڈ محمد اشرف قسیم، جنرل سیکرٹری میاں احمد وٹو کی طرف سے ساہیوال ڈویژن کے سینئر صحافیوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ذمہ داروں کے اعزاز میں پرتکلف افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا جس میں بانی صدر و سینئر صحافی پیر سید مطہر طارق محاسن شاہ، نوشاہی قادری، جنرل سیکرٹری ساہیوال ڈسٹرکٹ پریس کلب چوہدری نوید غنی، جوائنٹ سیکرٹری ساہیوال پریس کلب راؤ محمد عتیق، فنانس سیکرٹری میاں محمد رمضان، سینئر صحافی چوہدری وحید غنی، سینئر صحافی عمر منظور چوہدری، سینئر صحافی جاوید خان، چیئرمین کیمبر پریس کلب رجسٹرڈ الطاف ساقی، خاتون صحافی میڈم ناہید انجم، چوہدری زین اسلم کمبوہ، ملک باسط بلال جھکڑ، ایڈمن موٹروے پولیس بیٹ 15 خیام حسین، ایس ایچ او تھانہ یوسف والا اے ڈی شاہین، چوکی انچارج کیمبر ذیشان اکرم، انچارج پٹرولنگ پولیس پوسٹ 64 فور آر عاطف بشیر، ممبر و سابقہ وائس چیئرمین کنٹونمنٹ بورڈ ملک ندیم انور بھٹی اور کیمبر کی سیاسی سماجی شخصیات نے شرکت کی۔

# سٹی پولیس کی کاروائی‘ 580 بوتل شراب برآمد‘ 2 گرفتار

## سب انسپکٹر ضمیر حسین نے کارروائی کرتے ہوئے بھاری مقدار میں شراب برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ناکہ بندی کے دوران راولپنڈی روڈ پر فرخ سیار 300 بوتل کیساتھ، سیمن جیمز اور یعقوب مسیح سے 130 بوتل و دیسی شراب برآمد۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر لیفٹیننٹ ریٹائرڈ احمد محی الدین کی خصوصی ہدایت پر سٹی پولیس چکوال کے مہتمم سب انسپکٹر ضمیر حسین نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے بھاری مقدار میں شراب برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ سٹی پولیس نے راولپنڈی روڈ پر ناکہ بندی کے دوران کار نمبر 855 / AVN کو روکا تو تلاشی کے دوران کار میں سوار فرخ سیار عرف بنی شیخ ولد طارق مسیح ساکن کرسچین کالونی چکوال کے قبضہ سے 300 بوتل شراب برآمد ہوئی۔ پولیس نے کار اور شراب قبضہ میں لے کر ملزم کو گرفتار کر لیا جبکہ دوسری کارروائی کے دوران مخبر کی اطلاع پر ریلوے روڈ کے قریب سیمن جیمز اور یعقوب مسیح ولد سردار مسیح کے قبضہ سے 130 بوتل شراب اور 6 عدد کین دیسی شراب جو کہ 150 لیٹر بتائی جاتی ہے برآمد کر کے یعقوب مسیح کو گرفتار کر لیا جبکہ سیمن جیمز رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھا کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ سٹی پولیس کے سب انسپکٹر علی عباس نے الگ الگ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔

### سرکل بھر میں بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) سرکل بھر میں بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن متعدد گرفتار تفصیلات کے مطابق سرکل پولیس نے بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے لاری اڈا سے محمد حنیف محمد یوسف، فقیر حسین، اور صادق بنگلہ چوک سے علی میلاد چوک سے ساون اور اکبر خان، مندرانوالہ سے عمران گھونکی سے ابوبکر، بھوپالی چوک سے علی حسن، اڈا حاسٹاپ سے نواز، اڈا موترہ سے عدیل احمد اور آصف شاہ، ستراہ سے عمر فاروق اور عمر دراز کو لوگوں کو مجبور کر کے بھیک مانگنے پر گرفتار کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کر لئے ہیں

# تھانہ سٹی کے ایریا جی ٹی روڈ منوں آباد اسٹاپ پر ڈاکوؤں نے موٹر سائیکل سوار بہن بھائی کو لوٹ لیا

مریدکے (تحصیل رپورٹر) تھانہ سٹی کے ایریا جی ٹی روڈ منوں آباد اسٹاپ پر ڈاکوؤں نے موٹر سائیکل سوار بہن بھائی کو لوٹ لیا غوثیہ کالونی حدود کے میں کریانہ سٹور سے لی گئی کولڈ ڈرنک کی بوتلیں واپس کرنے پر دوکاندار کی گاہک پر فائرنگ گولی لگنے سے گاہک نواز زخمی ہو گیا شہر مریدکے میں لاقانونیت کے بسیرے سٹی پولیس ناکام ہو گئی شہریوں کا وزیراعلیٰ اور آئی جی پولیس پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ بتایا جاتا ہے کہ سٹی مریدکے میں لاقانونیت کے بسیرے ہیں حدود کے غوثیہ کالونی میں کریانہ سٹور کے مالک نے گاہک کو کولڈ ڈرنک واپس کرنے پر گولیاں مار دی جس سے نواز ولد سرفراز زخمی ہو گیا جس کو سٹی پولیس کی جانب سے ڈاکٹ بھی نہ جاری کیا گیا دوسری جانب جی ٹی روڈ منوں آباد اسٹاپ پر مریدکے سے موٹر سائیکل سوار شاہدرہ جاتے بہن بھائی صائمہ اور جمیل کو مسلح تین ڈاکوؤں نے ہزاروں روپے اور قیمتی موبائل لوٹ لیا اور فرار ہو گئے نہ رکنے والی وارداتوں سے شہری پریشان ہیں شہر میں 80 فیصد نوجوانوں کے پاس پسٹل اسلحہ ڈیلروں نے بغیر لائسنس فروخت کر دیئے ہیں جس سے جرائم کا ریٹ بڑھ گیا ہے سٹی پولیس مکمل ناکام دکھائی دیتی ہے تاجروں شہریوں رفاہی تنظیموں نے وزیراعلیٰ پنجاب آئی جی پولیس پنجاب سے فوری نوٹس لیتے کاروائی کرنے کا مطالبہ کیا ہے

### ریجنل ڈائریکٹر پنجاب سمال انڈسٹری کارپوریشن

### گوجرانوالہ ریجن ملک زاہد کا ریجن کی سٹیٹس کا دورہ

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) سٹیٹ انچارج کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور سٹیٹ میں ناجائز تجاوزات اور راستوں کی بندش کو فوری ہٹانے کا حکم دیا سٹیٹ میں ستھرا پنجاب کے ویژن کے مطابق صفائی کا نظام بھی چیک کیا صفائی کو مزید بہتر کرنے کی ہدایت کی سٹیٹ نمبر 2 گجرانوالہ کے سامنے NHA یوٹرن کے متعلق موٹروے پولیس سے ملاقات کی جس میں یوٹرن رانگ سائڈ سے ٹریفک آنے کی وجہ سے حادثات میں اضافہ ہو رہا ہے موٹروے پولیس نے یقین دہانی کرائی کہ انڈ مزید سختی کی جائے گی تاکہ غلط ٹریفک کی وجہ سے کوئی حادثہ پیش نہ آئے مزید ریجنل ڈائریکٹر نے شجرکاری مہم کے سلسلہ میں ریجن آفس گوجرانولہ میں شجرکاری کا آغاز کیا اور پودا لگایا اور پاکستان کے لیے دعا کی

# رائے خالد ہیلتھ کیئر کلینک کا شاندار افتتاح جدید طبی سہولیات کے ساتھ خدمت کا عزم

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) رائے خالد ہیلتھ کیئر کلینک کا شاندار افتتاح جدید طبی سہولیات کے ساتھ خدمت کا عزم۔ تفصیلات کے مطابق رائے خالد ہیلتھ کیئر کلینک کا جدید طبی سہولیات کے ساتھ خدمت کا عزم لئے ہیلتھ کیئر کلینک کی افتتاحی تقریب شاندار کامیابی کے ساتھ منعقد ہوئی۔ اس موقع پر ڈاکٹرز، صحافیوں اور معززین شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر کلینک کے بانی اور معروف ڈاکٹر رائے حمزہ خالد نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا کلینک مختلف شعبوں میں مہارت رکھنے والے ڈاکٹروں پر مشتمل ہے جو ہر مریض کو مکمل توجہ اور بہترین علاج فراہم کرے گا ہم نے علاج کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا، اور ہماری کوشش ہے کہ عوام کو کم قیمت میں اعلیٰ معیار کی طبی سہولتیں دی جائیں ہم مریضوں کو نہ صرف علاج بلکہ صحت مند طرز زندگی اپنانے کے بارے میں بھی آگاہی فراہم کریں گے تاکہ بیماریوں سے بچاؤ ممکن ہو سکے۔ آپ سب کو دعوت دی جاتی ہے کہ آئیں اور اپنی صحت کا خیال رکھنے کے لیے جدید طبی سہولیات سے مستفید ہوں۔ رائے خالد ہیلتھ کیئر کلینک آپ کی صحت، ہماری ترجیح ہوگی

”قوت“ کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

### بقیہ بقیہ جات 1

دہشت گردوں نے رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے مختلف اطراف سے حملہ کیا، دہشت گردوں نے راکٹ لانچرز، جدید خودکار اسلحہ کا استعمال کیا۔ پولیس ترجمان نے مزید بتایا کہ چوکی پر تعینات پنجاب پولیس کے الرٹ اہلکاروں نے زبردست مزاحمت اور جوابی فائرنگ سے حملہ ناکام بنا دیا، جوابی کارروائی سے دہشت گرد پسپا ہو کر فرار ہو گئے، پولیس کی جوابی کارروائی میں دہشت گردوں کو جانی نقصان پہنچنے کی اطلاعات ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ آر پی او ڈیرہ غازی خان سجاد منج نے آپریشن کی قیادت کی، ڈی پی او ڈیرہ غازی خان سید علی بھی موقع پر موجود تھے، مفرور دہشت گردوں کی تلاش کے لئے علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے خوارجی دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنانے پر ڈیرہ غازی خان پولیس کو شاباش دی، آئی جی نے کہا کہ جھنگی پولیس چیک پوسٹ پنجاب حکومت کی فنڈنگ سے مزید محفوظ بنائی جا چکی ہے، چوکی پر اضافی نفری، جدید آلات اور اسلحہ پہلے سے فراہم کیا گیا ہے۔ آئی جی پنجاب کا مزید کہنا تھا کہ پنجاب پولیس کے بہادر سپاہی ملک و قوم کے دشمنوں کے سامنے سیسہ پلائی دیوار ہیں۔ ادھر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ڈیرہ غازی خان کے تھانہ واہوا کی جھنگی پولیس چوکی پر خوارجی دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنانے پر پولیس کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے بیان میں وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ پنجاب پولیس کے دلیر جوانوں نے بہادری سے خوارجی دہشت گردوں کا مقابلہ کیا، پولیس نے جرات کے ساتھ خوارجی دہشتگردوں کو مار بھگایا اور مذموم عزائم کو خاک میں ملایا۔ انہوں نے کہا کہ پولیس کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں اور جرات پر فخر ہے، خوارجی دہشتگردوں کے خلاف پولیس جوان سیسہ پلائی دیوار بنے رہے اور جوانمردی سے حملہ پسپا کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ حملہ ناکام بنانے والے پولیس جوان شاباش کے مستحق ہیں، پنجاب پولیس کے بہادر سپوتوں نے پہلے بھی دلیری کے ساتھ خوارجی دہشت گردوں کے حملوں کو پسپا کیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 2

کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا جس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ رمضان پیکیج پورے پاکستان بشمول گلگت بلتستان اور آزاد جموں و کشمیر کے لیے بلاتفریق متعارف کروایا گیا ہے، اس پیکیج کو شفاف بنانے کے لیے اسٹیٹ بینک آف پاکستان، نادرا اور دیگر اداروں کی کاوشیں لائق تحسین ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے رمضان ریلیف پیکج کا تھرڈ پارٹی آڈٹ کرنے کی ہدایت کی ہے۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ رمضان ریلیف پیکج میں پیسے مستحقین تک ڈیجیٹل والٹ کے انتہائی سہل اور شفاف نظام کے ذریعے پہنچائے جا رہے ہیں؛ اس ماڈل کو دیگر حکومتی اسکیموں میں اپنایا جائے۔ وزیراعظم نے رمضان ریلیف پیکج کے حوالے سے ٹیلی کام کمپنیوں اور بینکوں کی جانب سے چلائی جا رہی آگہی مہم کو مزید موثر بنانے اور اس حوالے سے ایک جامع رپورٹ ترتیب دینے کی ہدایت کی۔

### بقیہ بقیہ جات 3

نے ملکی دفاع میں نمایاں خدمات انجام دینے والوں کو فوجی اعزازات سے نوازا۔ کیپٹن سید عامر رضا کو بے مثال بہادری، فرض شناسی پر ستارہ بسالت سے نوازا گیا۔ ایئر مارشل محمد سرفراز کو ہلال امتیاز (ملٹری)، ایئر مارشل کاظم حماد کو ہلال امتیاز (ملٹری) ایئر مارشل شکیل غضنفر، میجر جنرل سعید الرحمان، میجر جنرل طاہر مسعود احمد، میجر جنرل ندیم احمد، میجر جنرل سہیل امتیاز، میجر جنرل ذیشان احمد، میجر جنرل سہیل صابر کو بھی ہلال امتیاز (ملٹری) سے نوازا گیا۔ اسی طرح میجر جنرل فواد احمد صدیقی، میجر جنرل سید تکرم حسین، میجر جنرل افتخار احمد ستی، میجر جنرل شاہد پرویز، میجر جنرل غلام محمد، میجر جنرل نور علی خان، میجر جنرل راجہ محمد ندیم اشرف، میجر جنرل غلام شبیر ناریجو، میجر جنرل محمد عاصم خان، میجر جنرل محمد یوسف، میجر جنرل محمد کلیم اختر، میجر جنرل نسیم اختر، میجر جنرل عمر احمد شاہ، میجر جنرل محمد شاہد صدیق، میجر جنرل عبدالسمیع، میجر جنرل محمد یاسر الہی، میجر جنرل عدیل حیدر منہاس، میجر جنرل محمد حسین سیال، ریئر ایڈمرل شفاعت علی خان اور دیگر کو بھی ہلال امتیاز (ملٹری) سے نوازا گیا۔ تقریب میں چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی، وزیر دفاع خواجہ آصف اور دیگر حکام نے شرکت کی۔

### بقیہ بقیہ جات 4

لیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہر سرکاری ہسپتال میں میڈیسن لسٹ آویزاں کرنے کا حکم دیا اور میڈیسن لسٹ کے لئے الیکٹرانک بورڈ نصب کرنے کی بھی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے تمام سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کی سہولت کے لئے مریم نواز شکایات کاؤنٹر فعال، نمایاں کرنے اور اوپن ویٹنگ ایریا میں مسٹ فین مہیا کرنے کا حکم بھی دے دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر مریضوں کو کال کر کے فیڈ بیک بھی لیا جائے گا۔ انہوں نے ویٹنگ روم میں کرسیاں اور بینچ فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے روزانہ کی بنیاد پر ہسپتالوں کا وزٹ کرنے اور چیک لسٹ رپورٹ تیار کرنے کا حکم بھی دیا۔ ہسپتالوں کی حقیقی صورتحال جاننے کے لئے ایک سے زائد ادارے چیک لسٹ تیار کریں گے۔ چیک لسٹ میں ڈاکٹر، سٹاف کی حاضری، فری ادویات، لیب ٹیسٹ، بائیو میڈیکل ایکویپمنٹ شامل ہونگے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہسپتالوں میں آپریشن اور ٹیسٹوں کے لئے ویٹنگ لسٹ کی مانیٹرنگ کی ہدایت کی۔ پارکنگ، کیفے ٹیریا اور وہیل چیئر کی دستیابی کی صورتحال بھی روزانہ چیک ہوگی۔ اجلاس میں ہسپتالوں میں انفیکشن کا سبب بننے والے بوسیدہ پردے ہٹا کر بلائینڈز لگانے کا اصولی فیصلہ کیا گیا۔ سرکاری ہسپتالوں کی لیب کی کوالٹی آڈٹ پر اتفاق کیا گیا جس کے لئے ہیلتھ کیئر کمیشن کو ٹاسک دیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے میڈیکل سٹی پراجیکٹ کا پلان بھی طلب کر لیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 5

سالانہ 2.8 بلین ڈالر کی برآمدات متوقع ہے، سرمایہ کاری کے لیے متحدہ عرب امارات کو پانچ اہم معدنی منصوبے پیش کرنے پر غور جاری ہے۔ چاغی، وزیرستان، گوادر اور بلوچستان منرل ریسورسز لمیٹڈ کے کاپر بلاکس سمیت 80 ہزار ٹن سالانہ پیداواری صلاحیت کاپر اس میلٹر منصوبہ پیش کیے جانے کا امکان ہے۔ ایس آئی ایف سی کی معاونت سے گوادر اور چاغی کو ریل نیٹ ورک سے منسلک کرنے کا منصوبہ، معدنی نقل و حمل میں بہتری متوقع ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 6

گورنر پنجاب نے پنجاب لوکل گورنمنٹ (ترمیمی) بل 2025، صوبائی موٹر وہیکل (ترمیمی) بل 2025ء، پنجاب ویگرینسی (ترمیمی) بل 2025، پنجاب پبلک پرائیوٹ پارٹنر شپ بل 2025، پنجاب سہولت بازار اتھارٹی بل 2025، پنجاب فرانزک سائنس اتھارٹی بل 2025 اور نوٹریز ترمیمی بل 2025 کی منظوری دی۔ گورنر پنجاب کی منظوری کے بعد مذکورہ بل ایکٹ بن کر فوری نافذ العمل ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 7

شریف نے شہر کے مختلف علاقوں میں ”ستھرا پنجاب“ کے تحت صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیا اور مختلف سڑکوں اور بازاروں کا معائنہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے روڈز پر صفائی کی صورتحال کا مشاہدہ بھی کیا۔ بعد ازاں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہربنس پورہ میں کھڑے فیلڈ ہسپتال کا اچانک دورہ کیا اور فیلڈ ہسپتال میں دستیاب طبی سہولتوں کا جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے فیلڈ ہسپتال میں موجود ادویات کا سٹاک اور معیار بھی چیک کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہربنس پورہ فیلڈ ہسپتال میں موجود مریضوں سے بات چیت کی اور مریضوں سے فیلڈ ہسپتال میں دستیاب طبی سہولتوں کے بارے میں دریافت کیا۔

### بقیہ بقیہ جات 8

کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ دورے کے دوران، وزیر ریلوے نے فیکٹری کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور پیداوار کے عمل، معیار، اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال پر تفصیلی بریفنگ حاصل کی۔ وزیر موصوف نے فیکٹری میں تیار کی جانے والی مسافر کوچز کا معائنہ کیا۔ جدید دور کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے، فیکٹری نے چین کی کمپنی چانگ چون کار کمپنی کے ساتھ معاہدہ کیا، جس کے تحت نئی طرز کی چینی کوچز کی تیاری کی جا رہی ہے ان کوچز میں ایئر اسپرنگ بوگیاں، برقی ہاٹ ایکسل ڈیٹیکشن، بہتر سواری کا معیار، پائیداری اور رفتار جیسے جدید فیچرز شامل ہیں، اور 180 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار تک چلنے کی صلاحیت موجود ہے۔ وزیر ریلوے نے فیکٹری کے دورے کے دوران پروجیکٹ ڈائریکٹر، وُلی (Wulei) کے ساتھ ملاقات کی اور فیکٹری کی پیداوار کی صلاحیت کو بڑھانے کے حوالے سے گفتگو کی۔ وزیر نے اس بات پر زور دیا کہ فیکٹری کی پیداوار کی صلاحیت میں اضافہ ضروری ہے تاکہ پاکستان ریلوے کو برآمدات پر کم سے کم انحصار ہو اور پاکستان ریلوے خود مختار اور خود کفیل بن سکے۔ وزیر ریلوے نے فیکٹری کی استعداد کو بڑھانے کے لیے مناسب اقدامات کی ہدایت کی۔ علاوہ ازیں وزیر ریلوے نے فیکٹری کے ورکروں سے ملاقات کی۔ وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا کہ مجھے اپنے مزدوروں پر فخر ہے۔ ریلوے کے مزدور ہمارے بازو ہیں جن کی مدد سے ہم ریلوے کو چلا رہے ہیں۔ وزیر ریلوے نے مزدوروں کے مسائل کو سنا انہوں نے ورکروں کی شکایات کے فوری حل کے لیے احکامات جاری کیے اور حکومت کی جانب سے ان کی فلاح و بہبود کے لیے ضروری اقدامات اٹھانے کی یقین دہانی کروائی۔ وزیر ریلوے نے فیکٹری کے عملے کی کارکردگی کو سراہا اور کہا کہ اس ادارے کی مقامی سطح پر ٹیکنالوجی کی منتقلی اور جدید کاری پاکستان ریلوے کے مستقبل کے لیے انتہائی اہم ہے۔ وزیر نے فیکٹری کی پیداوار، معیار اور استعداد کو مزید بڑھانے کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ وزیر ریلوے نے ڈی جی فوڈ کو بھی احکامات جاری کیے کہ وہ فوری طور پر اسٹیشنز کا دورہ کریں اور اسٹیشنز کی ہوٹل اور ٹک شاپ کی فوڈ کوالٹی چیک کر کے رپورٹ پیش کریں۔ اسلام آباد کیرج فیکٹری کا قیام 1970 میں فرانسیسی کمپنی السٹوم (پہلے لنک ہوفمین بش کے نام سے جانی جاتی تھی) کے تعاون سے عمل میں آیا۔ فیکٹری کا مقصد پاکستان میں برقی اور ڈیزل انجنوں اور کوچز کی مقامی تیاری کو فروغ دینا تھا تاکہ پاکستان ریلوے کی درآمدات پر انحصار کم ہو سکے۔ ابتدائی طور پر یہاں جرمن طرز کی کوچز تیار کی جاتی تھیں جنہیں لنکے ہوفمان بش کی ٹیکنالوجی کے تحت تیار کیا گیا تھا۔

### بقیہ بقیہ جات 9

خط میں 20 مارچ کو وزارت توانائی اور مواصلات کے وزرا اور پارلیمانی سیکریٹریز کے غائب رہنے کا حوالہ دیا اور کہا کہ وزرا اور پارلیمانی سیکریٹریز کا ایوان سے غائب رہنا پارلیمانی روایات کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے لکھا کہ وزرا کی غیر حاضری سے اہم نوعیت کے عوامی مسائل پر بات نہ ہو سکی۔ وزرا کی غیر موجودگی کا معاملہ فوری حل طلب ہے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ قومی وسائل کے استعمال کے باوجود وزرا کی عدم دلچسپی سے ایوان کی کارروائی کا مقصد پورا نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے کہا کہ آئین کے تحت اراکین کے سوالات کے جواب دینا کابینہ کی مجموعی ذمہ داری ہے ڈپٹی اسپیکر کا خط میں وزیراعظم سے مسئلے کے فوری حل کا مطالبہ کر دیا۔

### بقیہ بقیہ جات 10

اعزاز ملنا ان کی ملک کیلئے خدمات کا اعتراف ہے۔ شازیہ مری نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے عوام کو ان کے حقوق اور سیاسی شعور دیا، سیاست کو ڈرائنگ روم سے سڑک اور ہر گلی میں پہنچانے کا کریڈٹ بھی پیپلز پارٹی کے بانی قائد کو جاتا ہے۔ شازیہ مری نے کہا کہ وقت کے بدترین آمر نے فخر ایشیاء شہید ذوالفقار علی بھٹو کی آواز دبانے کی کوشش کی پر آج وہ آواز ہر زبان پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ آمر ضیاء اور اسکے حواریوں نے جس عظیم قائد کو مجرم قرار دے کر پھانسی دی آج اسی قائدِ عوام کو نشان پاکستان دیا گیا، وَتُعِزُّ مَن تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَن تَشَاءُ، یہ تاریخ کا انصاف ہے۔ شازیہ مری نے کہا کہ شہید رانی محترمہ بے نظیر بھٹو نے کیا خوب کہا تھا کہ جمہوریت بہترین انتقام ہے۔ شازیہ مری نے کہا کہ گڑھی خدا بخش جمہوریت کے علمبرداروں کا مسکن اور سیاسی کارکنان وہاں سے فیض حاصل کرتے ہیں، پاکستان پیپلز پارٹی کا ہر کارکن اپنے قائدین کی طرح آمریت کے خلاف چٹان اور جمہوریت کا پروانہ ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 11

بھی شریک ہوئی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ملاقات کے بعد سماجی رابطے کی ویب سائٹ ’ایکس‘ پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں دیرپا امن اور ترقی کیلئے تمام سٹیک ہولڈرز کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ دہشت گردوں کے عزائم ناکام بنائیں گے، بلوچستان کو پرامن اور خوشحال صوبہ بنائیں گے۔

### بقیہ بقیہ جات 12

احتجاج پر درج مقدمات کے معاملے میں انسداد دہشتگردی عدالت نے 4 مقدمات میں سلمان اکرم راجا کی گرفتاری روک دی۔ انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد میں پاکستان تحریک انصاف کے جنرل سلمان اکرم راجہ کی 4 مقدمات میں ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ سماعت کے دوران عدالت نے 4 مقدمات میں سلمان اکرم راجہ کی گرفتاری سے روکتے ہوئے ان کی عبوری ضمانت میں توسیع کر دی۔ جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کی، سلمان اکرم راجہ کی جانب سے حاضری سے استثنٰی کی درخواست دائر کی گئی۔ عدالت نے حاضری سے استثنا کی درخواست منظور کرتے ہوئے ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواستوں پر سماعت 5 مئی تک ملتوی کر دی۔ دوسری جانب اے ٹی سی اسلام آباد کی عدالت میں پی ٹی آئی رہنماؤں کیخلاف 26 نومبر احتجاج کے معاملے پر شہریار آفریدی، شیر افضل، عبدالقیوم نیازی، رؤف حسن عدالت میں پیش ہوئے۔

### بقیہ بقیہ جات 13

بندی قانون معطل ہونے سے متعلق پنجاب حکومت کی کیس کی جلد سماعت کے لیے درخواست منظور کر لی۔ عدالت نے 27 مارچ کو مرکزی کیس سماعت کے لیے مقرر کرنے کا حکم دے دیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے پنجاب حکومت کی متفرق درخواست پر سماعت کی۔ وکیل پنجاب حکومت نے موقف اپنایا کہ عدالت نے زینب عمیر اور دیگر کی درخواست پر نظر بندی قانون کا سیکشن معطل کر رکھا ہے، استدعا ہے کیس کو جلد سماعت کے لیے مقرر کیا جائے۔

### بقیہ بقیہ جات 14

شیڈول 10 اپریل تک جاری کیے جانے کی توقع ہے۔ پی آئی اے، سعودی ایئر لائن سمیت 5 ایئر لائنز حج آپریشن میں حصہ لیں گی۔ ذرائع کے مطابق سرکاری اسکیم کے تحت تقریباً 89 ہزار پاکستانی عازمین حجاج مقدس جائیں گے، سال رواں ایک لاکھ 79 ہزار 210 پاکستانی عازمین فریضہ حج ادا کریں گے۔

### بقیہ بقیہ جات 15

ہیں۔ اسلام آباد میں جوڈیشل کمپلیکس کے باہر میڈیا سے گفتگو میں شیر افضل مروت نے کہا کہ میرا کسی پارٹی سے کوئی رابطہ نہیں، کوئی ملے تو سلام دعا کر لیتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی 26 نومبر کی معافی کیوں مانگیں؟ 26 نومبر کو گاڑیاں بھی ہماری چھینی گئیں اور مقدمات بھی ہم پر بنائے گئے۔ شیر افضل مروت کا یہ بھی کہنا ہے کہ تحریک انصاف کی پوری قیادت مقدمات میں نامزد ہے، کسی دن پی ٹی آئی کا کوئی ایک رہنما عدالت ہوتا ہے تو کسی دن دوسرا، حکومت ہوشیار ہوتی تو بلوچستان میں امن آ جاتا۔

### بقیہ بقیہ جات 16

پانے کے لیے ایکشن لیا ہے اور کسی کو قیمتوں میں غیر ضروری اضافہ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ وفاقی وزیر نے ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت کارروائی کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ حکومت صوبوں کے ساتھ مل کر اس مسئلے پر کام کر رہی ہے تاکہ عوام کو سستی اور وافر مقدار میں چینی کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ چینی کی قیمتوں میں اضافے سے متعلق افواہوں پر یقین نہ کریں۔

### بقیہ بقیہ جات 17

ہے، ڈائریکٹر جنرل کی تعیناتی اپیکس پروفیشنل پے اسکیل ون کے تحت ہوگی۔ ٹیکس پالیسی آفس میں اپیکس پروفیشنل پے اسکیل ٹو کے تحت ڈائریکٹر اکنامک اینالیسز، ڈائریکٹر بزنس ٹیکسیشن، ڈائریکٹر پرسنل ٹیکسیشن اور ڈائریکٹر انٹرنیشنل ٹیکسیشن کا تقرر بھی کیا جائیگا۔ وزارت خزانہ نے مذکورہ اسامیوں کیلئے نیشنل جاب پورٹل پر 6 اپریل تک درخواستیں طلب کر لیں۔ واضح رہے کہ وزارت خزانہ میں ٹیکس پالیسی آفس قائم کرنے کا نوٹیفکیشن گزشتہ ماہ جاری ہوا تھا، وفاقی حکومت نے ٹیکس پالیسی سازی اور ٹیکس وصولی کو الگ الگ کر دیا ہے جبکہ ایف بی آر کو صرف ٹیکس وصولی کی حد تک محدود کر دیا گیا ہے، ٹیکس پالیسی آفس حکومتی اصلاحاتی ایجنڈا کی تشکیل کے لیے قائم کیا گیا ہے، جو ٹیکس پالیسیز اور تجاویز کا تجزیہ کریگا اور براہ راست وزیر خزانہ و ریونیو کو رپورٹ کرے گا۔ ڈیٹا ماڈلنگ، ریونیو اور اکنامک فارکاسٹنگ کے ذریعے ٹیکس پالیسیوں اور تجاویز کا تجزیہ کیا جائیگا۔ یاد رہے کہ حکومت نے آئی ایم ایف کو ٹیکس پالیسی سازی اور وصولی عمل کو خود مختار رکھنے کی یقین دہانی کرائی تھی۔ ٹیکس پالیسی آفس انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس اور فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی سے متعلق پالیسی رپورٹس وزیر خزانہ کو پیش کرے گا، اس کے ذریعے ٹیکس فراڈ کم کرنے کیلئے خامیوں پر قابو پا کر ٹیکس کے نفاذ پر توجہ دی جائیگی۔

### بقیہ بقیہ جات 18

بندی کے لیے امریکہ کی سرپرستی میں ہونے والی حالیہ بات چیت کے باوجود اسرائیل نے گزشتہ نومبر سے نافذ جنگ بندی معاہدے کی شرائط کو نظر انداز کرتے ہوئے جنوبی لبنان کے پانچ تزویراتی مقامات سے فوج واپس بلانے سے انکار کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی وزیر دفاع یسرائیل کاٹز نے چیف آف اسٹاف ایال ازمیر اور متعدد اعلیٰ فوجی حکام کے ساتھ صورتحال کا جائزہ اجلاس میں شرکت کے بعد کہا کہ فوج لبنان کے پانچ مقامات پر غیر معینہ مدت تک قابض رہے گی۔

### بقیہ بقیہ جات 19

نے یمن سے داغا گیا ایک میزائل روک لیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فوج نے ایک بیان میں کہا کہ اسرائیل کے کئی علاقوں میں کچھ دیر پہلے سائرن بجے جس کے بعد اسرائیلی فضائیہ نے یمن سے داغا گیا ایک میزائل اسرائیلی علاقے میں داخل ہونے سے پہلے ہی روک لیا۔

### بقیہ بقیہ جات 20

ناپاک عزائم کے لیے استعمال کر رہا ہے، جس پر پاکستان کو گہری تشویش ہے۔ مسلم لیگ (ن) لیگی رہنما بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ افغانستان کے معاملے پر اے پی سی بلائی جائے گی، بھارت افغانستان کو اپنے ناپاک عزائم کے لیے استعمال کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مصدقہ اطلاعات ہیں کہ حالیہ حملے میں ملوث ایک حملہ آور افغان شہری تھا، طورخم بارڈر کو وقتی طور پر کھولا گیا ہے تاہم افغان پناہ گزینوں کی واپسی ناگزیر ہے۔ بیرسٹر عقیل ملک نے واضح کیا کہ پاکستان اپنے شہریوں کے تحفظ کو اولین ترجیح دیتا ہے اور غیر ملکیوں کو اپنے عوام پر فوقیت نہیں دے سکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک اور شہریوں کو نقصان پہنچنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی اور اس حوالے سے سخت فیصلے کرنا ہوں گے۔

### بقیہ بقیہ جات 21

پر اسرائیلی فضائی حملے میں مارے گئے۔ حماس اور فلسطینی میڈیا نے جنوبی غزہ کی پٹی میں خان یونس پر اسرائیلی فضائی حملے میں حماس کے سیاسی رہنما صلاح البردویل کی شہادت کا اعلان کیا۔ حماس کے حامی میڈیا نے اطلاع دی ہے کہ تحریک کے سیاسی بیورو کے رکن البردویل اور ان کی اہلیہ اسرائیلی فضائی حملے میں مارے گئے۔

### بقیہ بقیہ جات 22

سعودی عرب میں متوقع بات چیت کے آغاز سے ایک روز قبل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے فروری 2022 سے جاری جنگ کے خاتمے کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایک انٹرویو کے دوران انہوں نے کہا کہ روسی صدر ولادیمیر پیوٹن کو سوائے ان کے اور کوئی نہیں روک سکتا"۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ میرے صدر رہتے ہوئے پیوٹن نے کسی ملک پر حملہ نہیں کیا۔ ٹرمپ نے اس بات پر بھی زور دیا کہ انہوں نے کیف اور ماسکو دونوں کے ساتھ مثبت تعلقات برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیتا ہے۔ یوکرین کے حوالے سے روسی فریق کے ساتھ عقلی بات چیت کی ہے"۔ انہوں نے کہا کہ میرے پوتین اور ان کے یوکرینی ہم منصب ولادیمیر زیلینسکی کے ساتھ اچھے تعلقات ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 23

ست پر سماعت کی، جوڈیشل ایکٹوزم پینل کی جانب سے اظہر صدیق ایڈووکیٹ پیش ہوئے۔ دوران سماعت صوبائی حکومت کے وکیل نے عدالت میں جواب جمع کرانے کیلئے مہلت مانگ لی۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ رمضان تقریباً گزر چکا ہے، حکومت رولز پر عملدرآمد کیوں نہیں کرا رہی، جسٹس شاہد کریم نے کہا کہ حکومت کے پاس سب کچھ موجود ہے پھر بھی قیمتوں کو کنٹرول نہیں کیا جا رہا۔ عدالت نے پنجاب حکومت کے وکیل کی استدعا منظور کرتے ہوئے جواب جمع کرانے کیلئے مہلت دے دی۔

### بقیہ بقیہ جات 24

تک توسیع کر دی۔ تحریک انصاف کے رہنماؤں کے خلاف 26 نومبر کو ڈی چوک پر احتجاج کے کیس کی سماعت جج ابو الحسنات ذوالقرنین نے کی۔ عدالت نے سلمان اکرم راجہ، زرتاج گل، عالیہ حمزہ، کنول شوزب کی حاضری سے استثنٰی کی درخواست منظور کر لی۔ جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے کہا ہے کہ ضمانت کی تمام درخواستوں کو اکٹھا سنا جائے گا۔ اے ٹی سی نے سلمان اکرم راجہ، شہریار آفریدی، شیر افضل مروت، شعیب شاہین، عبدالقیوم نیازی، زرتاج گل، عالیہ حمزہ، کنول شوزب، مشعال یوسفزئی، نادیہ خٹک، فلک ناز، علی بخاری، عمیر نیازی اور رؤف حسن کی عبوری ضمانت میں 5 مئی تک توسیع کر دی۔ پی ٹی آئی رہنماؤں کے خلاف آبپارہ، سیکرٹریٹ، ترنول، رمنا، کوہسار تھانوں میں مقدمات درج ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 25

بلوچستان قومی کانفرنس کی میزبانی کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ریاستی بے تدبیری سے حالات مزید خراب ہو رہے ہیں، جبکہ سانحہ جعفر ایکسپریس نے صورتحال کو مزید عیاں کر دیا ہے۔ لیاقت بلوچ نے حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اس نے چینی مافیا کو 53 ارب روپے سے نوازا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ سولر بجلی پر پالیسی کون بنا رہا ہے؟ وزیراعظم کو چاہیے کہ سولر بجلی پر ابہام پیدا کرنے والوں کی نشاندہی کریں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل پر عوام کو جان بوجھ کر ریلیف سے محروم رکھا ہے۔ لیاقت بلوچ نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ تیل، بجلی اور گیس کی قیمتوں میں کمی کرے۔

### بقیہ بقیہ جات 26

اور کراچی کے لیے بولان میل تاحال بحال نہیں ہو سکی۔ ٹرین سروس کی معطلی کے باعث مسافروں کو مشکلات اور پریشانی کا سامنا ہے۔ حکام کے مطابق اندرون ملک کے لیے ٹرین سروس سیکیورٹی کلیئرنس کے بعد بحال کی جائے گی۔ یاد رہے کہ صوبے کے ضلع کچھی میں 11 مارچ کو جعفر ایکسپریس پر حملے کے بعد سے ٹرین سروس معطل ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 27

اعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر محکمہ وائلڈ لائف نے دریائے سندھ سے ملحق دریا خان بھکر میں کومبنگ آپریشن کیا۔ محکمہ وائلڈ لائف پنجاب کی ٹیم کو دیکھتے ہی شکاری اپنا سامان چھوڑ کر فرار ہو گئے۔ ترجمان نے بتایا ہے کہ غیر قانونی طور پر کونج کے شکار کرنے پر کارروائی عمل میں لائی گئی ہے، وائلڈ لائف ایکٹ کے مطابق کونج ایک تحفظ شدہ جنگلی حیات ہے۔ چھاپہ مار ٹیم نے شکار کے لیے بنائے گئے ٹھکانے کو آگ لگا دی اور شکار کا مکمل سامان ضبط کر لیا۔ کارروائی کے دوران محکمے نے 8 کونجیں برآمد کیں، ان کونجوں کو سائبیریا ہجرت کرنے والی دیگر کونجوں کے شکار میں استعمال کیا جا رہا تھا۔ اس کارروائی کے بعد 3 ملزمان کے خلاف مقدمے کا اندراج کیا گیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 28

ہدایت کی کہ بانی پی ٹی آئی کی بچوں سے ملاقات کے لیے ٹرائل کورٹ کو درخواست دیں۔ بانی پی ٹی آئی کی جیل ملاقاتوں سے متعلق درخواستوں پر لارجر بینچ میں سماعت ہوئی۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر، جسٹس ارباب محمد طاہر اور جسٹس محمد اعظم پر مشتمل لارجر بینچ نے سماعت کی۔ ظہیر عباس نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ منگل اور جمعرات کو بانی پی ٹی آئی کی جیل میں ملاقاتیں کرانے کا طے ہے، منگل کو فیملی اور وکلا جبکہ جمعرات کو دوستوں کی ملاقات کرائی جاتی ہے۔ ایس او پیز کے مطابق ہم جیل حکام کو درخوست دے رہے ہیں، 20 مارچ کو بھی ہماری ایس او پیز کے مطابق ملاقات نہیں کروائی گئی۔ قائم مقام چیف جسٹس نے کہا کہ چھوٹی سی بات ہے انٹرا کورٹ اپیل میں یہ معاملہ طے ہو چکا ہے۔ وکیل سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ ایس او پیز کے مطابق ہماری جمعرات کی ملاقات نہیں کروائی جا رہی۔ جسٹس ارباب محمد طاہر نے ریمارکس دیے کہ اپیل میں منگل اور جمعرات کی ملاقات کے ایس او پیز طے ہوئی تھے۔ وکیل نوید ملک نے کہا کہ دسمبر تک ان کی ملاقات ہفتے میں دو دن کروائی جا رہی تھی، جنوری میں بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی سزا یافتہ ہیں، بانی پی ٹی آئی کا جیل میں سزا یافتہ ہونے کے بعد اسٹیٹس تبدیل ہو چکا ہے۔ وکیل نوید ملک نے کہا کہ سیکیورٹی تھریٹس کی وجہ سے ہم نے دو دن کے بجائے منگل کو ہی دو ملاقاتیں کر دی تھیں، جیل رولز کے مطابق سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کا اختیار ہے، ایسی صورتحال میں رولز کے مطابق سپرنٹنڈنٹ نے ملاقات طے کرنی ہے اور جب میٹنگ کراتے ہیں تو یہ اس کو غلط استعمال کرتے ہیں سیاسی بیان بازی کرتے ہیں، میٹنگ کے بعد یہ جیل کے باہر آ کر سیاسی بیان بازی کرتے ہیں یہ خلاف ورزی ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 29

7 مقدمات میں بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانت میں 5 مئی تک توسیع کر دی۔ اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی کی عدالت میں بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی 26 نومبر کے احتجاج سے متعلق کیس میں ضمانت کی درخواستوں پر جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے سماعت کی۔ عدالت نے 7 مقدمات میں بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانت میں 5 مئی تک توسیع کر دی۔ بشریٰ بی بی کی جانب سے حاضری سے استثنٰی اور کیس میں شامل تفتیش ہونے کے لیے بھی درخواست دائر کی گئی۔

### بقیہ بقیہ جات 30

کو یقینی بنانے کے لیے صحت سے متعلق اقدامات کو بڑھانا اور صحت سے متعلق اعلیٰ معیار کی خدمات پیش کرنا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق مذکورہ تقاضوں میں طبی لیاقت، ضروری ویکسینیشن، احتیاطی تدابیر اور فریضہ حج ادا کرنے یا حج کے سیزن میں کام کرنے کے لیے مملکت آنے والوں کے لیے صحت کی عمومی رہنمائی شامل ہے۔ اس کا مقصد حجاج اور کارکنان کے لیے ایک محفوظ اور صحت مند ماحول کو یقینی بنانا ہے۔ تقاضوں کی تجدید مملکت کے اس عزم کو ظاہر کرتی ہے کہ وہ اللہ کے مہمانوں کو بہترین طبی خدمات فراہم کرے گی اور ان کے لیے محفوظ اور صحت مند ماحول میں اپنے مناسک کی ادائیگی یقینی بنائے گی۔ سعودی وزارت صحت کی جانب سے جدید ترین عالمی معیار کے مطابق اپنی طبی استعداد اور تیاری مزید مستحکم بنانے کا سلسلہ جاری رہے۔ اس کا مقصد اللہ کے مہمانوں کی صحت اور سلامتی کو یقینی بنانا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 31

میڈیا پر قومی سلامتی کے اداروں کے خلاف مواد شیئر کرنے کے کیس میں پی ٹی آئی کارکن حیدر سعید کی ضمانت بعد از گرفتاری منظور کر لی۔ عدالت نے 2 لاکھ کے مچلکوں کی عوض ضمانت بعد از گرفتاری کی درخواست منظور کی، جوڈیشل مجسٹریٹ عباس شاہ نے ضمانت کی درخواست پر محفوظ فیصلہ سنایا۔ ملزم کے وکیل تابش فاروق عدالت میں موقف اختیار کیا تھا کہ یہ مزید انکوائری کا کیس ہے، حیدر سعید کو اغوا کیا گیا تھا۔ انہوں نے مختلف اعلیٰ عدالتوں کے فیصلوں کے حوالے بھی دیے اور کہا کہ ملزم کسی آرگنائزیشن کا سربراہ نہیں اور نہ ہی بغاوت کی ہے۔ ایف آئی اے کے تفتیشی افسر نے عدالت میں بتایا کہ ملزم نے مس انفارمیشن پھیلائی اور بی ایل اے کی پوسٹ کو ری پوسٹ کیا۔ وکیل صفائی نے موقف اپنایا کہ ان پوسٹوں سے عوام میں کوئی اشتعال نہیں پھیلا۔ عدالت میں حیدر سعید کی والدہ روسٹرم پر آ گئیں اور کہا کہ جب میرے بیٹے کو اٹھایا گیا تو مجھے کہا گیا کہ اس نے قتل کیا ہے۔ میرے بیٹے کو دہشت گرد بنا کر پیش کیا جا رہا ہے، جبکہ ہم محب وطن لوگ ہیں۔ تفتیشی افسر نے عدالت کو بتایا کہ جس اکاؤنٹ سے بی ایل اے کی پوسٹ ری پوسٹ کی گئی، وہ ایک ویریفائیڈ اکاؤنٹ ہے۔ عدالت نے دلائل مکمل ہونے کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا۔

### بقیہ بقیہ جات 32

والی خاتون سے مبینہ اجتماعی زیادتی کا مقدمہ درج کر لیا گیا۔ خاتون سے زیادتی کے واقعے پر ڈی پی او حافظ آباد نے نوٹس لے لیا۔ پولیس نے خاتون سے زیادتی میں ملوث 1 ملزم کو گرفتار کر لیا جبکہ 2 ملزمان کی تلاش جاری ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 33

دہانیاں کروائی ہوں کی جبکہ صوبوں کو گندم کی خریداری میں مداخلت سے روکنے کی شرط عائد کی گئی ہے۔ آئی ایم ایف نے کلائمیٹ فنانس کو فنڈ سہولت میں شامل کرنے پر آمادگی ظاہر کر دی، ریزیلینس اینڈ سسٹینیبلٹی فیسلٹی کے تحت کلائمیٹ فنانس کی پیشکش کی جائے گی۔

### بقیہ بقیہ جات 34

کرنے کی درخواست کی۔ سی پی پی اے نے کہا کہ فیول اور آپریشن اینڈ مینٹیننس کی مد میں آئی پی پیز سے رقم ریکور کر لی گئی، فیول اور آپریشن اینڈ مینٹیننس کی مد میں بچت کو حکومت کے ساتھ شیئر کیا جائے گا۔ نمائندہ نشاط پاور نے نیپرا سے استدعا کی کہ ہماری درخواست مشروط ہے، نظر ثانی کی درخواست ہمارے خلاف تمام کیسز کے ختم کرنے سے مشروط ہے، آئی پی پیز نے نیپرا کے تمام نوٹسز کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج کر رکھا ہے۔ نمائندہ پاور ٹیک نے مطالبہ کیا کہ ہمارے خلاف سوموٹو پروسیڈنگز کو واپس لیا جائے۔ رپورٹ کے مطابق معاہدوں پر نظر ثانی کیلئے حکومت کی 29 آئی پی پیز کے ساتھ بات چیت مکمل ہو گئی ہے اور آئندہ ہفتوں میں مزید آئی پی پیز کے ساتھ بھی معاہدے ہونے کا امکان ہے۔ نیپرا میں دوران سماعت سی پی پی اے کی اتھارٹی کو معاہدوں پر پیشرفت کے بارے میں بریفنگ دی گئی ہے، نمائندہ نارووال انرجی نے کہا کہ فرنس آئل کی قیمتوں کا بھی کوئی میکانزم ہونا چاہیے۔ سی پی اے نے کہا کہ 7 آئی پی پیز کی وجہ سے قیمت میں 50 پیسے فی یونٹ کمی متوقع ہے، یہ کمی گزشتہ سال کی ریفرنس ویلیو کی جنریشن پر مبنی ہے۔ صارفین نے سوال کیا کہ تقریباً 20 سے زائد آئی پی پیز کے ساتھ مذاکرات ہوئے ہیں، کتنا ریلیف ملے گا، اس وقت بھی 2 ہزار ارب کی کیپسٹی پیمنٹ دے رہے ہیں، کتنی کم ہو گی۔

### بقیہ بقیہ جات 35

المیہ یہ ہے کہ دنیاوی خواہشات دلوں میں گھر کر چکی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ کلمہ طیبہ کے نام پر وجود میں آنے والے ملک میں انگریزوں کے قوانین نافذ ہیں، ملکی آئین میں اسلامی شقیں تو شامل ہیں مگر ان پر عمل درآمد نہیں ہوتا۔ مقام افسوس کہ 76 برس گزرنے کے باوجود پاکستان میں تاحال قرآن و سنت کا نظام نافذ نہ ہو سکا۔ آج پاکستان جو بے پناہ مسائل اور مشکلات کا شکار ہے۔ ان تمام مسائل کا واحد حل اسلامی نظام کا قیام ہے۔ نبی اکرم نے مدینہ منورہ میں دنیا کی پہلی ”اسلامی ریاست“ قائم فرمائی جو ہمارے لیے رول ماڈل ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ قوم کو ایماندار، نڈر اور اسلامی قیادت کو سامنے لانا ہوگا۔

### بقیہ بقیہ جات 36

ملزمان نے شہریوں کو یورپ بھجوانے کا جھانسہ دے کر 90 لاکھ روپے سے زائد وصول کیے۔ حکام نے بتایا کہ ملزمان نے شہریوں کو کشتی کے ذریعے لیبیا کے راستے اٹلی بھجوانے کی کوشش کی۔ شہریوں نے کشتی کے ذریعے یورپ جانے سے انکار کر دیا اور پاکستان واپس آ گئے۔ ایف آئی اے گرفتار ملزم محمد افتخار سال 2016 سے اشتہاری ملزم ہے۔ ملزم نے دبئی، امریکا اور کینیڈا ملازمت کا جھانسہ دے کر 43 لاکھ 69 ہزار روپے سے زائد وصول کیے ہیں۔ ملزم آصف نے شہری کو دبئی ملازمت کی غرض سے بھجوانے کیلئے 7 لاکھ روپے وصول کیے۔ ملزمان شہریوں کو بیرون ملک بھجوانے میں ناکام رہے اور روپوش ہو گئے تھے۔ ملزمان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لئے چھاپہ مار کارروائیاں جاری ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 37

مصنف اور جلیل القدر رہنما تھے۔ سرسید احمد خاں نے اپنی ادبی تخلیقات سے مسلمانان ہند میں ایک عظیم انقلاب برپا کیا اسی وجہ سے علی گڑھ تحریک کی بنیاد پڑی۔ سرسید احمد خاں نے ادبی خدمات کیلئے 1857ء میں محمڈن اینگلو اورینٹل کالج کی بنیاد رکھی جسی 1920ء میں یونیورسٹی کا درجہ ملا اور آج اسے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی حیثیت سے عالمی شہرت حاصل ہے۔ سرسید ایک بلند پایہ مبلغ تھے انہوں نے قرآن پاک کی تفسیر لکھی لیکن اسے پایہ تکمیل تک نہ پہنچا سکے۔ سرسید احمد خاں کا قوم پر اتنا بڑا احسان ہے کہ بر صغیر کے مسلمانوں میں آج جو تعلیم عام نظر آتی ہے اس کی داغ بیل سرسید احمد خاں نے ڈالی۔ محسن قوم و ملت سرسید احمد خاں 27 مارچ 1898ء کو علی گڑھ میں انتقال کر گئے تھے انہیں وہیں پر دفن کیا گیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 38

محمد فیض، ہیڈ کانسٹیبل شاہد احمد، مرید حسین، کانسٹیبل سید شبیر بشارت سمیت 63 افسران و اہلکاروں میں تعریفی اسناد اور کیش انعامات تقسیم کیے۔ عاصم افتخار کمبوہ نے بہترین کارکردگی کے حامل افسران و اہلکاروں کو شاباش دی اور آئندہ بھی محنت سے کام کرنے کی تلقین کی۔ ایس ایس پی ڈسپلن نے امید ظاہر کی کہ بہتر کارکردگی کے حامل افسران و اہلکاران آئندہ بھی بہترین پرفارمنس کا مظاہرہ کریں گے۔ عاصم افتخار کمبوہ نے بہتر کارکردگی کے حامل پولیس ملازمین کے کہا کہ شہریوں کو ریلیف کی فراہمی کے لئے اپنی بہترین صلاحیتوں کو بروئے لائیں۔

### بقیہ بقیہ جات 39

خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یوم پاکستان تاریخ کا سنہری دن ہے جسے کوئی فراموش نہیں کر سکتا۔ 1940 میں برصغیر کے مسلمانوں نے اپنے مستقبل کا فیصلہ کیا جس میں مسلمانوں نے اکثریت والے علاقوں میں علیحدہ وطن کے قیام کا مطالبہ کیا۔ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤ الدین نے کہا کہ مسلمانوں کی قومیت کی بنیاد کلمہ توحید ہے، 1940 کے آل انڈیا مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس میں دو قومی نظریے کا باقاعدہ تصور پیش کیا گیا۔ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤ الدین نے کیئر سینٹر کے لان میں قومی پرچم لہرایا اور تقریب کے آخر میں لان میں پودا لگایا اور ملکی سلامتی کے لیے دعا بھی کی۔

### بقیہ بقیہ جات 40

ہی لائفنگ نے کہا کہ جنوری میں ٹرمپ کے اقتدار سنبھالنے کے بعد بیجنگ کا دورہ کرنے والے کانگریس کے پہلے رکن سٹیو ڈینس چینی وزیراعظم لی کیانگ سے ملاقات کریں گے اور ملک کے سیکنڈ ان کمانڈ انہیں چین کی پالیسیوں کا تعارف کرائیں گے۔

### بقیہ بقیہ جات 41

کے حوالے کر دیا۔ ایف سی ذرائع کے مطابق افغان بچے طورخم کے راستے غیر ملکی اشیا اسمگلنگ کرتے ہیں۔ ایف سی حکام نے افغان حکام سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنے بچوں کو آہنی باڑ توڑ کر پاکستان داخل ہونے سے روک دیں۔

### بقیہ بقیہ جات 42

ڈنگہ میں پیدا ہوئی وہ 13 اکتوبر 1963 کو پاکستان آرمی میں کمیشن حاصل کر کے فرنٹیئر فورس رجمنٹ میں شامل ہوئے۔ 1971 کی پاک بھارت جنگ میں انہیں مشرقی پاکستان میں ہلی کے محاذ پر تعینات کیا گیا تھا۔ میجر اکرم شہید نے اس یادگار معرکے میں نہایت جرات اور استقامت کے ساتھ دشمن کا مقابلہ کیا اور 5 دسمبر 1971 کو جام شہادت نوش کیا ان کی شاندار خدمات اور بہادری کے اعتراف میں انہیں پاک فوج کا اعلیٰ ترین فوجی اعزاز نشان حیدر عطا کیا گیا۔

### بقیہ بقیہ جات 43

بمباری کے نتیجے میں معصوم بچے، خواتین اور بوڑھے شہید ہو رہے ہیں جس پر عالمی برادری کی خاموشی مجرمانہ ہے، امت مسلمہ کو اب محض مذمتی بیانات اور رسمی قراردادوں سے آگے بڑھ کر عملی اقدامات کرنے ہوں گے۔ اگر آج مسلم دنیا متحد نہ ہوئی تو تاریخ ہمیں کبھی معاف نہیں کرے گی۔ یہ وقت ہے کہ اسلامی ممالک مشترکہ حکمت عملی اپنائیں اور فلسطینی عوام کے لیے ہر ممکن سفارتی، سیاسی، اور معاشی اقدامات کریں۔

### بقیہ بقیہ جات 44

نے واضح کیا کہ مینجائٹس ویکسین کے بغیر کسی کو بھی حج کی اجازت نہیں دی جائیگی۔ سعودی حکام کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ سعودی عرب میں مقیم تمام افراد کو حج سے پہلے ویکسین لگوانی ہوگی، ویکسی نیشن جلد مکمل کریں تاکہ کسی رکاوٹ کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

### بقیہ بقیہ جات 45

سامنا ہے، 23 مارچ یوم پاکستان تجدید عہد وفا کا دن ہے بیگم نصرت بھٹو کی عوامی جمہوری خدمات پیپلز پارٹی کی قیادت اور جیالوں کے لئے مشعل راہ ہے، آئرن لیڈی مادر جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کی جمہوریت قومی و عوامی حکمرانی کی بالادستی کے لیے ناقابل فراموش خدمات ہیں، جسے ہمیشہ سنہری حروف میں لکھا جائے گا، او آئی سی امت مسلمہ کی وحدت اور باہمی اتحاد کی علامت ہے، جس کی بنیاد قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو نے رکھی تھی، ضلعی صدر محمد اعجاز چوہدری نے کہا کہ آج ملک میں ہر طرف پریشانی اور ذہنی ڈپریشن کا شکار ہر فرد بے لگام مہنگائی اور بے روزگاری و معاشی بدحالی پر ماتم کناں ہے، ضرورت اس امر کی ہے کہ دوسروں پر تنقید کرنے کی بجائے ہر پاکستانی اپنی ذات کا محاسبہ کرے، حب الوطنی اور ہمارا ایمان جیوے جیوے پاکستان کا نعرہ پیپلز پارٹی کا عوامی سلوگن ہے اور رہے گا کیونکہ پاکستان انتہائی نازک ترین دور سے گزر رہا ہے موجودہ سنگین معاشی بدحالی کے حالات نے ملک کے ہر طبقے کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے۔ محمد اعجاز چوہدری نے کہا کہ تمام سیاسی، مذہبی، سماجی، تجارتی جماعتوں کے قائدین اور میڈیا کی اولین ذمہ داری یہی ہونی چاہیے کہ استحکام پاکستان سب سے پہلے اور ہر طرح کی سیاست بعد میں کی جائے

## عاق نامہ

میں اپنے پسر دلاور کو بوجہ نافرمانیہ غلط چال چلن اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں۔ اس سے لین دین کرنیوالا خود ذمہ دار ہوگا۔ آئندہ میں اس کے کسی قول و فعل یا لین دین کا ذمہ دار نہ ہوں گا۔ میں نے زبانی طور پر عرصہ 3 سال سے کوئی رابطہ نہ رکھا ہوا ہے۔

المشتہر: محمد اعجاز ولد مہلہ سکنہ چک نمبر 9 ایم ایل تحصیل بھلوال ضلع سرگودھا۔

### بقیہ بقیہ جات 46

ویب سائٹ پر کہنا ہے کہ گاڑیوں کے لیے ٹول چارجز 70 روپے، ویگنز کے لیے 150 روپے اور بسوں کے لیے 250 روپے ہوں گے، دو اور تین ایکسل والے ٹرکوں پر 300 روپے جب کہ بڑے ٹرکوں سے 550 روپے وصول کیے جائیں گے۔ بتایا گیا ہے کہ ایم 1، ایم 3، ایم 4، ایم 5، ایم 14 اور ای 35 سمیت کئی بڑی موٹرویز پر نمایاں اضافہ کیا گیا ہے، ایم ون اسلام آباد پشاور موٹروے پر گاڑیوں کا ٹول ٹیکس 500 روپے سے بڑھا کر 550 روپے کر دیا گیا ہے، ایم تھری، لاہور عبدالحکیم موٹروے پر ٹول 700 روپے سے بڑھ کر 800 روپے ہو گیا ہے، اسی طرح ایم فور پنڈی بھٹیاں فیصل آباد ملتان روٹ پر گاڑیوں کے ٹول کی قیمت 950 روپے سے بڑھا کر 1 ہزار 50 روپے کر دیا گیا۔ بتایا جا رہا ہے کہ ایم فائیو ملتان سکھر موٹروے پر گاڑیوں کے ٹول کی قیمت 1 ہزار 100 روپے سے بڑھا کر 1 ہزار 200 روپے کر دی گئی ہے، ایم 14 ڈیرہ اسماعیل خان سے ہکلہ موٹروے پر ٹول 600 روپے سے بڑھا کر 650 روپے، ای 35 حسن ابدال حویلیاں مانسہرہ پر گاڑیوں کے لیے ٹول 250 روپے سے بڑھا کر 300 روپے کر دیا گیا، بڑی گاڑیوں کے لیے ان موٹرویز پر ٹول ریٹ 850 روپے سے 5 ہزار 750 روپے تک مقرر کیا گیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 47

کھیچہ سے لوڈر گاڑی میں اسپتال منتقل کیا گیا۔ نامعلوم ملزمان فائرنگ کر کے موقع سے فرار ہو گئے جب کہ فائرنگ سے زخمی ہونے والا ایک شخص جاں بحق ہو گیا جب کہ دوسرے زخمی کو طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ پولیس حکام نے کہا کہ ابتدائی تحقیقات کے مطابق واقعہ ذاتی رنجش کی وجہ سے پیش آیا، وقوعہ کے متعلق مزید تفتیش جاری ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان کی گرفتاری کے لئے پولیس ٹیمیں سرچ آپریشن کر رہی ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 48

نفرت اور اشتعال انگیزی پیدا کرنے کے لیے وائرل کی، ملزم کا اقدام پیکا ایکٹ 2016 کے تحت قابل تعزیر جرم ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 49

کی بنا پر مخالفین نے فائرنگ کر کے مخالف فیضان عرف بھولا کو موت کے گھاٹ اتار دیا جبکہ تھانہ صدر کے علاقہ بسم اللہ گارڈن پنجتنی ٹاؤن میں معمولی جھگڑے پر مسلح افراد نے فائرنگ کر کے مخالف بلال اور خاتون خالدہ بی بی کو بری طرح زخمی کر دیا۔ جنہیں تشویشناک حالت میں ہسپتال لایا جا رہا تھا کہ بلال زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے زندگی کی بازی ہار گیا۔ جبکہ تھانہ ستیانہ کے علاقہ 76 گ ب کا رہائشی انیس موٹر سائیکل پر جا رہا تھا کہ جب وہ مسلم کمرشل بنک کے قریب پہنچا تو اس کا تعاقب میں آنیوالے نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے گولیاں مار کر انیس کو موت کے گھاٹ اتار دیا' حملہ آور ہوائی فائرنگ اور دھمکیاں دیتے ہوئے فرار ہو گئے۔ تھانہ مرید والا کے علاقہ 486 گ ب میں گھریلو جھگڑے پر دیور عدنان نے فائرنگ کر کے بھابھی عروج بی بی کو قتل کر دیا، ملزمان ہوائی فائرنگ کرتے ہوئے موقع سے فرار ہو گئے۔ علاوہ ازیں فائرنگ کے دیگر واقعات میں ڈھڈی والا میں ملزم شہباز پسٹل چیک کر رہا تھا کہ اچانک گولی چل جانے سے سامنے بیٹھے راحیل کو گولی لگنے سے بری طرح زخمی ہو گیا۔ جبکہ ملزمان کی طرف سے کی جانے والی فائرنگ کے دوران گولی لگنے سے ثمینہ بی بی زخمی ہو گئی

### بقیہ بقیہ جات 50

چکی ہے اور آنے والے دنوں میں قلت مزید بڑھنے کا خدشہ ہے۔ دوسری جانب نئی نہروں کے معاملے پر سندھ اور پنجاب کے درمیان تنازعہ عروج پر ہے۔ گرین پاکستان انیشیٹو کے تحت ملک بھر میں 48 لاکھ ایکڑ بنجر اراضی کو قابل کاشت بنایا جائے گا جس کے لئے دریائے سندھ سے 6 نہریں نکالی جائیں گی، ابتدائی طور ارسا نے گریٹر تھل منصوبے کیلئے پنجاب حکومت کو این او سی بھی جاری کر دیا۔ پنجاب حکومت نے ارسا کو آگاہ کر دیا کہ وہ اپنے ترقیاتی بجٹ سے گریٹر تھل منصوبہ مکمل کرنا چاہتی ہے اور گریٹر تھل کینال کیلئے ساڑھے 8 ہزار کیوسک اپنے حصے کے پانی سے دے گی جبکہ صوبہ سندھ کو خدشہ ہے کہ نئی نہریں بننے سے اس کے حصے کا پانی کم ہو جائے گا اس لئے وہ مشترکہ مفادات کونسل کا اجلاس بلانے کا مطالبہ کر رہا ہے۔ ارسا کی ٹیکنیکل کمیٹی منگل کو خریف سیزن کیلئے دستیاب پانی کا تخمینہ دے گی جبکہ بدھ کے روز ایڈوائزری کمیٹی پانی کی تقسیم کی منظوری دے گی۔ آبی ماہرین کے مطابق پانی کی شدید قلت اور نئی نہروں پر صوبوں کے درمیان تنازعہ کے باعث ارسا کمیٹیوں کے اجلاس ہنگامہ خیز ہو سکتے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 51

اسلامی سرکل ڈیفنس چندریگر روڈ پر افطار ڈنر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ جنگ کے 17 ماہ گزرنے کے باوجود فلسطینی ماؤں، بہنوں اور نوجوانوں کے حوصلے پست نہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دنیا کی کوئی بھی طاقت اور اسلحہ فلسطینی مسلمانوں کے جذبے کو شکست نہیں دے سکتا۔ جماعت اسلامی روز اول سے ہی فلسطینی مسلمانوں کیساتھ اظہار یکجہتی کیلئے ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور فلسطین کی آزادی تک ان سپورٹ کرتی رہے گی۔

### بقیہ بقیہ جات 52

تمام ایئر پورٹس پر اسمگلنگ کی روک تھام کا عمل جاری ہے۔ ترجمان کسٹمز کے مطابق کسٹمز حکام نے علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر بینکاک سے آنے والی غیر ملکی ایئر لائنز کی پرواز سے آنے والے مسافر سے کروڑوں روپے مالیت کے 102 آئی فونز برآمد کر لیے۔

### بقیہ بقیہ جات 53

کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اطلاع ملتے ہی پولیس اور فرانزک ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور شواہد اکٹھے کرنے کے بعد لاش کو مردہ خانے منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 54

قومی اسمبلی و سابق وفاقی وزیر تعلیم سینئر سیاستدان سید فخر امام شاہ، سابق وفاقی وزیر مذہبی امور علامہ سید حامد سعید کاظمی، اور نعیم اقبال نعیم نے کہا ہے کہ قائداعظم 20 ویں صدی کے عظیم قائدین میں شامل ہیں ان کے بتائے ہوئے اصولوں پر عمل کی ضرورت ہے قائداعظم وہ عظیم رہنما ہیں جنہوں نے براعظم ایشیاء کا جغرافیہ بدلا اور ہمیں پاکستان عطا کیا قائداعظم نے برصغیر کے مسلمانوں کو علیحدہ وطن دیا ہمیں متحد ہو کر قائداعظم کی تعلیمات پر قائم رہنے کے عزم کا اعادہ کرنا ہے قوم کو ترقی کیلئے اتحاد، ایمان اور نظم وضبط کے اصولوں پر عمل پیرا ہونا ہے بدقسمتی سے پاکستان کو قائداعظم جیسا لیڈر ان کے بعد نہیں ملا دو قومی نظریہ ہی قیام پاکستان کا پیش خیمہ تھا پاکستان قائداعظم کے تصور کے مطابق ترقی کی راہ پر گامزن ہونا چاہیے، قائداعظم کا فرمان سچ ثابت ہوا کہ انتہاپسند ہندو مسلمان اقلیت کو عزت واحترام سے نہیں رہنے دیں گے ا?ج وہاں لوگوں کی زندگی اجیرن ہے ہمیں ترقی یافتہ ممالک کی صف میں ا?نے کے لیے جدید تعلیم کو عام کرنا ہوگا اور ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھانا ہوگا کیا وجہ ہے کہ پاکستان کے بعد ا?زاد ہونے والی ریاستیں ا?ج دنیا کی کامیاب معاشی اور معاشرتی طاقتیں ہیں ہمیں دیانتدار قیادت کو ا?گے لانے کے ساتھ ساتھ خود بھی پاکستان کی تعمیر وترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا نئی نسل کو چاہئے کہ قائداعظم کو اپنا رول ماڈل بنائیں ان کی تعلیمات اور فرمودات کو اپناتے ہوئے ان پر عمل پیرا ہوں قائداعظم ایک سچے اور کھرے لیڈر تھے جنہوں نے ہمیں اس آزاد مملکت کا تحفہ دیا اس موقع پر سابق ڈائریکٹر کالجز وصدر نظریہ پاکستان فورم ملتان پروفیسر ڈاکٹر حمید رضا صدیقی، رجسٹرار ویمن ڈاکٹر میمونہ یاسمین خان، ڈاکٹر مرید حسین ملک، مخدوم شعیب اکمل قریشی ہاشمی اور دیگر موجود تھے بعد ازاں مہمانان گرامی میں سلام پاکستان ایوارڈز آف آنرز پیش کیے گئے۔

## اعلان لاتعلقی

ہم اپنے بھتیجگان نصر اللہ، سیف اللہ، ثناء اللہ، دانش پسران فتح محمد ذات و نیس سکنائے سالم تحصیل بھلوال سے بوجہ نافرمانی غلط چال چلن اور غلط حرکات کی وجہ سے اعلان لاتعلقی کرتے ہیں۔ ہم ان کے کسی قول و فعل یا لین دین کے کسی قسم کے ذمہ دار نہ ہونگے۔ ہم نے مکمل طور پر ان سے لاتعلقی کر دی ہے۔ گھر بار علیحدہ علیحدہ ہیں۔ ہمارا ان سے کسی قسم کا کوئی رابطہ وغیرہ نہ ہے اور ہم نے ان سے علیحدگی اختیار کر لی ہے اور لاتعلق ہو چکے ہیں۔

المشتہر: خان محمد، محمد اکرم، عمر حیات، محمد سلطان پسران احمد خان اقوام و نیس سکنائے سالم تحصیل بھلوال ضلع سرگودھا۔

### بقیہ بقیہ جات 55

کے نام سے ہوئی ملت ٹاؤن پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاشوں کو تحویل میں لے لیا۔ ریسکیو نے لاشوں کو ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا۔

### بقیہ بقیہ جات 56

ہے، اور کیا ہم قیام پاکستان کے مقصد کے مطابق اپنا کردار ادا کر رہے ہیں، آج کا دن تجدید عہد کا دن ہے کہ ہر پاکستانی نے وطن عزیز کو ترقی وخوشحالی کی شاہراہ پر گامزن کرنے، ملک سے دہشت گردی و فرقہ واریت کے خاتمے اور حقیقی امن کے فروغ کیلئے اپنی تمام تر توانائیوں کو بروئے کار لانا ہے، انکا مزید کہنا تھا کہ آج کے دن ہم قیام پاکستان کیلئے خدمات سرانجام دینے والی تمام عظیم شخصیات کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں اور تمام شہدائے پاکستان کیلئے دعاگو ہیں، تقریب میں صاحبزادہ محمد طاہر نقشبندی، پیر سید احمد ندیم شاہ، پیر سید عدنان اکرم، پیر افتخار نقشبندی، مرزا احسان نقشبندی، پیر محمد عاصم نقشبندی و دیگر نے بھی خطاب کیا، اختتام پر ملکی سلامتی اور ترقی وخوشحالی کیلئے خصوصی دعائیں کی بھی مانگی گئیں۔

### بقیہ بقیہ جات 57

تو عدالت کچھ کر سکتی تھی۔ مناسب ہوگا اس نئے گراؤنڈ پر ہائی کورٹ سے رجوع کریں۔ ملزمہ کو شوہر کے ہمراہ سعودی عرب جاتے ہوئے اسلام آباد ایئرپورٹ سے گرفتار کیا گیا تھا۔

### بقیہ بقیہ جات 58

منشیات بحالی مراکز پراجیکٹ کیلئے حاصل کی گئی تھیں۔ محکمہ سماجی بہبود نے بحالی مراکز کیلئے 182 ملازمین کی پراجیکٹ میں 2 بار توسیع بھی کی تھی، بحالی مراکز پراجیکٹ کے لئے بھرتی 182 ملازمین کا دورانیہ 30 جون کو ختم ہو جائے گا۔

### بقیہ بقیہ جات 59

کر ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوم پاکستان اور شجر کاری مہم کے سلسلہ میں منعقدہ پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر کارکنان کی کثیر تعداد موجود تھی۔ ملک سیف الملوک کھوکھر نے کہا کہ پارٹی کا ہر کارکن اس کا اعتراف کرتا ہے کہ پارٹی آج جس مقام پر ہے یہ ہمارے قائد نواز شریف کی قائدانہ صلاحیتوں کی بدولت ہے جبکہ ساری قوم معترف ہے کہ پاکستان میں جتنی بھی ترقی ہوئی ہے وہ مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف کی قیادت میں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کلائمیٹ چینج سے متاثرہ ممالک میں شامل ہے جس کے لئے مسلم لیگ (ن) کی حکومت بھرپور اقدامات کر رہی ہے

### بقیہ بقیہ جات 60

پی ایسٹ، ڈائریکٹر ایف آئی اے و دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ عدالت نے درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے سماعت عید کی تعطیلات کے بعد تک ملتوی کر دی۔ واضح رہے کہ 20 مارچ کو نجی چینل کے سابق ڈائریکٹر نیوز فرحان ملک کو ایف آئی اے سائبر کرائم کراچی نے پیکا آرڈیننس کے تحت گرفتار کر لیا تھا، ان کے خلاف گزشتہ 3 ماہ سے یہ انکوائری جاری تھی۔ جمعرات 20 مارچ کو انہیں ایف آئی اے سائبر کرائم کراچی میں بیان دینے کے لیے طلب کیا گیا تھا بعد ازاں ڈائریکٹر سائبر کرائم کے احکامات پر سب انسپکٹر ذیشان نے مقدمہ نمبر 25/25 درج کر کے انہیں باضابطہ طور پر گرفتار کر لیا۔ 21 مارچ کو عدالت نے ایف آئی اے کی درخواست پر فرحان ملک کا 4 روزہ جسمانی ریمانڈ دیا۔

### بقیہ بقیہ جات 61

و نمازیوں کو پریشان کر رہی ہیں"۔ امام مسجد نے کہا کہ کچھ خواتین نے "مسجد کے اندر گپ شپ کی اور نامناسب گفتگو کا تبادلہ کیا۔ ان میں سے کئی چھوٹے بچوں کے ساتھ مسجد میں داخل ہوئیں، جنہوں نے شور مچایا اور نمازیوں کی عبادت میں خلل پڑا، اس کی وجہ سے انہیں یہ عارضی فیصلہ کرنے پر مجبور کیا۔

### بقیہ بقیہ جات 62

مذاکرے، مشاعرے اور دیگر تقریبات منعقد ہوں گی جس میں قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو کی جمہوریت اور ملک و قوم کیلئے خدمات پر تفصیل سے روشنی ڈالی جائے گی اخبارات خصوصی ایڈیشن شائع کریں گے جبکہ نجی ٹی وی چینلز سے بھی خصوصی پروگرام نشر کیے جائیں گے جس میں سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کی ملک وقوم کیلئے پیش کی گئی خدمات کو اجاگر کیا جائے گا۔

### بقیہ بقیہ جات 63

اہم مقصد پابندیوں کو ہٹانا ہے۔ انہوں نے "ایران نے ہمیشہ جنگ سے گریز کیا ہے اور اس کا خواہاں نہیں ہے لیکن ساتھ ہی اس بات پر زور دیا کہ وہ اس کے لیے تیار ہے اور اس سے خوفزدہ نہیں ہے۔ عراقچی نے حال ہی میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے عمان کے راستے تہران کو بھیجے گئے پیغام کو اس کے جوہری پروگرام سے زیادہ خطرہ قرار دیا۔

### بقیہ بقیہ جات 64

خلاف کاروائی کرنے پر وکیل نے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ چوکی پر حملہ کیا، پی ٹی آئی رہنما ضمیر جھیڈو نے ساتھیوں کے ہمراہ پولیس چوکی پر دھاوا بول دیا۔ ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق مزاحمت کرنے والے 7 ناجائز قابضین کو موقع سے گرفتار کیا گیا، پولیس نے ضمیر جھیڈو، وقاص کاہلوں سمیت مزاحمت کرنے والے 7 افراد کو گرفتار کیا، ان کا کہنا تھا کہ ضمیر جھیڈو اور ساتھیوں نے اسلحہ کا بھی آزادانہ استعمال کیا۔

### بقیہ بقیہ جات 65

نے گھریلو جھگڑے پر دلبرداشتہ ہو کر خود کو گولی مار لی جس سے وہ شدید زخمی ہو گیا۔ تنویر کو شدید زخمی حالت میں ہسپتال منتقل کیا گیا مگر وہ جانبر نہ ہو سکا۔ پولیس کی ضروری کارروائی کے بعد لاش کو مردہ خانے منتقل کر دیا گیا۔

## اطلاع عام

از دفتر ایس ڈی او اپریشن سب ڈویژن سٹیلائٹ ٹاؤن فیسکو جھنگ

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی محمد اقبال ولد محمد رمضان سکنہ چراغ آباد جھنگ نے دفتر ہذا میں ایک درخواست نمبری 13318100607 مورخہ 19-03-2025 گزاری ہے کہ میرے مکان پر سنگل فیز بجلی میٹر جس کا حوالہ اکاؤنٹ نمبری 133180471207-10 جو کہ ظفر اقبال ولد سردار بخش سکنہ چراغ آباد کے نام پر چل رہا ہے اب یہ کنکشن محمد اقبال ولد محمد رمضان اپنے نام تبدیل کروانا چاہتا ہے اگر اس نام تبدیلی میں کسی کو کسی قسم کا کوئی عذر و اعتراض وغیرہ ہے تو سات یوم کے اندر دفتر ہذا میں پیش ہو کر تحریری بیان دیں۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

### بقیہ بقیہ جات 66

کی کوشش کی۔ چیئرپرسن نے سکول انتظامیہ کو سخت ہدایات دیں کہ تعلیم کے معیار کو بہتر بنایا جائے تاکہ زیادہ تعداد میں بچے سرکاری سکولوں میں تعلیم حاصل کرنے کے لیے آ سکیں۔ اس موقع پر بریگیڈیئر بابر کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف پنجاب میں تعلیم کے حوالے سے مثالی اقدامات کر رہی ہیں۔ بریگیڈیئر بابر نے سکولوں کے مسائل سنے اور متعلقہ حکام سے ان کے حل کے حوالے سے اقدامات اٹھانے کی یقین دہانی کرائی۔

### بقیہ بقیہ جات 67

میں ہے۔ آئی جی خیبر پختونخوا کے خط میں مزید کہا گیا کہ بلوچستان میں پولیس افسران اور اہلکاروں کو زیادہ مالی مراعات دی جاتی ہیں۔ پولیس کی تنخواہیں بلوچستان پولیس کے برابر کی جائیں۔ تنخواہوں میں واضح فرق پولیس میں عدم اطمینان پیدا کر رہا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 68

نے کرمنل مجسٹریٹ کورٹ کے فیصلے کو ملک کی جمہوریت پر داغ قرار دیا۔ انہوں نے کہا ہم مل کر اپنی جمہوریت سے اس داغ کو مٹا دیں گے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ آج ترکیہ کو دھوکہ دیا گیا ہے۔ میرا مقدمہ غیر منصفانہ تھا۔ اوغلو نے زور دیا کہ وہ پیچھے نہیں ہٹیں گے اور نہ ہی دباؤ کے سامنے جھکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میں ثابت قدم اور مضبوط رہوں گا اور جھکوں گا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ جن لوگوں نے اس عمل کو منظم کیا ہے ان کا محاسبہ کیا جائے گا۔

### بقیہ بقیہ جات 69

فروغ، ماحولیاتی آگاہی کو بڑھانے اور شجر کاری کی سرگرمیوں کو ریکارڈ کر کے شیئر کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ جس کے تحت یونیورسٹی میں مختلف اقسام انار، آڑو، آلو بخارا، امرود، خوبانی، لیموں، کنو، دھریک، بکائن، لوکاٹ، ناشپاتی و دیگر 520 پودے لگائے گے۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ مذکورہ شجر کاری کو جیو ٹیگ کر کے 'پلانٹ فار پاکستان' پورٹل پر اپلوڈ بھی کیا گیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 70

بارہ بنانے کے لیے وقت خریدنے کی کوشش کر رہی ہے اور یہ حماس کا صرف مذاکراتی حربہ نہیں بلکہ اس کی ایک حکمت عملی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ غزہ میں فوجی آپریشن کو وسعت دینا یرغمالیوں کی آزادی کا باعث بنے گا۔

### بقیہ بقیہ جات 71

بلوچستان قومی کانفرنس کی میزبانی کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ریاستی بے تدبیری سے حالات مزید خراب ہو رہے ہیں، جبکہ سانحہ جعفر ایکسپریس نے صورتحال کو مزید عیاں کر دیا ہے۔ لیاقت بلوچ نے حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اس نے چینی مافیا کو 53 ارب روپے سے نوازا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 72

اور کراچی کے لیے بولان میل تاحال بحال نہیں ہو سکی۔ ٹرین سروس کی معطلی کے باعث مسافروں کو مشکلات اور پریشانی کا سامنا ہے۔ حکام کے مطابق اندرون ملک کے لیے ٹرین سروس سیکیورٹی کلیئرنس کے بعد بحال کی جائے گی۔ یاد رہے کہ صوبے کے ضلع کچھی میں 11 مارچ کو جعفر ایکسپریس پر حملے کے بعد سے ٹرین سروس معطل ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 73

اعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر محکمہ وائلڈ لائف نے دریائے سندھ سے ملحق دریا خان بھکر میں کومبنگ آپریشن کیا۔ محکمہ وائلڈ لائف پنجاب کی ٹیم کو دیکھتے ہی شکاری اپنا سامان چھوڑ کر فرار ہو گئے۔ ترجمان نے بتایا ہے کہ غیر قانونی طور پر کونج کے شکار کرنے پر کارروائی عمل میں لائی گئی ہے، وائلڈ لائف ایکٹ کے مطابق کونج ایک تحفظ شدہ جنگلی حیات ہے۔ چھاپہ مار ٹیم نے شکار کے لیے بنائے گئے ٹھکانے کو آگ لگا دی اور شکار کا مکمل سامان ضبط کر لیا۔ کارروائی کے دوران محکمے نے 8 کونجیں برآمد کیں، ان کونجوں کو سائبیریا ہجرت کرنے والی دیگر کونجوں کے شکار میں استعمال کیا جا رہا تھا۔ اس کارروائی کے بعد 3 ملزمان کے خلاف مقدمے کا اندراج کیا گیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 74

دہانیاں کروائی ہوں کی جبکہ صوبوں کو گندم کی خریداری میں مداخلت سے روکنے کی شرط عائد کی گئی ہے۔ آئی ایم ایف نے کلائمیٹ فنانس کو فنڈ سہولت میں شامل کرنے پر آمادگی ظاہر کر دی، ریزیلینس اینڈ سسٹینیبلٹی فیسلٹی کے تحت کلائمیٹ فنانس کی پیشکش کی جائے گی۔

### بقیہ بقیہ جات 75

ہدایت کی کہ بانی پی ٹی آئی کی بچوں سے ملاقات کے لیے ٹرائل کورٹ کو درخواست دیں۔ بانی پی ٹی آئی کی جیل ملاقاتوں سے متعلق درخواستوں پر لارجر بینچ میں سماعت ہوئی۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر، جسٹس ارباب محمد طاہر اور جسٹس محمد اعظم پر مشتمل لارجر بینچ نے سماعت کی۔ ظہیر عباس نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ منگل اور جمعرات کو بانی پی ٹی آئی کی جیل میں ملاقاتیں کرانے کا طے ہے، منگل کو فیملی اور وکلا جبکہ جمعرات کو دوستوں کی ملاقات کرائی جاتی ہے۔ ایس او پیز کے مطابق ہم جیل حکام کو درخوست دے رہے ہیں، 20 مارچ کو بھی ہماری ایس او پیز کے مطابق ملاقات نہیں کروائی گئی۔ قائم مقام چیف جسٹس نے کہا کہ چھوٹی سی بات ہے انٹرا کورٹ اپیل میں یہ معاملہ طے ہو چکا ہے۔ وکیل سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ ایس او پیز کے مطابق ہماری جمعرات کی ملاقات نہیں کروائی جا رہی۔

### بقیہ بقیہ جات 76

7 مقدمات میں بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانت میں 5 مئی تک توسیع کر دی۔ اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی کی عدالت میں بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی 26 نومبر کے احتجاج سے متعلق کیس میں ضمانت کی درخواستوں پر جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے سماعت کی۔ عدالت نے 7 مقدمات میں بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانت میں 5 مئی تک توسیع کر دی۔

## بعدالت جناب مہر احسن شہزاد ہرل
## تحصیلدار/ ریونیو آفیسر تحصیل آفس
## بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع سالم
متوفی راؤ محمد یونس ولد محمد رفیق

وارثان محمد رفیق والد، رفیقن والدہ، زندہ روبینہ بیوہ، راؤ محمد تنویر، توصیف احمد، محمد عدیل، محمد وسیم، راؤ محمد نبیل یونس پسران، شازیہ کوثر، فوزیہ اختر دختران متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائیگا۔ دستخط و مہر عدالت ہذا سے جاری ہوا۔

## بعدالت جناب مہر احسن شہزاد ہرل
## صاحب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ
## تحصیل آفس بھلوال

درخواست برائے تصدیق وراثت موضع چک نمبر 8 شمالی
متوفی نصر اللہ خان ولد عبداللہ خان

وارثان صغراں بی بی والدہ متوفی پہلے فوت شدہ۔ زندہ عبداللہ خان والد، فوزیہ ایوب بیوہ، محمد اریان خان، محمد حسیب، محمد منیب پسران، علیشہ ناصر دختر متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائیگا۔ دستخط و مہر عدالت ہذا سے جاری ہوا۔

# اسلام آباد: ضلع کچہری کے باہر فائرنگ، ایک شخص جاں بحق

### موٹر سائیکل پر سوار 3 لوگوں نے پیشی پر آئے لوگوں پر فائرنگ کی، فائرنگ کے نتیجے میں 2 لوگ زخمی ہوگئے، ملزم فرار

### ایمبولینس نہ ہونے کیوجہ سے ضلع کچہری کے باہر فائرنگ سے زخمی ہونے والے شہریوں کو لوڈر گاڑی میں اسپتال منتقل کیا گیا: ذرائع

اسلام آباد (ویب ڈیسک) حکام کی جانب سے سخت سیکیورٹی کے دعوں کے باوجود ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد میں نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کرکے 2 لوگوں کو شدید زخمی کردیا اور فرار ہوگئے۔ رپورٹ کے مطابق موٹر سائیکل پر سوار 3 لوگوں نے پیشی پر آئے لوگوں پر فائرنگ کی، فائرنگ کے نتیجے میں 2 لوگ زخمی ہوگئے۔ سخت سیکورٹی کے دعوں کے باوجود ضلع کچہری کے باہر فائرنگ سے زخمیوں کو ایمبولینس نہ ہونے کیوجہ سے لوڈر گاڑی میں اسپتال منتقل کیا گیا۔ نامعلوم ملزمان فائرنگ کر کے موقع سے فرار ہوگئے جب کہ فائرنگ سے زخمی ہونے والا ایک شخص جاں بحق ہوگیا جب کہ دوسرے زخمی کو طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔ پولیس حکام نے کہا کہ ابتدائی تحقیقات کے مطابق واقعہ ذاتی رنجش کی وجہ سے پیش آیا، وقوعہ کے متعلق مزید تفتیش جاری ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر47)

لاہور: سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو نبیل جاوید ڈیجیٹلائزیشن بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## ارسا کی ٹیکنیکل، ایڈوائزری کمیٹی کے اجلاس شیڈول

### ٹیکنیکل کمیٹی خریف سیزن کیلئے دستیاب پانی کا تخمینہ، ایڈوائزری کمیٹی پانی کی تقسیم کی منظوری دے گی

### پانی کی شدید قلت، نئی نہروں پر صوبوں کے درمیان تنازعہ کے باعث اجلاس ہنگامہ خیز ہونے کا امکان

لاہور (این این آئی) خریف سیزن کیلئے پانی کے تخمینے اور دستیابی کے حوالے سے ارسا کی ٹیکنیکل اور ایڈوائزری کمیٹی کے اجلاس آج (منگل) اور کل (بدھ) کو ہوں گے۔ ارسا کمیٹیوں کے اجلاس ایسے وقت ہو رہے ہیں جب پانی کی قلت انتہائی شدید اور نئی نہروں کے معاملے پر صوبہ پنجاب اور سندھ ایک دوسرے کے سامنے کھڑے ہیں۔ خشک سالی، آبی ذخائر کی گرتی سطح اور پانی کی بڑھتی قلت بڑے چیلنج بن گے۔ ربیع سیزن میں سندھ اور پنجاب کیلئے پانی کی قلت کا ابتدائی تخمینہ 16 سے 20 فیصد تھا۔ ارسا کے مطابق ڈیم ڈیڈ لیول پر پہنچنے کے باعث ربیع سیزن کے باقی دنوں میں پانی کی قلت 35 فیصد تک پہنچ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر50)

### بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤ الدین کا سوہدرہ/ وزیر آباد میں مختلف سکولوں کا دورہ

لاہور (این این آئی) چیئر پرسن وزیر اعلیٰ پنجاب انسپکشن، سرویلنس و مانیٹرنگ ڈائریکٹوریٹ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤ الدین ستارہ امتیاز ملٹری نے سوہدرہ/ وزیر آباد کا دورہ کیا۔ چیئر پرسن وزیر اعلیٰ ڈائریکٹوریٹ نے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی گجرانوالہ ڈاکٹر عطیہ ملک کے ہمراہ وزیر آباد اور سوہدرہ کے مختلف اسکول وزٹ کیے۔ وزٹ کے دوران اساتذہ اور بچوں کے ساتھ گفتگو کی اور ان کو درپیش مسائل کے بارے میں جاننے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر66)

## بیرون ملک ہیروئن اسمگل کرنے والی حاملہ خاتون کی درخواست ضمانت خارج

### ہیروئن بھرے کیپسول ملزمہ کے پیٹ سے برآمد ہوئے تھے، اے این ایف

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے بیرون ملک ہیروئن اسمگل کرنے والی حاملہ خاتون کی درخواست ضمانت خارج کردی۔ سپریم کورٹ کے جسٹس سردار طارق مسعود نے درخواست ضمانت کی ساعت کی۔ پراسیکیوٹر اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے موقف اختیار کیا کہ ملزمہ سے 167 گرام ہیروئن برآمد ہوئی۔ ہیروئن بھرے کیپسول ملزمہ کے پیٹ سے برآمد ہوئے تھے۔ ہائی کورٹ میں درخواست ضمانت واپس لے لی گئی تھی۔ جسٹس سردار طارق مسعود نے استفسار کیا کہ جو نکتہ ہائی کورٹ میں نہیں اٹھایا تھا وہ سپریم کورٹ میں کیسے اٹھا سکتے؟ ہائی کورٹ میں اگر میرٹ پر فیصلہ ہوا ہوتا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر57)

### فیصل آباد میں دو موٹر سائیکلوں میں تصادم

### دونوں موٹر سائیکل سوار جاں بحق

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد میں دو موٹر سائیکلوں میں تصادم دونوں موٹر سائیکل سوار جاں بحق ہوگئے تفصیلات کے مطابق فیصل آباد: چک نمبر 197 ر۔ب بھاگناں والا سے ڈرائی پورٹ روڈ کے نزدیک 2 موٹر سائیکل آپس میں ٹکرا گئے۔ حادثہ میں دونوں موٹر سائیکل سوار جاں بحق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر55)

## تنظیم مشائخ عظام پاکستان کی یوم پاکستان پر خصوصی تقریب کا انعقاد

### صاحبزادہ پیر شبیر احمد صدیقی نے صدارت کی، کنونشن کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا، مفتی بلال نورانی نے کیا، ملکی سلامتی کے لئے خصوصی دعائیں

لاہور (خبرنگار) تنظیم مشائخ عظام پاکستان ضلع لاہور کے زیر اہتمام یوم پاکستان کی مناسبت سے استحکام پاکستان مشائخ کنونشن کا انعقاد کیا گیا، کنونشن کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا، مفتی بلال نورانی نے کیا جبکہ نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ والہ وسلم مرزا رضوان نے پیش کی، کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے تنظیم مشائخ عظام پاکستان کے مرکزی صدر صاحبزادہ پیر شبیر احمد صدیقی نے کہا کہ ہمیں سوچنا ہوگا کہ قیام پاکستان کا مقصد کیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر56)

پاکستان مشائخ کنونشن
شبیر احمد صدیقی

یوم پاکستان کی مناسبت سے استحکام پاکستان مشائخ کنونشن کا انعقاد کیا گیا

## 29 آئی پی پیز کے معاہدوں پر نظرثانی کیلئے بات چیت مکمل

### سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) اور 7 آئی پی پیز کی ٹیرف نظرثانی کی درخواست پر نیپرا میں سماعت ہوئی

### آئی پی پیز نے ابنارمل پرافٹ پر نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) سے تحقیقات کو بند کرنے کی درخواست کی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) معاہدوں پر نظرثانی کیلئے حکومت کی 29 انڈیپنڈنٹ پاور پروڈیوسرز (آئی پی پیز) کے ساتھ بات چیت مکمل ہوگئی ہے اور آئندہ ہفتوں میں مزید آئی پی پیز کے ساتھ بھی معاہدے ہونے کا امکان ہے۔ سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) اور 7 آئی پی پیز کی ٹیرف نظرثانی کی درخواست پر نیپرا میں سماعت ہوئی، آئی پی پیز نے ابنارمل پرافٹ پر نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) سے تحقیقات کو بند (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر34)

### تحریک پاکستان کے عظیم رہنما سر سیّد احمد خاں کی 127 ویں برسی 27 مارچ کو منائی جائے گی

مکوآنہ (این این آئی) تحریک پاکستان کے عظیم رہنما سر سیّد احمد خاں کی 127 ویں برسی 27 مارچ کو منائی جائے گی مسلم نشاط ثانیہ کے علمبردار سر سیّد احمد خاں 1817ء میں دہلی میں پیدا ہوئے وہ انیسویں صدی کے ایک عظیم رہبر تھے انہوں نے ہندوستانی مسلمانوں کو باعزت قوم بنانے کیلئے سخت جدوجہد کی سر سیّد احمد خاں کی پوری زندگی قوم کی خدمت کرتے گزری وہ ایک بلند پایہ مفکر، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر37)

لاہور: خواتین عیدالفطر کی مناسبت سے کریم بلاک مارکیٹ علامہ اقبال ٹاؤن میں خریداری کر رہی ہیں

## 63 افسران واہلکاران کو تعریفی اسناد، کیش انعامات سے نوازا گیا

### امید ہے کہ افسران واہلکاران آئندہ بھی بہترین پرفارمنس کا مظاہرہ کریں گے، عاصم افتخار کمبوہ

لاہور (این این آئی) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کی ہدایت پر بہترین کارکردگی کے حامل پولیس ملازمین کی حوصلہ افزائی کا سلسلہ جاری ہے۔ شہریوں کو خدمات کی فراہمی میں نمایاں کردار ادا کرنے والے افسران واہلکاران کو تعریفی اسناد اور کیش انعامات سے نوازا گیا۔ ایس ایس پی (ڈسپلن) نے انسپکٹر مدثر خان، سب انسپکٹر غلام رسول، اے ایس آئی محمد ذوالفقار، اے ایس آئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر38)

### بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤ الدین کا وزیر آباد کا دورہ، یوم پاکستان کے حوالے سے ''سائیکل ریس چیمپئن شپ'' کا افتتاح کیا

لاہور (این این آئی) چیئر پرسن وزیر اعلیٰ پنجاب انسپکشن، سرویلنس و مانیٹرنگ ڈائریکٹوریٹ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤ الدین نے وزیر آباد میں شہید نوید یونس کیئر سینٹر پٹھانوالی وزیر آباد کے زیر انتظام یوم پاکستان کے حوالے سے ''سائیکل ریس چیمپئن شپ'' کا افتتاح کیا اور بعد ازاں پوزیشن لینے والے بچوں میں ٹرافیاں اور نقد انعامات تقسیم کیے۔ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤ الدین نے تقریب سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر39)

### نشان حیدر اعزاز حاصل کرنے والے شیر دل جوان میجر محمد اکرم شہید کا 87 واں یوم پیدائش 4 اپریل کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) نشان حیدر اعزاز حاصل کرنے والے شیر دل جوان میجر محمد اکرم شہید کا 87 واں یوم پیدائش 4 اپریل کو منایا جائے گا اس سلسلے میں فیصل آباد سمیت ملک کے مختلف شہروں میں منعقدہ تقریبات میں میجر اکرم شہید کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ میجر محمد اکرم شہید 4 اپریل 1938 کو ضلع گجرات کے علاقہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر42)

## ٹرمپ کے قریبی سینیٹر کی بیجنگ میں چینی عہدیدار سے ملاقات

### چینی نائب وزیر اعظم ہی لائفنگ سے صحافیوں کے سامنے گرم جوشی سے تبادلہ خیال کیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے کٹر حامی، امریکی سینیٹر سٹیو ڈینس نے چینی نائب وزیر اعظم ہی لائفنگ سے صحافیوں کے سامنے گرم جوشی سے تبادلہ خیال کیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ ملاقات اس وقت ہوئی جب دونوں ملکوں کے درمیان تجارتی محصولات اور فینٹینیل کی غیر قانونی تجارت سے نمٹنے کے حوالے سے تناؤ بڑھ رہا ہے۔ چین کے نائب وزیر اعظم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر40)

## افغان حکام بچوں کو پاکستان داخل ہونے سے روکیں، ایف سی حکام

### آہنی باڑ پھاڑ کر غیر قانونی طور پر پاکستان میں داخل ہونیوالے 50 افغان بچے حکام کے حوالے

پشاور (این این آئی) فرنٹیئر کور کے حکام نے آہنی باڑ پھاڑ کر غیر قانونی طور پر پاکستان داخل ہونے والے 50 افغان بچوں اور بچیوں کو طورخم سرحد پر افغان حکام کے حوالے کردیا۔ ایف سی ذرائع کے مطابق طورخم سرحدی گزرگاہ کے قریب آہنی باڑ کو پھاڑ کر پاکستان میں 50 افغان بچے اور بچیاں داخل ہوگئی جنہیں پولیس نے حراست میں لیا۔ اور بعد میں قبائلی عمائدین کے استدعا پر انہیں افغان حکام (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر41)

لاہور: پاسکو کی مجوزہ نجکاری کے فیصلے کے خلاف ملازمین لاہور پریس کلب کے باہر احتجاج کر رہے ہیں

## نو پارکنگ سے گاڑی اٹھانے کی ویڈیو وائرل کرنے پر پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج

### دکان مالک نے ٹریفک پولیس کے خلاف عوام میں نفرت پیدا کرنے کیلئے ویڈیو وائرل کی، الزام

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں پیکا ایکٹ 2016 کے تحت دوسرا مقدمہ درج کرلیا گیا، مقدمہ ٹریفک وارڈن عمران سکندر کی مدعیت میں تھانہ کینٹ میں درج کیا گیا۔ مقدمہ پیکا ایکٹ 2016 کی دفعہ 21 کی سب سیکشن ون ڈی کے تحت درج کیا گیا۔ متن مقدمے کے اندراج کے مطابق ملزم نے رانگ پارکنگ پر کھڑی گاڑی کر اٹھانے کی ویڈیو بنائی، سوشل میڈیا پر وائرل کی، گاڑی کا قانون کے مطابق رانگ پارکنگ پر چالان ٹکٹ بھی جاری کی گئی۔ متن مقدمے میں بتایا گیا کہ گاڑی دکان کے باہر کھڑی تھی، دکان مالک نے ویڈیو بنائی، دکان مالک نے ٹریفک پولیس کے خلاف عوام میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر48)

## ویمن یونیورسٹی ملتان میں ایک روزہ سیمینار کا انعقاد

### قوم کو ترقی کیلئے اتحاد، ایمان اور نظم وضبط کے اصولوں پر عمل پیرا ہونا ہے، مقررین

ملتان (خبرنگار) ویمن یونیورسٹی ملتان میں ایک روزہ سیمینار منعقد ہوا جس کا عنوان ''قائداعظم اور دو قومی نظریہ'' تھا ترجمان کے مطابق سیمینار کی صدارت پرو وائس چانسلر ڈاکٹر کلثوم پراچہ نے کی سیمنار سے خطاب کرتے ہوئے پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر کلثوم پراچہ سابق سپیکر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر54)

## شاہدرہ، نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے 22 سالہ لڑکی قتل کردیا

### فائرنگ سے 22 سالہ تانیہ موقع پر جاں بحق ہوگئی، پولیس نے تحقیقات کا آغاز کردیا

لاہور (این این آئی) شاہدرہ کے علاقہ گڑوی محلہ میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے 22 سالہ لڑکی قتل کردیا اور فرار ہوگئے۔ بتایا گیا ہے کہ 22 سالہ تانیہ پر نامعلوم افراد نے فائرنگ کی جس سے وہ موقع پر ہی دم توڑ گئی۔ اطلاع ملتے ہی پولیس اور فرانزک ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور شواہد اکٹھے کرنے کے بعد لاش کو مردہ خانے منتقل کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر53)

## اسرائیلی چیف آف سٹاف کی غزہ میں آپریشن کو وسعت دینے کی سفارش

### غزہ میں فوجی آپریشن کو وسعت دینا یرغمالیوں کی آزادی کا باعث بنے گا، گفتگو

غزہ (این این آئی) غزہ کی پٹی میں 57 دن کے نسبتا سکون کے بعد اسرائیل نے جنگ بندی معاہدے کی مخالفت کرتے ہوئے اٹھارہ مارچ سے حملے دوبارہ شروع کردیے ہیں۔ اسرائیلی چیف آف سٹاف ایال زمیر نے سیاسی سطح سے فلسطینی پٹی میں فوجی آپریشن میں توسیع کی منظوری دینے کی سفارش کی ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق ایال زمیر نے کہا کہ حماس اپنی طاقت کو دو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر70)

## یکم اپریل سے ٹول ٹیکس میں رواں مالی سال چوتھی بار اضافے کا فیصلہ

### نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کی جانب سے آخری بار یہ اضافہ یکم جنوری کو کیا گیا تھا

مکوآنہ (این این آئی) ملک میں یکم اپریل سے ٹول ٹیکس میں رواں مالی سال چوتھی بار اضافے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) نے یکم اپریل سے قومی شاہراہوں اور موٹرویز پر ٹول ٹیکس میں ایک اور اضافے کا اعلان کیا ہے، رواں مالی سال کے دوران ٹول ٹیکس میں یہ چوتھا اضافہ ہے، آخری بار یہ اضافہ یکم جنوری کو کیا گیا تھا۔ این ایچ اے کا اپنی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر46)

## کرپٹ مافیا نے بابرکت مہینے کو بھی مشکل بنا دیا ہے' جاوید قصوری

### ملک میں انگریزوں کے قوانین نافذ ہیں' امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ رمضان المبارک بے پناہ اہمیت، برکات اور فضیلت کا مہینہ ہے جس میں نفل، فرض کے برابر اور ایک فرض ستر فرضوں کے برابر ہے، مگر حکمرانوں نے اس بابرکت مہینے کو بھی عوام کے لئے مشکل بنا دیا ہے، لوگوں کو ریلیف نام کی کوئی چیز میسر نہیں۔ ڈنگ ٹپاؤ اقدامات مایوسی کا باعث ہیں، مافیاز نے زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ انہوں نے روزے اور تقویٰ کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ تقویٰ قرآن پاک کا اہم ترین موضوع ہے۔ اللہ تعالیٰ نے بار بار مسلمانوں کو تقویٰ کی صفت پیدا کرنے کی ہدایت فرمائی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے احکامات کے مطابق گزارنا اور نبی اکرمؐ کے طریقہ کار کے مطابق گزارنا ہی ''تقویٰ'' ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر35)

## ایف آئی اے کی کارروائیاں، انسانی اسمگلنگ میں ملوث 4 ملزمان گرفتار

### ملزمان شہریوں سے ایک کروڑ 40 لاکھ 43 ہزار روپے بٹورنے میں ملوث ہیں

گوجرانوالہ (این این آئی) ایف آئی اے نے مختلف کارروائیاں کرتے ہوئے انسانی اسمگلنگ اور ویزا فراڈ میں ملوث 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان کے مطابق ایف آئی اے گوجرانوالہ نے سمبڑیال اور گوجرانوالہ میں کارروائی کرتے ہوئے انسانی اسمگلنگ اور ویزا فراڈ میں ملوث 4 ملزمان کو حراست میں لے لیا ہے۔ ملزمان میں سرفراز احمد عرف صفدر، عبدالرحمان، آصف حسین اور محمد افتخار شامل ہیں۔ ملزمان شہریوں سے ایک کروڑ 40 لاکھ 43 ہزار روپے بٹورنے میں ملوث ہیں۔ ایف آئی اے کے مطابق ملزمان سرفراز اور عبدالرحمان شہریوں کو سمندر کے راستے یورپ بھجوانے میں ملوث ہیں۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر36)

نارووال: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا سپیشل ایجوکیشن سنٹر میں طلباء وطالبات میں عید گفٹ تقسیم کر رہے ہیں

## حکومتِ پاکستان اسرائیل کے خلاف موثر سفارتی اقدامات کرے' جے یو آئی

### غزہ، مغربی کنارے میں زندگی مفلوج ہوچکی، یہ ظلم پوری انسانیت کے ماتھے پر ایک بدنما داغ ہے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ حکومتِ پاکستان اسرائیل کے خلاف موثر سفارتی اقدامات کرے، اسرائیل نے عالمی قوانین کی کھلم کھلا خلاف ورزی کرتے ہوئے نہتے فلسطینی عوام پر قیامت برپا کی، غزہ اور مغربی کنارے میں زندگی مفلوج ہوچکی یہ ظلم پوری انسانیت کے ماتھے پر ایک بدنما داغ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسرائیلی فوج کی مسلسل وحشیانہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر43)

## عازمین حج کیلئے مینجائٹس ویکسین لگوانا لازمی قرار، نئی اہم ہدایت جاری

### مینجائٹس ویکسین کے بغیر کسی کو بھی حج کی اجازت نہیں دی جائے گی' میڈیا رپورٹ

لاہور (این این آئی) سعودی حکومت نے عازمین حج کیلئے اہم ہدایت جاری کرتے ہوئے متعدی بیماریوں سے بچاؤ کیلئے مینجائٹس ویکسین لگوانا ضروری قرار دیا ہے، ویکسی نیشن سے ممکنہ وبائی خطرات کو کم کیا جائے گا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سعودی شہریوں اور غیر ملکیوں کیلئے مینجائٹس ویکسین کو لازمی قرار دیا گیا ہے۔ اس بار حج کرنے والے افراد کے حوالے سے سعودی حکام (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر44)

## ہم نے اپنے ماضی سے کوئی سبق حاصل نہیں کیا، محمد اعجاز چوہدری

### بیگم نصرت بھٹو کی عوامی جمہوری خدمات پیپلز پارٹی کی قیادت اور جیالوں کے لئے مشعل راہ ہے

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر محمد اعجاز چوہدری نے کہا کہ پچھلے 78 سالوں سے ہم نے اپنے ماضی سے کوئی سبق حاصل نہیں کیا ملک وقوم کے ساتھ وہ سچی وفاداری نہیں نبھائی جارہی جس کی بنیاد پر ہمارا ملک وجود میں آیا تھا 23 مارچ یوم پاکستان ہمیں اپنی کوتاہیوں اور نااہلیوں سے سبق سیکھنے کا درس دیتا ہے، پاکستانی قوم کو قیام پاکستان کے بعد سے آج تک نئے چیلنجز کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر45)

# اہل غزہ وفلسطین کے جذبہ سے ایک دن بیت المقدس ضرور آزاد ہوگا، ضیاء الدین انصاری

### اسرائیل ایک ناجائز ریاست ہے جسے پاکستانی کسی صورت قبول نہیں کریں گے، اس رمضان المبارک میں بھی فلسطین کے مسلمان اسرائیلی دہشت گردی کا شکار ہیں

### جماعت اسلامی روز اول سے ہی فلسطینی مسلمانوں کیساتھ اظہار یکجہتی کیلئے ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، امیر جماعت اسلامی لاہور کا ڈیفنس سرکل چندرائے روڈ پر افطار ڈنر تقریب سے خطاب

لاہور (خبرنگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ اہل غزہ و فلسطین کے جذبہ سے ہی ایک دن بیت المقدس ضرور آزاد ہوگا۔ اسرائیل ایک ناجائز ریاست ہے جسے پاکستانی کسی صورت قبول نہیں کریں گے۔ اس رمضان المبارک میں بھی فلسطین کے مسلمان اسرائیلی دہشت گردی کا شکار ہیں۔ رمضان المبارک کے آغاز سے ہی غزہ مسلمانوں کیلئے کھانے پینے کے امدادی سپلائی بند کردی گئی، فلسطین کے واحد کینسر ہسپتال کو بھی گذشتہ دنوں تباہ کردیا گیا۔ رمضان میں بھی کئی بار مسجد اقصیٰ پر صہیونیوں نے حملے کیے، گذشتہ تین دنوں میں ایک ہزار سے زائد فلسطینی شہید ہوچکے ہیں۔ مظلوم و نہتے فلسطینیوں کے پاس رہنے کا گھر بھی نہیں ہے۔ غزہ کی پٹی کا علاقہ مکمل تباہ ہوچکا ہے لیکن اہل غزہ کی آزادی کے جذبہ ایمانی ختم نہیں ہوا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر51)

لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ ڈیفنس سرکل چندرائے روڈ پر افطار ڈنر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

## کاہنہ، گھریلو جھگڑے پر نوجوان نے زندگی کا خاتمہ کرلیا

### 26 سالہ تنویر نے گھریلو جھگڑے پر دلبرداشتہ ہو کر خود کو گولی مار لی

لاہور (این این آئی) کاہنہ کے علاقے میں گھریلو جھگڑے پر نوجوان نے خود کو گولی مار کر زندگی کا خاتمہ کرلیا۔ بتایا گیا ہے کہ 26 سالہ تنویر نے گھریلو جھگڑے پر دلبرداشتہ ہو کر خود کو گولی مار لی جس سے وہ شدید زخمی ہوگیا۔ تنویر کو شدید زخمی حالت میں ہسپتال منتقل کیا گیا مگر وہ جانبر نہ ہوسکا۔ پولیس کی ضروری کارروائی کے بعد لاش کو مردہ خانے منتقل کردیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ 26 سالہ تنویر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر65)

### فیصل آباد، مخالفین کی فائرنگ سے 3 نوجوان اور دیور نے بھابھی کو موت کے گھاٹ اتار دیا

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد مختلف واقعات میں مخالفین کی فائرنگ سے 3 نوجوان اور دیور نے بھابھی کو موت کے گھاٹ اتار دیا، جبکہ گولیاں لگنے سے 6 خواتین سمیت چار شہری بری طرح زخمی ہوگئے، پولیس نے نعش قبضہ میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کرتے ہوئے قاتلوں کی تلاش شروع کر دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر کے علاقہ 209 رب میں عداوت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر49)

## امام اوگلو کی جیل منتقلی کے بعد استنبول میں زبردست احتجاجی مظاہرے

### میں ثابت قدم اور مضبوط رہوں گا، جھکوں گا نہیں، اوگلو کی حامیوں سے مظاہروں کی اپیل

استنبول (این این آئی) استنبول میں میئر اکرم امام اوگلو کو جیل منتقل کیے جانے کے بعد بڑے پیمانے پر مظاہرے دیکھنے میں آئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ان دوران سکیورٹی فورسز اور مظاہرین کے درمیان جھڑپیں بھی ہوئیں۔ دریں اثنا اکرم امام اوگلو نے ترکوں سے اپیل کی کہ وہ ان کی گرفتاری کے خلاف بڑے پیمانے پر مظاہرے کریں۔ اپنے اکاؤنٹ پر ایک ٹویٹ میں انہوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر68)

لاہور: شاہ عالم کے علاقے میں افطاری وقت ٹریفک جام کا منظر

### آئی جی پختونخوا کا کے پی کو ہارڈ ایریا قرار دینے اور پولیس کی تنخواہیں بلوچستان پولیس کے برابر کرنے کا مطالبہ

پشاور (این این آئی) آئی جی پولیس خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور کو خط ارسال کردیا۔ خط میں آئی جی نے وزیراعلیٰ کو صوبے کو ہارڈ ایریا قرار دینے کا مطالبہ کیا اور کہا کہ پولیس کی تنخواہیں بلوچستان پولیس کے برابر کی جائیں۔ خط کے متن کے مطابق کے پی اور بلوچستان اندرونی اور سرحدی دہشت گردی کے خطرات کا سامنا کر رہے ہیں، خیبر پختونخوا میں پولیسنگ اتنی ہی مشکل اور چیلنجنگ ہے جتنی بلوچستان میں ہے۔ آئی جی خیبر پختونخوا کے خط میں مزید کہا گیا کہ بلوچستان میں پولیس افسران اور اہلکاروں کو زیادہ مالی مراعات دی جاتی ہیں۔ پولیس کی تنخواہیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر67)

# لاہور: چوکی انڈسٹریل ایریا میں پولیس اور وکلاء کی جھڑپ

### وکلاء کی جھڑپ میں ممبر پنجاب بار کونسل ضمیر جھیڈو، ماڈل ٹاؤن بار کے نائب صدر اور انچارج چوکی انڈسٹریل ایریا زخمی ہوگئے

### پی ٹی آئی رہنما ضمیر جھیڈو نے ساتھیوں کے ہمراہ پولیس چوکی پر دھاوا بول دیا، ترجمان ڈی آئی جی آپریشن

لاہور (این این آئی) لاہور کے تھانہ کاہنہ کی چوکی انڈسٹریل ایریا میں پولیس اور وکلاء کی جھڑپ ہوئی ہے جس میں ممبر پنجاب بار کونسل ضمیر جھیڈو، ماڈل ٹاؤن بار کے نائب صدر اور انچارج چوکی انڈسٹریل ایریا زخمی ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق پولیس نے ماڈل ٹاؤن بار کے نائب صدر وقاص کاہلوں کو تحویل میں رکھ لیا، وکلاء برادری کی بڑی تعداد تھانہ کاہنہ کی چوکی انڈسٹریل ایریا کے باہر جمع ہوگئی۔ پولیس نے کہا کہ پولیس ناجائز قابضین کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر64)

لاہور: مسلم لیگ ن لاہور کے صدر سیف الملوک کھوکھر یوم پاکستان شجر کاری مہم کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

## پشاور' پراجیکٹ کے اختتام پر محکمہ سماجی بہبود کے 182 ملازمین فارغ

### اے ڈی پی پراجیکٹ کے ملازمین کو فارغ کرنے کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت نے پراجیکٹ کے اختتام پر محکمہ سماجی بہبود کے 182 ملازمین کو فارغ کردیا۔ محکمہ سماجی بہبود کی جانب سے اے ڈی پی پراجیکٹ کے ملازمین کو فارغ کرنے کا نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا، فارغ کئے گئے ملازمین کی خدمات 5 سال قبل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر58)

### سیف الملوک کھوکھر کا (ن) لیگ لاہور سیکرٹریٹ کی جدید طرز پر تعمیر نو، ذاتی حیثیت میں اخراجات برداشت کرنیکا اعلان

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر ملک سیف الملوک کھوکھر نے مسلم لیگ (ن) لاہور سیکرٹریٹ کی جدید طرز پر تعمیر نو اور ذاتی حیثیت میں تمام اخراجات برداشت کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسٹیٹ آف دی آرٹ عمارت میں ہر طرح کی سہولیات دستیاب ہوں گی، پاکستان مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ ملک وقوم کے مفاد کو ترجیح دی، ہماری قیادت نے اب بھی اپنی سیاست کی قربانی دے کر ریاست کو بچایا اور آج الحمد اللہ پاکستان ڈیفالٹ سے نکل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر59)

## کراچی' صحافی فرحان ملک کی درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری

### زیر حراست صحافی فرحان ملک نے عدالت میں مقدمہ خارج کرنے کی درخواست دائر کی تھی

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے صحافی فرحان ملک کی درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری کر دیے۔ کراچی میں جوڈیشل مجسٹریٹ شرقی کی عدالت میں زیر حراست صحافی فرحان ملک نے مقدمہ خارج کرنے کی درخواست دائر کی تھی۔ درخواست میں سندھ حکومت، ایس ایس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر60)

کراچی: موٹروے پولیس ساؤتھ زون کی کاروائی کے دوران برآمد کئے جانیوالا دس لاکھ مالیتی ممنوعہ گٹکا

### خواتین پر نماز تراویح میں شرکت پر پابندی، مراکش میں امام مسجد نے تنازعہ کھڑا کردیا

رباط (این این آئی) مراکش میں ایک مسجد کے امام کی جانب سے خواتین کی نماز تراویح پر پابندی کے متنازعہ فیصلے پر عوامی حلقوں میں سخت ردعمل سامنے آیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امام مسجد کا ایک ویڈیو کلپ سامنے آیا ہے، جس میں انہوں نے دعویٰ کیا کہ امام مسجد غصے میں نظر آئے۔ یہ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی، جس میں خواتین سے کہا گیا کہ وہ دوبارہ مسجد میں نہ آئیں'' کیونکہ و(باقی صفحہ پر بقیہ نمبر61)

## امریکہ کے ساتھ مذاکرات سے انکار ہماری ضد نہیں بلکہ تجربہ ہے، ایران

### امریکی فریق کے ساتھ کسی بھی مذاکرات کا سب سے اہم مقصد پابندیوں کو ہٹانا ہے، وزیر خارجہ

تہران (این این آئی) خطے میں بڑھتی کشیدگی اور ایران کو امریکی انتخابات کے درمیان نئے جوہری معاہدے پر بات چیت کے مطالبے کے باوجود ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے زور دے کر کہا ہے کہ ان کا ملک امریکہ کے ساتھ اس وقت تک بات چیت نہیں کرسکتا جب تک کہ کچھ تبدیلیاں نہیں آتیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کو دیئے گئے ایک انٹرویو دیتے ہوئے مزید کہا کہ ''واشنگٹن کے ساتھ مذاکرات سے انکار ضد نہیں بلکہ تاریخ اور تجربے کا نتیجہ ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ 2015 کے جوہری معاہدے کو اس کی موجودہ شکل میں بحال نہیں کیا جا سکتا، لیکن اسے ایک ماڈل کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان کے ملک کی جوہری صورتحال میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے۔ عباس عراقچی کا کہنا تھا کہ امریکی فریق کے ساتھ کسی بھی مذاکرات کا سب سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر63)

### پاکستان پیپلز پارٹی کے بانی چیئرمین و سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کی 46 ویں برسی 4 اپریل کو منائی جائے گی

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے بانی چیئرمین و سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کی 46 ویں برسی 4 اپریل کو منائی جائے گی اس سلسلے میں فیصل آباد سمیت ملک بھر میں پیپلز پارٹی کے زیر اہتمام ذوالفقار علی بھٹو کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی اور اجتماعی فاتحہ خوانی کا اہتمام کیا جائے گا برسی کے موقع پر ملک بھر کے تمام چھوٹے بڑے شہروں میں سیمینارز، جلسے، جلوس، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر62)

لاہور: ایک محنت کش گھروں اور دفاتر کی صفائی کیلئے استعمال ہونے والی اشیاء کیساتھ سائیکل پر پھیری لگا رہا ہے

| | |
|---|---|
| چیف ایڈیٹر | میاں محمد فیاض |
| مینجنگ ایڈیٹر | صدف الطاف چوہدری |
| سینئر گروپ ایڈیٹر | ڈاکٹر محمد احسن محمود |
| ایڈیٹر | امداد اللہ قریشی |
| سینئر ڈپٹی ایڈیٹر | چوہدری عمران شوکت |
| ڈپٹی ایڈیٹر | محمد شہروز میاں |
| لیگل ایڈوائزر | وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ |

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور